س: انسانی سیل کے تین بڑے حصوں کے نام لکھیں؟
ج: سیل ممبرین، سائٹوپلازم، نیوکلیس۔

س: ایک گرین میں کتنے ملی گرام ہوتے ہیں؟ ج: 65 ملی گرام

س: ایک کلوگرام میں کتنے ملی گرام ہوتے ہیں؟ ج: 1000 ملی گرام

س: ایک لیٹر میں کتنے ملی لیٹر ہوتے ہیں؟ ج: 1000 ملی لیٹر

س: ایک پونڈ میں کتنے اونس ہوتے ہیں؟ ج: 16 اونس۔

س: SOS کس کے کیا معنی ہیں؟ ج: حسب ضرورت۔

س: ATD کس کا مخفف ہے۔
ج: ٹیسٹ کرنے کے بعد ٹیکہ لگائیں۔ (After Test Dose)

س: AC کے کیا معنی ہیں؟ ج: کھانے سے پہلے۔

س: PC کے کیا معنی ہیں؟ ج: کھانے کے بعد

س: AQ کے کیا معنی ہیں؟ ج: پانی

س: عدم تعویض Incompatibility کس کو کہا جاتا ہے؟
ج: اس سے مراد ادویات کا تضاد ہے۔

س: نسخے کی Transcription میں کیا تحریر ہوتا ہے؟
ج: مریض کیلئے ہدایات تحریر ہوتا ہے۔

س: مولیریٹی کس کو کہتے ہیں؟
ج: ایک لیٹر محلول میں منحل کے Moles کی تعداد۔

س: اینٹی سیپٹک سے کیا مراد ہے؟
ج: وہ اشیاء جو بیرونی استعمال سے جراثیم ہلاک کر دیں، اینٹی سیپٹک کہلاتی ہیں۔

س: پیتھوجن (Pathogen) سے کیا مراد ہے؟

Scanned by CamScanner

ج: وہ جراثیم جو جسم کے اندر جا کر مرض پیدا کریں پیتھوجن کہلاتے ہیں۔

س: کیموتھراپیوٹک ایجنٹ کون سے ہیں؟

ج: پنسلین گروپ، ٹیٹرا سائی کلین گروپ، سلفا گروپ، کلورم فینسی کال گروپ، سیفلو سپورین گروپ، اینٹی فنگس گروپ، اینٹی ملیریا گروپ۔

س: جگر کے کتنے لوب ہوتے ہیں؟ ج: جگر کے دو لوب ہوتے ہیں۔

س: بلڈ پریشر کی اقسام بتائیں؟

ج: سسٹالک (Systolic) اور ڈایاسٹالک (Dia Stolic) بلڈ پریشر۔

س: بلڈ پریشر بڑھ جانے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: بلڈ پریشر بڑھ جانے کو ہائپرٹینشن (Hypertension) کہا جاتا ہے۔

س: بلڈ پریشر کم ہونے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: بلڈ پریشر کم ہونے کو ہائپوٹینشن (Hypotention) کہا جاتا ہے۔

س: سی پی آر (CPR) سے کیا مراد ہے؟

ج: CPR سے مراد نظام تنفس اور دورانِ خون بحال کرنے کا عمل ہے۔

س: سی پی آر (CPR) کس کا مخفف ہے۔

ج: Cardio Pulmonary Resuscitation

س: سن سٹروک (لو لگنا) کی علامات کیا ہوتی ہیں؟

ج: 106F بخار، جلد خشک اور گرم، سر درد، دورے۔

س: زہر کے اخراج کے راستے بتائیں؟

ج: پسینہ کے ذریعے، قے کے ذریعے، پیشاب کے راستے، پاخانہ کے راستے، معدہ کو دھونے سے زہر خارج کیا جاتا ہے۔

س: بینڈیج کی اقسام بتائیں؟

ج: سادہ بینڈیج، تکونی پٹی، گول پٹی وغیرہ۔

س: سیپٹک (Septic) سے کیا مراد ہے؟

ج: جراثیم سے آلودہ چیز کو سیپٹک کہا جاتا ہے۔

س: اے سیپٹک (Aseptic) سے کیا مراد ہے؟

ج: جراثیم سے پاک حالت کو اے سیپٹک کہا جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

س: ٹی پی آر (TPR) سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد (Temprature Puls Rate) ہے۔

س: نمونیہ (Pneumonia) کے اسباب بیان کریں؟

ج: یہ مرض نیموکاکس، سٹرپٹوکاکسی، سٹیفلو کاکس، ہیموفوکس انفلوئنزا سے ہوتا ہے۔

س: پیچش کی وجوہات بیان کریں؟

ج: اس کی وجہ وائرس، بیکٹیریا، پیٹ کے کیڑے اور پیراسائٹ ہوتے ہیں۔

س: سٹریلائزیشن (Sterilization) سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد جراثیم کشی کا عمل ہے جس کے بہت سے طریقے ہیں۔

س: ملیریا پیراسائٹ پلازموڈیم کی اقسام بیان کریں؟

ج: پلازموڈیم وائی ویکس، پلازموڈیم فیلسی پرم، پلازموڈیم ملیریا، پلازموڈیم اوویل۔

س: لنی منٹ سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ ایملشن کی قسم ہے جو خارجی طور پر استعمال ہوتی ہے۔

س: فارماکولوجی سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ فارمیسی کی ایک شاخ ہے۔ جو اثرات کے بارے میں علم ہے۔

س: ایک اونس میں کتنے منم ہوتے ہیں۔

ج: ایک اونس میں 480 منم ہوتے ہیں۔

س: ایمیٹک ادویات کونسی ہوتی ہیں؟

ج: وہ ادویات جو قے لاسکتی ہوں۔

س: زہر سے کیا مراد ہے؟

ج: وہ چیز جو جسم میں داخل ہو کر خطرناک صورتحال پیدا کرے، اس سے موت بھی ہوسکتی ہے۔

س: زہر کے داخلے کے راستے کونسے ہیں؟

ج: سانس کے ذریعے، منہ کے ذریعے، زخم کے ذریعے، مقعد کے ذریعے، اندام نہانی کے ذریعے، آنکھ، ناک، کان کے ذریعے۔

س: ادویات کے استعمال کے راستے کون سے ہیں؟

ج: منہ کے ذریعے، انجکشن کے ذریعے، جلد کے ذریعے، مقعد کے ذریعے، اندام نہانی کے ذریعے، سانس کے ذریعے۔

س: لبلبہ کے افعال کیا ہے؟

Scanned by CamScanner

ج: لبلبہ انسولین پیدا کرتا ہے۔

س: HCV, HBV وائرس سے کون سی بیماری پھیلتی ہے۔

ج: ہیپاٹائٹس (یرقان) B+C

س: ایڈز کیسے پھیلتی ہے؟

ج: ایڈز زیادہ تر جنسی ملاپ، انتقالِ خون اور آلودہ سرنج سرجری کے آلات سے پھیلتی ہے۔

س: کن پیڑے کیا ہوتے ہیں؟

ج: یہ Myxo Virus سے ہوتے ہیں۔اس میں کان کے قریب کے غدود متورم ہو جاتے ہیں۔

س: لوشن سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ جسم پر بیرونی استعمال کی مائع دوا ہوتی ہے۔

س: انسیکٹی سائیڈ اور پیسٹی سائیڈ سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ وہ ادویات ہیں جو فصلوں کے کیڑے مارنے کے کام آتی ہیں۔

س: انزائم کیا ہوتے ہیں؟

ج: جسمانی غدود کے پیدا کردہ مادے جو نظام انہضام میں مدد کرتے ہیں۔

س: برونکوڈائی لیٹر ادویات کونسی ہوتی ہی؟

ج: یہ ادویات سانس کی نالیوں کو کھول دیتی ہیں۔مثلاً Amino Phylline

س: Hyper Tensive ادویات کونسی ہیں؟

ج: یہ ادویات کم بلڈ پریشر کو بڑھا کر نارمل کر دیتی ہیں۔

س: انجائنا (Angina) کا درد کیا ہے؟

ج: یہ دل کا درد ہے جو دل کو آکسیجن اور خون کی کمی کے باعث ہوتا ہے۔

س: Anti Hyper Tensive ادویات کونسی ہیں؟

ج: یہ ادویات بڑھے ہوئے بلڈ پریشر کو نارمل کرتی ہیں۔

س: بوجیز کیا ہوتی ہیں؟

ج: یہ پیشاب کی نالی میں رکاوٹ کو کھولنے کیلئے داخل کی جاتی ہیں۔

س: ایڈز (AIDS) کس کا مخفف ہے۔

ج: اس سے مراد Aquired Immno Deficiency Sandrom ہے۔

Scanned by CamScanner

س: خوراک کی نالی (Oesophagus) کتنی لمبی ہوتی ہے؟

ج: خوراک کی نالی 25-23 سینٹی میٹر 10-9 انچ لمبی ہوتی ہے۔

س: فارماکوپیا (Pharmacopia) کیا ہوتا ہے؟

ج: یہ وہ کتاب ہوتی ہے جس میں ادویات کی تیاری کے طریقے درج ہوتے ہیں۔

س: کوبرا کا زہر کس قدر خطرناک ہوتا ہے۔

ج: اس کے 12 ملی گرام زہر سے موت واقع ہوسکتی ہے۔ایک مرتبہ ڈسنے سے 200 سے 300 ملی گرام زہر جسم میں داخل ہوتا ہے۔

س: وائپر سانپ کا زہر کس قدر خطرناک ہوتا ہے؟

ج: اس کے 40 ملی گرام زہر سے موت ہوسکتی ہے۔ایک مرتبہ ڈسنے سے 150 سے 200 ملی گرام زہر جسم میں داخل ہوتا ہے۔

س: اے این ایس (ANS) سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد ہے: Autonomic Nervous System

س: انسکرپشن کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟

ج: اس کے حصے جز واعظم' امدادی دوا' کوری جینٹ' وہیکل۔

س: HIV وائرس سے کونسی بیماری پھیلتی ہے۔

ج: ایڈز (AIDS)-

س: Pergative ادویات کونسی ہیں؟

ج: یہ ادویات قبض کشا اور جلاب آور ہوتی ہیں۔

س: شوگر (ذیابیطس) کیا ہوتی ہے؟

ج: یہ لبلبہ کی خرابی کی حالت ہے جس میں خون کی شکر بڑھ جاتی ہے۔

س: Hyper Glycaemia سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد خون کی شکر کی مقدار کا بڑھ جانا ہے۔

س: Hypo Glycaemia سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد خون میں شکر کی مقدار کم ہو جانا ہے۔

س: ڈی ہائیڈریشن سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد جسم سے پانی اور نمکیات کی مقدار کم ہو جانا۔

س: بلڈ پریشر ماپنے کے آلہ کو کیا کہتے ہیں؟

Scanned by CamScanner

ج: اس کو سفگمومینومیٹر کہا جاتا ہے۔

س: جل جانے (Burn) کے کتنے درجے ہیں؟

ج: جل جانے کے چار درجے ہیں۔

س: گرام اور گرین میں کیا فرق ہے؟

ج: گرام اعشاری نظام اور گرین امپیریل نظام کی اکائی۔

س: ہڈی کے ٹوٹنے کی دو بڑی اقسام کیا ہیں؟

ج: (1) سمپل فریکچر۔ (2) کمپاؤنڈ فریکچر۔

س: زخم (Wound) سے کیا مراد ہے؟

ج: جسمانی بافتوں کے تسلسل کے منقطع ہونے کی حالت کہلاتی ہے۔

س: سیپٹک وونڈز (Septic Wounds) کیا ہیں؟

ج: پیپ زدہ خراب زخم ہوتے ہیں۔

س: اپائیڈز (Opiodes) سے کیا مراد ہے؟

ج: افیون کے مرکبات (Opiodes) کہلاتے ہیں۔

س: خون کے کتنے گروپ ہیں؟

ج: خون کے چار گروپ ہیں: O, AB, B, A

س: نیکروسسز (Necrosis) سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ گوشت کے خلیات کے گلنے کی صورت ہوتی ہے۔

س: وٹامن B2 کا کیا نام ہے؟

ج: اس کا نام Riboflavin ہے۔

س: وٹامن B3 کا کیا نام ہے؟

ج: اس کا نام Nicotanic Acid ہے۔

س: وٹامن B5 کا کیا نام ہے؟

ج: اس کا نام Folic Acid ہے۔

س: وٹامن B6 کا کیا نام ہے؟

ج: اس کا نام Pyridoxine ہے۔

Scanned by CamScanner

س: وٹامن B12 کا کیا نام ہے؟

ج: اس کا نام Cytamin ہے۔

س: وٹامن C کا کیا نام ہے؟

ج: اس کا نام Ascorbic Acid ہے۔

س: وٹامن D کا کیا نام ہے؟

ج: اس کا نام Calci Ferole ہے۔

س: وٹامن E کا کیا نام ہے؟

ج: اس کا نام Toko Ferole ہے۔

س: پتھالوجی کس چیز کا علم ہے؟

ج: پتھالوجی امراض کی تشخیص کا علم ہے۔

س: گرینولیشن (Granulation) سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد زخم کے مندمل ہونے کی حالت ہے۔

س: خون کے اجزاء کون سے ہیں؟

ج: سرخ ذرات (R.B.C) سفید ذرات (WBC) پلیٹ لیٹس (Platelets) اور پلازما

س: خون کے سرخ ذرات (R.B.C) کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج: اس کا دوسرا نام Erythrocyte ہے۔

س: خون کے سفید ذرات (WBC) کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج: اس کا دوسرا نام Leucocyte ہے۔

س: پلیٹ لیٹس (Platelets) کا دوسرا نام ہے؟

ج: اس کا دوسرا نام Thrombocyte ہے۔

س: TB کے جراثیم کا کیا نام ہے؟

ج: اس کا نام Mycobacterium Tuber Culosis ہے۔

س: ٹائیفائیڈ کے جراثیم کا کیا نام ہے؟

ج: اس کا نام Salmonila Typhus ہے۔

س: گلہڑ سے کیا مراد ہے؟

Scanned by CamScanner

ج: اس سے مراد تھائی رائیڈ کے بڑھ جانے کی حالت ہے۔

س: ناک کی سوزش کو کیا کہتے ہیں؟

ج: ناک کی سوزش Rhinitis کہتے ہیں۔

س: انیمیا (Anaemia) سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد خون کی کمی ہے جس میں خون کے اندر HB کم ہو جاتی ہے۔

س: اینٹی ٹسو (Anti Tussive) دوا سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد وہ دوا ہے جو خشک کھانسی میں مفید ہوتی ہے۔

س: ہپناٹک (Hypnotic) دوا سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد ایسی دوا ہے جو خواب آور اثرات رکھتی ہو۔

س: HPV وائرس سے کونسی بیماری پیدا ہوتی ہے؟ (Human Papilloma Virus)

ج: نسوانی جنسی اعضاء کا کینسر۔

س: ڈرگ (Drug) کیا چیز ہے؟

ج: اسی چیز جو حالت صحت میں جسم پر منفی یا مثبت اثرات مرتب کرے وہ ڈرگ کہلاتی ہے۔

س: کیتھیٹرائزیشن (Catheterization) سے کیا مراد ہے؟

ج: جسم کے اندر کسی جگہ جمع مواد کے اخراج کیلئے نالی (کیتھیٹر) ڈالنے کے عمل کو کیتھٹر ائزیشن کہتے ہیں پیشاب کی بندش میں اس کا عام استعمال ہوتا ہے۔

س: کیتھیٹر کی اقسام بیان کریں؟

ج: فولیز کیتھیٹر، ربڑ کا کیتھیٹر، دھاتی کیتھیٹر، غبارہ نما کیتھیٹر۔

س: ڈریسنگ کیوں کی جاتی ہے؟

ج: کسی چوٹ کی صورت میں خون کے بہاؤ کو روکنے کیلئے۔ زخم کو خراب ہونے سے بچانے کیلئے۔ اس کی حفاظت کیلئے ڈریسنگ کی جاتی ہے۔

س: ڈریسنگ کرتے وقت کس بات کا خیال رکھنا چاہئے؟

ج: سب سے قبل جراثیم سے پاک عمل کا خیال رکھنا چاہئے۔

س: قوتِ مدافعت سے کیا مراد ہے؟

ج: امراض کے خلاف مزاحمت اور جسم کی حفاظت کرنے والی قوت کو قوتِ مدافعت کہا جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

س: اینل جیزک (Analgesic) سے کیا مراد ہے؟

ج: وہ دوا جو درد کش ہو اس کو اینل جیزک کہا جاتا ہے۔

س: اینٹی پائریٹک (Anti Pyretic) سے کیا مراد ہے؟

ج: وہ دوا جس کے استعمال سے بخار میں کمی آئے اس کو اینٹی پائریٹک کہا جاتا ہے۔

س: انفکشن (Infection) سے کیا مراد ہے؟

ج: انفکشن سے مراد چھوت ہے' یہ حالت جسم پر جراثیم کے اثر سے پیدا ہوتی ہے۔

س: بیماری کے اسباب بتائیں؟

ج: بیماری کی وجہ بیکٹیریا' وائرس' فنگس' غذائی خرابی یا موسمی اثر ہو سکتا ہے۔ (الجی' مولڈ)

س: مریض کو دوا دینے کے پانچ رائٹ (Rights) کونسے ہیں؟

ج: رائٹ کلائنٹ' رائٹ ڈرگ' رائٹ ڈوز' رائٹ ٹائم' رائٹ روٹ۔

س: اے۔ٹی۔ایس (A.T.S) سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد Anti Tatanus Serum ہے یہ تشنج کے علاج کیلئے استعمال ہوتی ہے۔

س: اینٹی سپٹک ادویات کونسی ہیں؟

ج: سپرٹ' ڈیٹول' پوٹاشیم پرمیگنیٹ' الکحل وغیرہ۔

س: انڈسٹریل ورکرز کو کام کے دوران کیا احتیاطی تدابیر کرنی چاہئیں؟

ج: سر پر کیپ' منہ اور ناک پر ماسک' آنکھوں پر گاگل' جسم پر ایپرن' ہاتھوں پر دستانے۔ پاؤں پر لانگ شوز (Long Shoes)۔

س: ایکس پیکٹورنٹ (Expectorant) دوا سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد ایسی دوا ہوتی ہے جو تر کھانسی میں کام کرتی ہے اور یہ دوا بلغم خارج کرتی ہے۔

س: دافع تیزابیت (Anti Acid) سے کیا مراد ہے؟

ج: ایسی دوا جو معدے کی تیزابیت کو کم کرتی ہے۔

س: ہیموفیلیا (Haemophilia) سے کیا مراد ہے؟

ج: اس مرض سے نکلنے والا خون رکتا نہیں ہے۔

س: ٹوکسیمیا (Toxamia) سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد خون کا زہریلا ہو جانا ہے۔

س: Skelton کسے کہتے ہیں؟

Scanned by CamScanner

ج: اس سے مراد انسانی جسم کا ڈھانچہ ہے۔

س: زہر خوردنی میں یونیورسل اینٹی ڈوٹ کیا ہے؟

ج: چار کول دو حصے + ٹینک ایسڈ ایک حصہ + ملک آف میگنیشیا ایک حصہ۔

س: زہر خوردنی کی صورت میں گھریلو اینٹی ڈاٹ کیا ہے؟

ج: جلی ہوئی روٹی دو حصے + چائے کی پتی دو حصے + دودھ ایک حصہ۔

س: انسانی جسم کے جل جانے کی خطرناک فیصد کیا ہے؟

ج: 40 فیصد سے زیادہ جسم جل جانے کی حالت خطرناک ہوتی ہے۔

س: تندرست آدمی کی چوبیس گھنٹے میں پیشاب کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟

ج: ایک تندرست آدمی چوبیس گھنٹے میں ایک سے ڈیڑھ لیٹر پیشاب کرتا ہے۔

س: ORS سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد ہے (Oral Rehydration Salt)

س: R.B.C سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد خون کی سرخ ذرات Red Blood Cells ہیں۔

س: دل کے سکڑنے کی حالت کیا کہلاتی ہے؟

ج: اس حالت کو سسٹول (Systole) کہا جاتا ہے۔

س: دل کے پھیلنے کی حالت کیا کہلاتی ہے؟

ج: اس حالت کو ڈایاسٹول (Diastole) کہا جاتا ہے۔

س: دل کے دھڑکنے کی نارمل رفتار کیا ہے؟

ج: دل کے دھڑکنے کی نارمل رفتار 72 فی منٹ ہے۔

س: یونیورسل ڈونر کو ہوتا ہے؟

ج: خون کے O گروپ والے کو یونیورسل ڈونر کہا جاتا ہے۔

س: یونیورسل ریسیپٹنٹ کون ہوتا ہے؟

ج: خون کے AB گروپ والے کو یونیورسل ریسیپٹنٹ کہا جاتا ہے۔

س: Inflammation سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد سوزش ہے جو کسی وجہ سے جسمانی ردِ عمل ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

س: پیشاب کی مقدار کم ہو جانے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: پیشاب کم آنے کی حالت Oliguria کہتے ہیں۔

س: خون میں RBC کی کمی کیا کہلاتی ہے؟

ج: خون میں RBC کی کمی کو ANAEMIA کہا جاتا ہے۔

س: خون میں WBC کی کمی کیا کہلاتی ہے؟

ج: خون میں WBC کی کمی کو Leucopenia کہا جاتا ہے۔

س: پیشاب کی زیادتی کیا کہلاتی ہے؟

ج: اس حالت کو Poly Uria کہا جاتا ہے۔

س: سکروی سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ ایک مرض ہے جو وٹامن C کی کمی سے ہوتی ہے۔

س: گینگرین کی اقسام بتائیں؟

ج: گنگرین کی دو اقسام ہیں: (1) خشک گنگرین (2) تر گنگرین۔

س: RBC کی عمر کتنی ہوتی ہے؟

ج: RBC کی عمر 120 دن ہوتی ہے۔

س: مسوڑھوں کی سوزش کیا کہلاتی ہے؟

ج: مسوڑھوں کی سوزش کو Gingivitis کہا جاتا ہے۔

س: جگر کی سوزش کیا کہلاتی ہے؟

ج: جگر کی سوزش کو Hepatitis کہتے ہیں۔

س: بیری بیری (Beri Beri) کی کیا وجہ ہے؟

ج: اس کی وجہ وٹامن B کی کمی ہوتی ہے۔

س: چھوٹی آنت کی سوزش کیا کہلاتی ہے؟

ج: چھوٹی آنت کی سوزش Enteritis کہلاتی ہے۔

س: بڑی آنت کی سوزش کیا کہلاتی ہیں؟

ج: بڑی آنت کی سوزش (Colitis) کہلاتی ہے۔

س: پیٹ کی جھلی کی سوزش کیا کہلاتی ہے؟

Scanned by CamScanner

ج: پیٹ کی جھلی کی سوزش کو Peritonitis کہا جاتا ہے۔

س: پتہ کی سوزش کیا کہلاتی ہے؟

ج: پتہ کی سوزش Cholecystitis کہلاتی ہے۔

س: سیرم (Serum) سے کیا مراد ہے؟

ج: خون جمنے کے بعد الگ ہونے والا مائع سیرم کہلاتا ہے۔

س: وٹامن A کی کمی سے کونسی امراض ہوتی ہیں؟

ج: آنکھوں کی امراض، اندھراتا، جلد کی خشکی۔

س: غذائی کمی سے کونسی امراض لاحق ہوتی ہیں؟

ج: غذائی کمی سے مراسمس کواشیورکور وغیرہ لاحق ہوتی ہیں۔

س: ہیموپٹائی سر (Haemoptysis) سے کیا مراد ہے؟

ج: ہیموپٹائی سیز سے مراد ہے خون تھوکنا۔

س: پروکین پنسلین کیا ہے؟

ج: یہ ایک اینٹی بایوٹک ہے۔

س: ویجائنا کی لمبائی کتنی ہوتی ہے؟

ج: ویجائنا تقریباً 10 سینٹی میٹر لمبی ہوتی ہے۔

س: معدے کی تہوں کے نام بتائیں؟

ج: سیرس کوٹ، مسکولر کوٹ، میوکس کوٹ، سب میوکس کوٹ۔

س: عورتوں کے تولیدی اعضاء کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟

ج: دو قسم کے: (1) بیرونی جنسی اعضاء۔ (2) اندرونی جنسی اعضاء۔

س: خون کی نالیوں کی کتنی اقسام ہیں؟

ج: شیریانیں (Arteries) وریدیں (Veins) عروق شعریہ (Capiliries)۔

س: ہائیڈروفوبیا کیا ہوتا ہے؟

ج: یہ وہ مرض ہے جس میں مریض پانی سے ڈرتا ہے۔ یہ حالت باولے پن کے آخری مرحلے میں ہوتی ہے۔

س: پیٹ کے کیڑوں کے نام بتائیں؟

ج: Pin Worm, Whip Worm, Tape Worm, Hook Worm,

Scanned by CamScanner

Pin Worm, Whip Worm, Tape Wo

Scanned by CamScanner

Thread Worm, Round Worm.

س: دونوں پھیپھڑوں میں کیا فرق ہے؟

ج: بائیں طرف دو اور دائیں طرف تین لوب ہوتے ہیں۔

س: پیشاب کی اجزائے ترکیبی کیا ہے؟

ج: پانی 96% ' یوریا 2% بقیہ نمکیات 2%

س: آکسی ٹوسن (Oxy Tocin) کیا ہے؟

ج: یہ دوا ہے جو بچے دانے پر اثر کرتی ہے۔

س: ایک منٹ میں کتنا خون پھیپھڑوں سے گزرتا ہے۔

ج: 500 سی سی خون۔

س: ویکسین کی کتنی اقسام ہیں؟

ج: دو اقسام: (1) بیکٹیریل ویکسین۔ (2) وائرل ویکسین۔

س: بوڑھے افراد کو کتنے کیلوری خوراک درکار ہوتی ہے؟

ج: 2200 سے 2500 کیلوری خوراک درکار ہوتی ہے۔

س: اسپرین کے بداثرات کیا ہیں؟

ج: سر چکرانا' دل کی گھبراہٹ' معدہ کی جلن السر وغیرہ۔

س: بچے کو ماں کا دودھ کب شروع کیا جائے؟

ج: بچے کی پیدائش کے نصف سے ایک گھنٹہ کے اندر۔

س: کیا ہسٹریا مردوں کو ہوسکتا ہے؟

ج: ہوسکتا ہے لیکن اس کا تناسب بہت کم ہے۔

س: چوہوں سے پھیلنے والی بیماری کونسی ہے؟

ج: چوہوں سے طاعون کا مرض پھیلتا ہے۔

س: اپی لیپسی کیا ہے؟

ج: اس کو مرگی کہتے ہیں اس میں منہ سے جھاگ نکلتا ہے اور دورے پڑتے ہیں۔

س: ماں کے دودھ کی خصوصیات کیا ہے؟

ج: یہ مکمل غذائیت کا حامل ہوتا ہے۔ بچے کو امراض سے بچاتا ہے۔ اس سے بچہ صحت مند توانا ہوتا ہے۔ اس کی ذہنی صلاحیت بہتر

Scanned by CamScanner

ہوتی ہے۔اور یہ کہ ماں چھاتی کے کینسر سے محفوظ رہتی ہے۔

س: انسولین کا عمل بتائیں؟

ج: انسولین جسم کے اندر لبلبہ میں پیدا ہوتی ہے اس کی وجہ سے (نشاستہ) کاربوہائیڈریٹ اس قابل ہو جاتی ہے کہ وہ Cell کے اندر جا سکے یہ عمل دماغ کے علاوہ پورے جسم میں ہوتا ہے۔اس سے جسم میں شوگر کا لیول خون میں نارمل رہتا ہے۔

س: گردے کی سوزش کو کیا کہتے ہیں؟

ج: گردوں کی سوزش نیفرائٹس (Nephritis) کہلاتی ہیں۔

س: خصیوں میں پانی آ جانے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: خصیوں میں پانی آ جانے کو ہائیڈروسیل (Hydrocele) کہتے ہیں۔

س: C.S.F سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد ہے: (Cerebral Spinal Fluid)

س: ماں کا پہلا دودھ کیا کہلاتا ہے؟

ج: ماں کے پہلے دودھ کو کولسٹرم (Clostrum) کہا جاتا ہے۔

س: پیراسائیٹ کسے کہتے ہیں؟

ج: جرثومہ جو دوسروں کے ساتھ رہ کر وہاں سے خوراک حاصل کرے۔

س: کولسٹرم کا کیا فائدہ ہے؟

ج: کولسٹرم بچے کو مدافعت اور طاقت فراہم کرتا ہے۔

س: Ostology سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ اناٹومی کی شاخ ہے، جس میں ہڈیوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

س: امیبا (Amoeba) کیا ہوتا ہے؟

ج: یہ ایک یک خلوی جاندار ہے جو پانی میں ہوتا ہے۔

س: امیبا سے کونسی مرض پیدا ہوتا ہے؟

ج: امیبا سے امیبک پیچش پیدا ہوتی ہے۔

س: جلد پر کس دھاگہ سے ٹانکے لگائے جاتے ہیں۔

ج: جلد پر سلکی دھاگے سے ٹانکے لگائے جاتے ہیں۔

س: اووری (Ovary) کیا کام کرتی ہے؟

Scanned by CamScanner

ج: اووری ہر ماہ ایک انڈہ (Ovum) خارج کرتی ہے۔

س: گردن توڑ بخار (Meningitis) کے جراثیم کا بتائیں؟

ج: یہ بخار منجو کوکس، نیوموکوکس، ای کولائی، سٹرپٹوکوکس، ہیموفلس انفلوئنزا سے ہوسکتا ہے۔

س: بڑی آنت کے حصوں کے نام بتائیں؟

ج: (1) سیکم (Secum) (2) کولن (Colon) (3) ریکٹم (Rectum)

س: برومائیڈز (Bromides) سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ سکون آور ادویات ہیں جو مرگی اور نیند کیلئے استعمال ہوتی ہیں۔

س: مارفین کا تریاق بتائیں؟

ج: مارفین کا تریاق Nalorphine ہے۔

س: کیسٹر آئل کیا ہوتا ہے؟

ج: یہ ارنڈ کا تیل ہے جو جلاب آور ہوتا ہے۔

س: گلاکوما کسے کہتے ہیں؟

ج: اس سے مراد کالا موتیا ہے۔

س: اینٹی سائیکوسس (Anti Psychosis) ادویات کونسی ہیں؟

ج: یہ ادویات ذہنی امراض اور مالیخولیا میں استعمال ہوتی ہیں۔

س: ایملشن (Emulsion) کسے کہتے ہیں؟

ج: پانی اور تیل کے آمیزے کو ایملشن کہتے ہیں۔

س: ٹریکیا (Trachea) کیا ہے؟

ج: ٹریکیا سے مراد سانس کی نالی ہے۔

س: وایابیلٹی (Viability) کیا ہے؟

ج: ادویات کی مقررہ وقت تک اثر پذیری قائم رہنے کی صلاحیت وایابیلٹی کہلاتی ہے۔

س: مائیگرین (Migrain) سے کیا مراد ہے؟

ج: سر کے نصف حصے کا درد مائیگرین کہلاتا ہے۔

س: تھوک پیدا کرنے والے غدود (Salivary Glands) کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

ج: تھوک پیدا کرنے والے غدود کی تعداد چھ ہوتی ہے۔

س: سپوزیٹری کیا ہوتی ہے؟

ج: یہ قبض ختم کرنے کیلئے بچوں کے مقعد میں داخل کی جاتی ہے۔

س: وینی سیکشن (Venisection) سے کیا مراد ہے؟

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

ج: وریدنہ ملے تو مائنر سرجری کے ذریعے ورید تلاش کر کے برنیولہ لگانے کا عمل وینی سیکشن کہلاتا ہے۔

س: آٹوکلیو کیا ہوتا ہے؟

ج: آٹوکلیو جراثیم کش (Sterelization) کا ایک آلہ ہے۔

س: نبض (Puls) کس مقام سے معلوم کی جاسکتی ہے۔

ج: کلائی پر باہر کی جانب، گردن کے اطراف میں۔

س: L.B.W کس بچے کو کہتے ہیں۔(Low Birth Weight)

ج: جس بچے کا وزن (بوقت پیدائش) 2.5 Kg سے کم ہو وہ L.B.W کہلاتا ہے۔

س: ریڑھ کا انجکشن کہاں لگتا ہے؟

ج: چوتھے اور پانچویں مہرے کے درمیان لگتا ہے۔

س: صحت مند انسان کا نارمل ٹمپریچر کتنا ہوتا ہے؟

ج: صحت مند انسان کا نارمل ٹمپریچر 98.6F ہوتا ہے۔

س: ٹمپریچر کیلئے تھرمامیٹر کہاں کہاں لگایا جاسکتا ہے؟

ج: منہ میں، بغل میں، مقعد میں اور پیشانی پر لگایا جاسکتا ہے۔

س: جراثیم کش کے کتنے طریقے ہیں؟

ج: بذریعہ حرارت، بذریعہ کیمیکل، بذریعہ گیس، بذریعہ شعاعیں۔

س: زہریلے سانپ کونسے ہیں؟

ج: کوبرا (Cobra) ..... وائپر (Viper)۔

س: ٹیکہ کہاں کہاں لگایا جاسکتا ہے؟

ج: گوشت میں، ورید میں، زیر جلد، جلد میں، جوڑوں میں، ریڑھ میں، دل میں۔

س: شاک (Shock) سے کیا مراد ہے؟

ج: اس میں بلڈ کی سپلائی کم ہو جاتی ہے۔ مریض نڈھال ہو جاتا ہے۔ بے ہوش ہو جاتا ہے۔

س: E.C.G سے کیا مراد ہے؟

ج: اس کا مطلب ہے: Electro Cardio Graphy

س: Ascities سے کیا مراد ہے؟

ج: اس سے مراد پیٹ میں پانی پڑنا ہے۔

س: Rabies کن جانوروں سے پھیلتی ہے؟

ج: باولے کتے سے، بلی، چمگادڑ، لومڑی، بھیڑیا سے 97% باولے کتے سے پھیلتی ہے۔

س: ملیریا بخار کس سے پھیلتا ہے؟

ج: یہ بخار مادہ اینافلیز مچھر سے پھیلتا ہے۔

Scanned by CamScanner

س: ملیریا کا جرثومہ کیا کہلاتا ہے؟
ج: ملیریا کا جرثومہ پلازموڈیم کہلاتا ہے۔
س: دل کے کتنے خانے ہوتے ہیں۔
ج: دل کے چار خانے ہوتے ہیں۔
س: چھوت کی امراض (Infection Disease) کونسی ہیں؟
ج: ٹی بی۔ہیپاٹائٹس۔تشنج۔ہیضہ۔خسرہ۔سوزاک۔آتشک۔کالی کھانسی۔ہیپاٹائٹس بی اور سی وغیرہ۔
س: ایئروے (Air Way) کیا ہوتا ہے؟
ج: یہ ایک ٹیوب ہوتی ہے جو بوقت ضرورت سانس کیلئے منہ میں لگائی جاتی ہے۔
س: ڈسپنسر اور ڈریسر میں کیا فرق ہے؟
ج: ڈسپنسر ڈاکٹر کے نسخہ کے مطابق دوا تیار کرتا ہے اور مریض کو دیتا ہے۔جبکہ ڈریسر مریض کی مرہم پٹی کرتا ہے۔
س: انستھیزیا سے کیا مراد ہے؟
ج: ناستھیزیا سے مراد بے ہوش کرنے کا عمل ہے۔
س: ہارمون پیدا کرنے والے غدود کونسے ہیں؟
ج: تھائی رائیڈ گلینڈ' پیراتھائی رائیڈ گلینڈ' پچوٹری گلینڈ' ایڈرینل گلینڈ' لبلبہ' خصیئے۔
س: آئنٹ منٹ کیا ہوتی ہے؟
ج: یہ ویزلین اور ادویاتی اجزاء کو ملا کر تیار کی جاتی ہے اور یہ خارجی طور پر استعمال کی جاتی ہے۔
س: ہیضہ کے جراثیم کا نام بتائیں؟
ج: اس کا نام Vibrio Cholera ہے۔
س: لمبر پنکچر نیڈل کس کام آتی ہے؟
ج: اس کی مدد سے ریڑھ میں انجکشن لگایا جاتا ہے۔
س: ویکسین کیا ہوتی ہے؟
ج: ایسی دوا ہے جو امراض کے خلاف جسم میں قوتِ مدافعت کرتی ہے۔
س: EPI میں کونسی امراض شامل ہیں؟
ج: پولیو۔ٹی بی۔کالی کھانسی۔خسرہ۔تشنج۔خناق۔ہیپاٹائٹس۔
س: خناق (Diptheria) کیا ہے؟
ج: یہ ایک مرض ہے جس میں گلے کے اندر جھلی بنتی ہے جو سانس کے راستے کو بند کر دیتی ہے اور اس سے موت بھی ہو سکتی ہے۔
س: Communicable امراض کونسی ہیں؟
ج: ایسی امراض جو ایک سے دوسرے انسان کو لگ سکتی ہیں۔
س: EPI کیا ہے؟
ج: یہ امراض سے بچاؤ کیلئے حفاظتی ٹیکوں کا پروگرام ہے۔

Scanned by CamScanner

مختصر سوالات، اصطلاحات کی تعریف

SHORT QUESTIONS
&
DEFINITIONS

معروضی، انشائیہ سوالات کے حل کیلئے

مددگار مختصر نوٹس

Scanned by CamScanner

س: فارمیسی کسے کہتے ہیں؟

ج: علم الادویات۔

س: فارمیسی کی اقسام۔

ج: (i) کمیونٹی۔ (ii) ہسپتال۔ (iii) انڈسٹریل۔ (iv) کلینکل۔ (v) فورینزک۔ (vi) پرچون۔

س: فورینزک فارمیسی کیا ہے؟

ج: ادویات کی تیاری سے لے کر مریض، ہم پیشہ اور صحت کے ذمہ دار افراد اور دواساز کے مابین تعلقات کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔

س: کیمسٹ کی دوکان کا انتظام، تنظیم۔

ج: وصولی نسخہ جات کی تیاری، پڑتال، قیمت کا تعین اور ریکارڈ برقرار رکھنا خصوصاً نشہ آور اور زہریلی ادویہ کی نگرانی ریکارڈ۔

س: فارمیسی کی دوکان کے تین حصے۔

ج: (الف) فارمیسی۔ (ب) نسخہ کا شعبہ۔ (ج) تیاری کا شعبہ۔

س: فریج (Frige) میں کونسی ادویات رکھنا چاہئے۔

ج: ویکسین، انسولین، مچھلی کا تیل، وٹامن A وغیرہ۔

س: ڈرگ ایکٹ اور ایکسائز ایکٹ کے تحت کونسی ادویات باقاعدگی سے ذخیرہ کی جاتی ہیں۔

ج: تمام نشہ آور ادویات۔

س: زہریلی ادویات کے ڈبوں پر احتیاط کیلئے کونسی علامت استعمال کی جاتی ہے۔

ج: مشہور علامات ہڈیاں اور سر (SK) (سرخ رنگ سے ''زہر'' تحریر کیا جاتا ہے)۔

س: Expiry کنٹرول کیا ہے؟

ج: فارمیسی میں کوئی Expire دوائی نہیں رکھی جاسکتی۔ 3 یا 6 ماہ پہلے کمپنی کو واپس کردیں۔

س: بل وارنٹی کیا ہے؟

ج: Warranty اس چیز کی ضمانت ہوتی ہے کہ دوائی عین قانون اور معیار کے مطابق بنائی گئی ہے۔ بل وارنٹی پر دوائی کا بیچ نمبر، کمپنی کا نام، تعداد اور وارنٹر کا نام اور پتہ ضروری ہے۔

س: حرارت سے کونسی کیمیائی تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں؟

ج: (1) Torrefaction بھوننا۔ (2) Carbonization کاربن سازی۔ (3) Ignition آتش گیری۔ (4) Incineration جلانے کا عمل (عمل خاکستر)۔ (5) Deflagration دو غیر نامیاتی مرکب کو گرم کرنے آکسیجن پیدا ہونے کا عمل۔

Scanned by CamScanner



Scanned by CamScanner

س: غیر معیاری دوا Substandard Medicine

ج: اس سے مراد ایسی ادویات ہیں جو تصریحات (جن تصریحات کا ذکر پاکستان/ برٹش یا انٹرنیشنل فارماکوپیا کے جدید ترین ایڈیشن میں کیا گیا ہے) کے مطابق نہ ہوں۔

س: Adultrated Drug :

ج: جس میں جزوی یا مکمل طور پر کوئی گندی، گلی سڑی چیز شامل ہو یا کوئی ضرر رساں بیکٹیریا یا کسی قسم کے جراثیم/فنگس وغیرہ شامل ہوں۔

س: Counterfeit Medicine (کاؤنٹرفیٹ ادویات)۔

ج: سے مراد وہ ادویات ہیں جن کا لیبل یا بیرونی پیکنگ کو دیکھ کر کسی دوسری کمپنی کی دوا کا دھوکا ہوتا ہو جو اس طرح کے لیبل یا بیرونی پیکنگ میں استعمال ہوتے ہیں۔

س: (تاریخ اختتام ادویات Expiry Date)

ج: سے مراد ایسی ادویات ہیں جو لیبل پر چھپی ہوئی تاریخ کے بعد اپنا معیار، تاثر، قوت وغیرہ کے اعتبار سے بے اثر یا مضر صحت ہو جائے۔ جس کے بعد اسے فروخت کی اجازت نہیں ہوتی۔

س: (Spurious Medicine)

ج: جعلی ادویات کو کہتے ہیں جو کسی کمپنی کا جعلی لیبل لگا کر فروخت کی جا رہی ہو یا تیار کی جا رہی ہوں۔

س: (Misbranded Medicine) مس برانڈڈ۔

ج: جو مقررہ طریقہ سے لیبل پر نہ دی گئی ہو۔ جس کے لیبل یا پیکنگ میں کوئی لفظ بیانی ادویات اطلاع کے اجزاء جسے ضابطوں کے تحت لیبل میں نمایاں چاہئے نمایاں طور پر نہ ہوں۔ مقابلتاً دیگر الفاظ بیانات یا اطلاعات سے لا کر ایسے پیش کیا جائے کہ عام سمجھ بوجھ کا آدمی عام حالات میں فروخت روٹین حالات کے مطابق سمجھ لے۔

س: رجسٹریشن بورڈ۔

ج: سے مراد وہ بورڈ ہے جو دفعہ 7 ڈرگ ایکٹ کے تحت قائم کیا گیا ہو۔

س: رجسٹرڈ دوا۔

ج: وہ دوا جو دفعہ 7 ڈرگ ایکٹ 1976ء کے تحت تیار ہو۔

س: ڈرگ کوٹ

ج: وہ عدالت جو دفعہ 31 ڈرگ ایکٹ کے تحت قائم کی گئی ہو۔

س: جعلی دوا ۔

ج: جو بظاہر دوا معلوم ہو لیکن اس میں دوا کے خاص اجزا شامل نہ ہوں۔

Scanned by CamScanner

س: ڈرگ لائسنس کا منسوخ کرنا۔

ج: ڈرگ لائسنس اتھارٹی کسی بھی لائسنس ہولڈر کو اظہار وجوہ کا نوٹس دینے کے بعد ایک خاص مدت کیلئے معطل یا منسوخ کر دے۔

س: افیڈرا اسنیکا کیا ہے؟

ج: ایک پودا ہے جس سے Ephedrine افیڈرین حاصل کی جاتی ہے۔ جو رگوں سانس کی نالیوں کو پھیلانے میں استعمال ہوتا ہے۔

س: بیلاڈونا

ج: Alropine / Hyscyamine (اٹروپین/ ہاؤسین پر مشتمل ہوتی ہے۔ تناؤ اور رطوبتوں کو کم کرنے کیلئے استعمال ہوتی ہے)۔

س: افیون (Opium)

ج: عصبی نظام پر اثر انداز ہوتی یہ پہلے تحریک دیتی ہے پھر عصبی ردِ عمل کو کمزور کرتی ہے۔ دفع درد، مسکن نشہ آور اور آنکھوں پتلیوں کو سکیڑ دیتی ہے۔ آنتوں کی زائد حرکت کو روکتی ہے۔

س: کچلا (Nux. Vomica) (Slrychnine)

ج: ریڑھ کی ہڈی کیلئے محرک اور شدید بیماریوں میں استعمال کی جاتی ہے۔ ذائقہ تلخ ہوتا ہے (زائد مقرر میں زہریلی/نقصان دہ ہے)۔

س: ڈی جیٹیلس (Digitalis)

ج: اس کا اہم جز Digoxin ہے۔ مقوی قلب ہے، یہ قلب اور شریانوں کے علاج، دل کی دھڑکن کے کنٹرول اور پیشاب آور کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

س: Senna (سینا)

ج: دست آور اور قبض کشا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

س: (Santonica) (سینٹونیکا)

ج: یہ پیٹ کے کیڑوں (Round-Worm) کے خلاف استعمال ہوتی ہے (سمی اثرات کی وجہ سے استعمال ممنوع ہے)۔

س: Aloe (ایلو)

ج: قبض کشا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ (حمل کے دوران اس کا استعمال ممنوع ہے)۔

س: Glycyrrhiza (گلیسریزیا)

ج: سکون بخش، بلغم کو باہر نکالنے اور دفع سوزش کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

س: Cinnamon (دارچینی)

ج: بطور ہاضمہ یا خوشبو کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

س: CLove (لونگ)

ج: لونگ کا تیل بطور خوشبو، ہاضمہ، جراثیم کشی، یا دانتوں کے مقامی مسکن کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

س: Cadamom الائچی

ج: بطور خوشبو، ہاضمی، مصالحہ جات کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

س: Peppermint پودینہ

ج: ہاضمہ اور خوشبو کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ خام دوا کو بھاپ سے کشید کر کے حاصل کرتے ہیں۔ پیپر منٹ میں رال اور ٹینسن ہوتے ہیں۔ مرکب مینتھول مرہم، مینتھول سپرے کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

س: سونف/ بادیان (Anise - Anisum)

ج: اسے ہاضمہ اور مصالحہ جات میں استعمال کرتے ہیں۔

س: PCBO ضلعی کوالٹی کنٹرول بورڈ کے اختیارات:

ج: ڈرگ انسپکٹر کی رپورٹس کی جانچ پڑتال سیکشن (5K) ڈرگ ایکٹ 1976ء کے تحت اختیارات کا استعمال اور FIR برائے مقدمات کا اندراج کرانا۔ وارننگ کرنا۔ ڈرگ کورٹ کو کیس بھیجنے کی کرنا۔ سیل (Seal) کئے گئے میڈیکل سٹورز کو دوبارہ کھولنا۔ ٹیکنیکل مشورے دینا اور رہبری کرنا۔

س: فارماسسٹ یا فارمیسی اپرنٹس کی رجسٹریشن (قابلیت)

ج: ..... صوبائی فارمیسی کونسل سال میں دو مرتبہ اشتہار دی گئی۔

..... کوئی بھی جگہ امتحان کے لئے مقرر کرے گی۔

..... امتحان کے لئے صوبائی کونسل کو مقررہ فارم پر درخواست دی جاتی ہے۔

..... کونسل کی مقرر کردہ فیس اُمیدوار صوبائی کونسل کے اکاؤنٹ میں جمع کراتا ہے۔

..... اُمیدوار اچھی شہرت، کردار کا مالک ہو۔ عمر 17 سال سے کم نہ ہو۔ مطلوبہ تعلیمی قابلیت کا حامل ہو۔

..... صوبائی کونسل 60 یوم کے اندر اُمیدوار کو اہل ہونے کی اطلاع دے گی۔

..... رجسٹریشن ہونے والے اُمیدوار کو رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کرے گی۔ جس پر امیدوار کا پاسپورٹ سائز فوٹوگراف، دستخط، شناختی علامت ہوگی۔

..... اس سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی اپنے پاس رکھے گی اور گم ہونے کی صورت میں اُمیدوار کو کاپی فراہم کرے گی۔

سینٹرل فارمیسی کونسل کی ساخت:

(1) ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ پاکستان یا وفاقی حکومت کسی دوسرے آفیسر کو بطور صدر تعینات کرے۔ (2) آٹھ افراد نامزد کردہ

Scanned by CamScanner

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

(a) [illegible]
(b) [illegible]
(c) [illegible]
(d) [illegible]
(e) [illegible]
(f) [illegible]

[illegible]

A [illegible]
B [illegible]
C [illegible]
D [illegible]

[illegible]

[illegible]

A [illegible]

[illegible]

B [illegible]

[illegible]

C [illegible]

وفاقی حکومت (ہر صوبے سے صوبائی حکومت کے مشورے ایک فرد) (3) ایک فرد پاکستان فارماسسٹ ایسوسی ایشن کے مشورے سے۔ (4) ڈرگز کنٹرولر پاکستان۔

ممبر شپ کی اہلیت:

نامزد ممبر کے لئے رجسٹر "A" میں رجسٹرڈ فارماسسٹ ہونا ضروری ہے۔ (ماسوائے پروفیسر میڈیکل انسٹی ٹیوشن/ فارمیسی انسٹی ٹیوشن یا صوبائی حکومت کا آفیسر)۔

سینٹرل کونسل کے کام/ ذمہ داریاں:

(1) فارمیسی کے امتحانات کی منظوری دینا۔
(2) منظور شدہ امتحان کے مضامین تجویز کرنا۔
(3) امتحان کیلئے تعلیمی کورسز اور عملی ٹریننگ کی منظوری دینا۔
(4) امتحانات کیلئے داخلہ کی شرائط' طریقہ تجویز کرنا۔
(5) تعلیمی کورسز کیلئے تعلیمی معیار کا تعین کرنا۔
(6) بطور فارماسسٹ رجسٹریشن کی غرض سے فارمیسی میں ڈپلومہ یا ڈگری کو منظور کرنا۔
(7) فارمیسی کی تعلیم دینے والے اداروں کا معائنہ کرنا وغیرہ۔

صوبائی کونسل کے کام:

1- فارماسسٹوں اور فارمیسی اپرنٹس کے رجسٹر تیار کرنا۔
2- فارماسسٹوں کو رجسٹر کرنا اور رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کرنا۔
3- فارماسسٹوں کی رجسٹریشن کیلئے امتحانات کا انتظام کرنا۔
4- ایسے امور جو ایکٹ کے تحت تویض کئے جائیں۔

رجسٹریشن کی تنسیخ:

صوبائی کونسل کسی فرد کو مختار نمائندگی یا شنوائی کا موقعہ دینے کے بعد جاری شدہ رجسٹریشن کے سرٹیفکیٹ کو منسوخ کر سکتی ہے اگر ایسا فرد:

1- اگر وہ کسی عدالت سے کسی بھی جرم میں سزا یافتہ ہو جو صوبائی کونسل کی رائے میں اخلاقی بدی بنتی ہو۔ وہ روگی ذہن رکھتا ہو یا عدالت نے اس کے بارے میں ایسا اعلان کر دیا ہو یا وہ پوائزن ایکٹ 1919 Dangerous ڈرگز ایکٹ 1930' ڈرگز ایکٹ 1976 یا اس کے تحت بنائے گئے رولز کی خلاف ورزی کرتا ہے۔
2- فارماسسٹ کے پیشے سے متعلق کسی بھی ایسے ہدایت نامہ جو وقتاً فوقتاً وفاقی یا صوبائی حکومت جاری کرے' کی تعمیل میں ناکام رہے یا اسے نظر انداز کرتا ہو۔
3- صوبائی کونسل تنسیخ کے فیصلے پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔

Scanned by CamScanner

ڈرگ لائسنس کا ختم ہونا: اگر معیاد گزر جائے۔

..... اگر معیاد دو سال ہو اور بعد میں اس کی فیس ادا نہ کرے تو وہ معطل ہو جاتا ہے۔ پھر اس کو دوبارہ بنوانا پڑتا ہے۔

..... ڈرگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر لائسنس ختم ہو جاتا ہے۔

صوبائی فارمیسی کونسل: محکمہ صحت کا صوبائی سیکرٹری اس کا صدر ہوتا ہے۔ گورنمنٹ کسی اور شخص کو بھی اس کا صدر بنا سکتی ہے۔ اس کے پانچ ممبر ہوتے ہیں جس میں ایک سرکاری آفیسر ہوتا ہے۔

..... فارماسیوٹیکل ایسوسی ایشن کی صوبائی برانچ (ممبر) نامزد کرتی ہے۔

..... جو شخص کیٹگری A فارماسسٹ نہ ہو اس کا صوبائی کونسل کا ممبر نامزد نہیں کیا جا سکتا۔

ڈرگ انسپکٹر کی ذمہ داریاں: ڈرگ انسپکٹر کو وفاقی یا متعلقہ صوبائی حکومت متعین کرتی ہے۔

..... وہ کسی جگہ جہاں ادویات تیار، سٹور، فروخت کی جاتی ہیں کا معائنہ کر سکتا ہے۔ اور اس امر کو یقینی بتاتا ہے کہ تمام لائسنس یافتہ فیکٹری، سٹورز، دوکان ڈرگ ایکٹ کی پابند کر رہے ہوں۔

..... ادویات کے سیمپل برائے معائنہ یا تجزیہ ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری کو بھجوا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں کسی بھی شکایت کی تحقیق کر سکتا ہے۔

..... ڈرگ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر متعلقہ افراد کے خلاف عدالتی چارہ جوئی کیلئے ڈرگ کورٹ میں کیس (چالان) بھیجتا ہے۔

..... وہ تمام رپورٹس معائنہ جات، ادویات کے سیمپل کا ریکارڈ رکھتا ہے۔ تاکہ PCBQ کے طلب کرنے پر پیش کر سکے۔

..... وہ کسی بھی جگہ جہاں ڈرگ ایکٹ کی خلاف ورزی ہو رہی ہو (فیکٹری، سٹورز وغیرہ کو سیل Seal کر سکتا ہے اور جگہ کا معائنہ کر سکتا ہے۔

دواء Drug / Medicine : ایسی اشیاء جو امراض کی تشخیص، علاج یا انسداد کے اندرونی یا بیرونی استعمال کے غرض سے تیار ہو، فروخت ہو یا سٹور۔

ادویات کا نمونہ برائے تجزیہ لینے کا طریقہ:

..... ڈرگ انسپکٹر ادویات کا نمونہ ناقص اور مضر صحت سمجھ کر لیتا ہے۔

..... ادویات کے تین حصے نمونے کے طور پر حاصل کرتا ہے۔

..... وہ اس کو اسی حالت میں پیک کرتا ہے۔ اس پر سیل لگاتا ہے۔ اس پر دوا بنانے کا نام، مقدار، جگہ کا نام اور تاریخ وغیرہ کا اندراج کرتا ہے۔

..... ایک نمونہ متعلقہ شخص کو، ایک خود اور ایک ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری کو بھیجتا ہے۔

..... نموم لیبارٹری بھیجنے سے پہلے تمام متعلقہ فارم پر کرتا ہے۔ (فارم نمبر 3, 4, 5, 6)

Scanned by CamScanner

..... اگر ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری دوا کو جعلی قرار دیدے تو اس کے خلاف چالان ڈرگ کورٹ کو بھیجتا ہے۔

Sublimation کیا ہے: اس عمل میں حرارت دینے سے ٹھوس کی درمیانی حالت مائع میں تبدیل ہوئے بغیر گیس میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

آلہ تکثیف (Condensor) کیا ہے: جس میں بخارات کو ٹھنڈا کر کے مائع حالت میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

عمل سفوف گری کیا ہے Desication/ Exsication :

..... جس میں ٹھوس اشیاء سے پانی کے سالمے الگ کئے جاتے ہیں۔

آب قلم پذیر کیا ہے:

..... نمکیات کے ساتھ ملا ہوا پانی آب قلم پذیری (Water of Crystallization) کہلاتا ہے۔

دانہ دار بنانا (Grandation) :

..... یہ وہ عمل ہے جس کے ذریعے بہتر دانہ دار قلمی سفوف حاصل کیا جاتا ہے۔

محلول کیا ہے:

..... یہ ایک یکساں آمیزہ ہے۔

ادویہ سازی میں استعمال ہونے والے محلل:

..... (1) پانی۔ (2) الکحل۔ (3) گلیسرین۔ (4) ایتھر۔ (5) کلوروفارم۔ (6) ایسیٹک ایسڈ وغیرہ۔

عمل نفوذ پذیری (Osmosis):

..... اگر محلول اور محلل کو ایک نفوذی جھلی سے گزارا جائے تو محلل کم قوی محلول سے زیادہ قوی محلول کی طرف نفوذ کرے گا۔

ہم دباؤ محلول (Isotonic Solution):

..... کوئی دو محلول کا نفوذی دباؤ اور محلول میں عنصر کی مقدار برابر ہو تو اس کو دباؤ محلول کہتے ہیں۔

تیزاب اور اساس کی طاقت (Strength of Acid as Base) :

..... جو شئے آبی محلول میں ہائیڈروجن کے برق پارے (H+) پیدا کرے وہ تیزاب کہلاتی ہے اور جو شئے ہائیڈروکسل برق پارے (OH-) پیدا کرے وہ آساس کہلاتی ہے۔

آبی برق پارگی (Isouisation of Water) :

..... خالص پانی کمزور اور کم درجے کا موصل ہے کیونکہ اس میں (H+) (OH-) کی مقدار کم ہوتی ہے۔ خالص پانی بے اثری کیلئے معیار ہے۔

Scanned by CamScanner

پی۔ایچ کی نشاندہی (PH Notation) (ہائیڈروجن کے برق پاروں کی مقدار):

..... یہ فعل PH کی علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ Neutral محلول کا PH سات ہے۔سات (7) سے زائد PH کا محلول Alkaline اور PH سات سے کم Acidic محلول ہوگا۔

PH معلوم کرنے کا صحیح طریقہ Electro - Metric Methods

انسولین کو PH پر اپنی قوت برقرار رکھتی ہے: PH3 سے PH4 کے درمیان۔

انتشار Dispersation :

..... وہ نظام جو منتشر سطح اور منتشر واسطہ پر مبنی ہو عام طور پر انتشار (Dispersation) کہلاتا ہے۔

کولائڈل نظام:

..... یہ وہ کیمیا ہے جس میں بہت سے باریک یا منتشر ذراقت، بلبلے حتیٰ کہ باریک ترین تہہ بھی شامل مطالعہ ہو۔

ٹنڈال اثر Tyndall Effect :

..... جب روشنی کی لہر کسی اندھیرے کمرے میں داخل ہوتی ہے تو فضا میں موجود گرد وغبار کے ذرات نظر آنے لگتے ہیں۔ان کی سطح سے روشنی پھیلتی ہے اور راستہ روشن ہو جاتا ہے، یہ ٹنڈال اثر کہلاتا ہے۔ جب روشنی کی شعاعیں خالص پانی یا نمک کے صاف محلول سے گزریں تو شعاعوں کا راستہ نظر نہیں آتا۔اگر کسی کولائڈل ذرات والے محلول سے گزریں تو شعاع کا راستہ روشن ہو جاتا ہے۔

ایملشن Emulsion :

..... محلول کی حفاظت کے لئے جیلے ٹن (ایگر، اکیشیا، ٹریکا کینتھ) استعمال ہوتا ہے اور یہ اشیاء حفاظتی اثر رکھتے ہیں۔

تکثیفی طریقہ Condensation Methods :

..... اس طریقے کو مندرجہ ذیل عملیات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

عمل تخفیف Reduction :

..... یہ طریقہ دھاتی نمکیات سے کولائڈل دھاتی محلول کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے۔

عمل تکسید Oxidation :

..... اس طریقے سے گندھک، سلیسیئم اور ٹیلریم کے محلوم تیار کئے جاتے ہیں، مثلاً کولائڈل سلفر کی تیاری۔

آب پاشیدگی Hydrolysis :

..... بعض دھاتوں مثلاً لوہا، المونیم کے ایسی ٹیٹ کلورائیڈ اور نائٹریٹ کو آب پاشی کر کے اپنے اپنے ہائیڈروآکسائیڈ کے ہائیڈر

Scanned by CamScanner

وصول تیار کئے جاتے ہیں۔

عمل اسوب Precipilation :

..... اس عمل کے کولائیڈل سول تیار کرنے کی مثال سلور آیوڈائڈ کا محلوم ہے۔

عمل استخراج کیا ہے:

..... وہ تخفیفی عمل ہے جس کے ذریعے اشیاء کو چھوٹے ذرات میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

گہری چوٹ (Contusion) :

..... یا کاٹنے کا عمل، وہ عمل ہے جس میں یکے بعد دیگرے چوٹ مار کر دوا کو چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ دیا جائے۔

Gratting یا Rasping کس کو کہتے ہیں:

..... کسی بھی شئے کی مقدار کو کم کرنے کے لئے بعض چیزوں کو کدوکش کرنا تا کہ وہ پانی میں جلد حل ہو جائے۔

Levgation کا کیا مطلب ہے:

..... کسی شئے کا انتہائی لطیف سفوف (سرمہ) بنانا۔

نچوڑنا Expression :

..... یہ وہ عمل ہے جس میں مائع کو ٹھوس سے الگ کرنے کیلئے بیلا جاتا ہے۔

Maceration : اس کا مطلب ہے ملائم کرنا۔ یہ بہت سی اشیاء کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے، مثلاً استخراج، ٹنکچر اور قوی افزودہ تیار کرتے ہیں۔

Decoctions : وہ عمل ہے جس میں دوا کو مخصوص باریکی کی حالت میں پانی کے ساتھ خاص وقت تک اُبالتے ہیں۔ (مثلاً جوشاندہ)

Percolation

..... وقفے وقفے سے ملائم کرنے کا عمل۔

Emulsion (شیرہ بنانا): یہ دو غیر حل پذیر معائعات کے آمیزے کا نظام ہے۔

تحفظی اشیاء (Preservators) : ایملشن میں گوند اور دوسری نامیاتی اشیاء پھپھوندی، کائی یا پروٹین خور بیکٹیریا سے خراب ہو جاتی ہیں۔ تحفظی اشیاء مثلاً الکحل، Benzoic Acid (0.2 - 0.1%) کو بطور Preservator ان اشیاء کی حفاظت کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

مائیکروآرگنزم (یونی سیلولر آرگنزم): ایسے خوردبینی جاندار جو صرف ایک خلیے (Cell) پر مشتمل ہوتے ہیں، مثلاً بیکٹیریا، فنجائی، الجی،

Scanned by CamScanner

پروٹوزوا اور (''وائرس'')۔ یہ عام آنکھ سے نہیں دیکھے جاسکتے۔

ملٹی سیلولر آرگنزم: ایسے خوردبینی جاندار جو ایک سے زیادہ خلیوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ مثلاً الجی اور فنجائی کی کچھ اقسام۔

خلیہ (Cell): تمام جانداروں کے افعال اور ساخت کی بنیادی اکائی۔

مائیکروبیالوجی: سائنس کی وہ شاخ ہے جس میں خوردبینی حیات کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

سکوپ (Scope) آف مائیکروبیالوجی: اس سے مائیکروآرگنزم کے فوائد' نقصانات' حیاتاتی قوانین' افعال کے سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

مائیکروآرگنزم (کا ایک سیل Cell) اپنی ذات میں پورا جاندار ہوتا ہے جو زندگی کے سارے افعال خود انجام دیتا ہے' جبکہ بڑے جاندار میں بہت سارے سیل (خلیے) مل کر وہی افعال انجام دیتے ہیں۔

مائیکرآرگنزم: توانائی پیدا کرنے کیلئے بڑے جاندروں کی طرح گلوکوز استعمال کرتے ہیں۔

پودے: سورج کی روشنی سے انرجی حاصل کرتے ہیں۔

میڈیکل مائیکروبیالوجی: مائیکروآرگنزم بہت سی بیماریاں پیدا کرتے ہیں۔ مائیکروبیالوجسٹ ان کی شناخت کرتا ہے اور بیماریوں کو روکنے اور علاج میں بہت مدد کرتا ہے۔

فارماسیوٹیکل مائیکروبیالوجی: اس میں ایسے مائیکروآرگنزم کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو پروڈکٹس کو خراب کر دیتے ہیں۔ ایسے طریقوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے جس کی مدد سے ہم فارماسیوٹیکل پروڈکٹس کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔

نومن کلے چر آف آرگنزم (Nomen Calture of Organism): یہ جانداروں کو نام دینے کا طریقہ ہے: جانداروں کو بین الاقوامی طور پر مشترکہ نام دیئے جاتے ہیں۔ یہ طریقہ سویڈن کے ایک سائنسدان (کیرولیس لے نی آس) نے واضح کیا تھا۔ اس سسٹم کے مطابق پہلا لفظ Genus اور دوسرا Species کو ظاہر کرتا ہے مثلاً انسان کو Homo-Saplens کا نام دیا گیا ہے۔ Homo انسانی جینس کو ظاہر کرتا ہے اور Sapiens سی پی ئینز کا نام ہے۔

بیکٹریالوجی: بیکٹیریا کے سائنسی مطالعہ کو بیکٹریالوجی کہتے ہیں۔

بیکٹریا کی درجہ بندی (Classification):

..... شکل کی بنیاد پر: (a) کوکائی۔ Cocci (گول)۔ (b) بیسلائی Bacilli (راڈ کی شکل) (c) سپرنگ نما Spiral۔

ساخت کی بنیاد پر: (a) Gram+ve بیکٹریا کرسٹل وائلٹ آیوڈین کمپلیکس کو جذب کرتے ہیں اور خوردبین کے نیچے blue رنگ میں نظر آتے ہیں)۔

(b) Gram - ve مثلاً (E. Coli (N. Gonorrhoea

یہ مذکورہ آیوڈین کو جذب نہیں کرتے۔

Scanned by CamScanner

خصوصیات کی بنیاد پر: Phototrophic فوٹوٹرافک بیکٹریا: یہ سورج کی روشنی سے غذا حاصل کرتے ہیں۔

Parasitic بیکٹریا: یہ زندہ جانوروں میں رہتے ہیں اور تیار شدہ غذا کو استعمال کرتے ہیں۔

Autotrohic یا **Aerobic** بیکٹریا: ان کی زندگی کیلئے آکسیجن O2 ضروری ہے۔

Anaerobic بیکٹریا : یہ آکسیجن کے بغیر بھی زندہ رہتے ہیں۔

Palhogenic بیکٹریا: یہ بیماری پیدا کرتے ہیں۔

Non-Pathogenic بیکٹریا: یہ بیماری پیدا نہیں کرتے۔

کلچر میڈیا

میڈیم (Medium) : یہ ایک Preparation ہے جس میں بیکٹیریا کی نشوونما (Growth) کیلئے غذائی اجزاء موجود ہوتے ہیں۔

کلچر میڈیم (Culture Medium) : ایسا میڈیم جس میں بیکٹیریا ڈال دیئے گئے ہو۔ یہ بیکٹیریا کی نشوونما اور پہچان کیلئے ضروری ہے۔ مختلف بیکٹیریا مختلف شکل اور رنگ کی کالونیاں بناتے ہیں۔

اہم کلچر میڈیا کے نام

نیوٹرینٹ اگار (AGAR): اس کو Petridish میں استعمال کیا جاتا ہے۔

اس میں Staphlococcus Aurens ..... گولڈن رنگ کی کالونیاں بناتے ہیں۔

Staphlococcus Roseus ..... گلابی رنگ کی کالونیاں بناتے ہیں۔

Pseudomonas ..... سبز رنگ کی کالونیاں بناتے ہیں۔

Blood Nutrient Broth (اس میں Beef Extract وغیرہ شامل ہوتے ہیں)

یہ ٹیسٹ ٹیوب میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ بیکٹیریا چونکہ بے رنگ ہوتے ہیں (Gram-ve, Gram+ve) اس لئے ان کی شناخت کے لئے ایسے Stain (رنگ) بنائے گئے ہیں۔ جن کی مدد سے انہیں باسانی دیکھا جاسکتا ہے۔

Smear کیا ہے: بیکٹیریا سے آلودہ مادہ کی باریک تہہ جسے گلاس سلائیڈ پر بنایا گیا ہو Smear کہلاتی مثلاً بلغم یا دودھ کا Smear۔

Scanned by CamScanner

وائرس Virus : بیماری پیدا کرنے والے ایجنٹ۔ ان کو صرف الیکٹران مائیکروسکوپ سے دیکھا جاسکتا ہے۔ یہ انسانوں میں (Polio, Aids Neasles, Hepatitis) وغیرہ پیدا کرتے ہیں۔ جبکہ پودوں میں آلو، ٹماٹر، تمباکو وغیرہ کے پتوں کو تباہ کردیتے ہیں۔

Funngi فنجائی کا تعارف:

پودے کی مانند ہے لیکن اس میں کلوروفل نہیں ہوتا۔ اسکے مطالعہ کو Mycology کہتے ہیں۔

فنجائی سے پیدا ہوں ے والی بیماریاں: چنبل، داد (دھدری) لیکوریا (عورتوں کے جنسی امراض)۔

فنجائی کے فوائد:

(1) بریڈ Bear, Bread وغیرہ کی Fermenlation

(2) Cephalosporia, Pencilline ادویات کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مولڈز کا تعارف Molds :

یہ دراصل فنجائی ہے۔ نم دار جگہوں میں پائے جاتے ہیں فنجائی کے برعکس ان کی Cell-Wall میں Cellulose بنتا ہے۔

اور اس کے Cell میں Centriole موجود ہوتا ہے۔

ان کی Growth کیلئے (1) نمی۔ (2) غذائی اجزاء۔

(3) مناسب جگہ برائے Growth (بڑھوتری)۔

ضروری ہے:

ان سے مندرجہ ذیل بیماریاں پیدا ہوتی ہیں: (1) سانس کی بیماریاں، ناک، گلے، جلد کی بیماریاں، بخار، جسم درد، کھانسی وغیرہ، دمہ۔

Yeast کا تعارف:

یک خلوی اجسام، سپرنگ اور انڈے کی شکل میں پائے جاتے ہیں۔ میٹھی چیزوں (Sugars) میں رہتے ہیں۔ بیکری مصنوعات، انگور کی کاشت، شراب مشروبات، مختلف ویکسین، انسولین، گروتھ ہارمونز وغیرہ Yeast سے بنتی ہیں۔

سیرم Serum کا تعارف:

اگر خون کے مائع حصے پلازمہ Plasma سے فائبروجن علیحدہ کرلیا جائے تو باقی سیرم رہ جاتا ہے۔

ویکسین: ویکسین ایک Antigen تیار شدہ چیز ہے۔ جو نیم مردہ یا کمزور جراثیم سے تیار کی جاتی ہے اور انسانی جسم میں mmunity قوتِ مدافعت پیدا کرتی ہے۔

Scanned by CamScanner

سیرم Serum : یہ خون سے حاصل کیا جاتا ہے۔ایسے انسانی جسم سے جو اس خاص بیماری میں مبتلا ہو کر صحت یاب ہوا ہو۔اس کا اثر فوری طور پر ہوتا ہے۔ اس میں تیارشدہ قوت مدافعت فوراً جسم میں داخل کر دیتے ہیں۔ (اس کی وجہ سے Anaphypactic شاک ہوسکتا ہے)۔

بائیوکیمسٹری: زندہ مخلوق میں پائے جانے والے عناصر، مرکبات اور کیمیائی عوامل کے مطالعہ کو کہتے ہیں۔

میٹابولزم: جاندار اشیاء میں ہونے والی کیمیائی تبدیلیوں کو مجموعی طور پر میٹابولزم کہتے ہیں۔

اینابولزم: ایسی کیمیائی تبدیلی جس میں دو یا دو سے زیادہ سادہ مادے مل کر ایک پیچیدہ مرکب بنا دیتے ہیں۔

کیٹابولزم: جانداروں کے اندر ہونے والے ایسے کیمیائی عمل جس کے نتیجے میں پیچیدہ مرکبات ٹوٹ کر سادہ مادوں میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

اس عمل میں توانائی خارج ہوتی ہے مثلاً گلوکوز کا ٹوٹنا:

آکسیجن

$$C_6H_{12}O_6 + O_2 \longrightarrow Co_2 + H_2o + ATP$$

(گلوکوز) کاربن ڈائی آکسائیڈ پانی انرجی کا مالیکیول

(A.T.P) کس کو کہتے ہیں: انرجی کے مالیکیول کو۔

Scanned by CamScanner

ادویات کی شناخت ونسخہ جات تیار کرنا

IDENTIFICATION OF SPECIMENNS

بیلاڈونا (Bella Dona):

بیلاڈونا ایٹروپا بیلاڈونا پودے کے پتے ہوتے ہیں اس پودے کی جڑیں اور پتے استعمال ہوتے ہیں۔اس پودے میں ایلکلائیڈ بائیوسایامین اور اٹروپین ہوتی ہیں بیلاڈونا کی دوا گردے کی قولنج' انتڑیوں اور پتے کے درد کیلئے مفید ہے' بیلاڈونا ٹھنڈے ملکوں میں پیدا ہوتا ہے لیکن پاکستان میں کشمیر میں بھی پیدا ہوتا ہے جون کے موسم میں اس پودے پر پھول آتے ہیں جوکہ بعد میں کالے رنگ کے پھل میں تبدیل ہو جاتے ہیں اس گول چیری جیسے پھل کے اندر بے شمار بیج ہوتے ہیں بیلاڈونا کی جڑ سلنڈر نما ہوتی ہے اس پودے کی جڑ کی چھال باریک اور زردی مائل براؤن رنگ کی ہوتی ہے چھال پر لمبی جھریاں ہوتی ہیں جڑ کی ہلکی سی بو اور ذائقہ معمولی کڑوا ہوتا ہے اس سے بیلاڈونا ڈرائی ایکسٹریکٹ (Belladona Dryextract) حاصل کیا جاتا ہے بیلاڈونا کو الکوحل میں حل کرنے سے ٹنکچر بھی تیار کیا جاتا ہے۔

افیون کا ڈوڈا (Popy Capsules):

پوست کا پودا خشخاش کا بیج بونے سے اُگتا ہے اس کی کاشت خزاں اور بہار میں ہوتی ہے اس کے پودوں میں سرخ رنگ کے خوبصورت پھول لگتے ہیں ہر ایک پودے پر پانچ چھ ڈوڈے لگتے ہیں' ڈوڈوں پر چیرا دینے سے دودھ نکل کر جم جاتا ہے جسے افیون کہتے ہیں افیون کے ڈوڈے میں ہی دوبارہ اگنے کے لئے خشخاش کے بیج ہوتے ہیں افیون سیاہ رنگ کی ڈلیوں کی صورت میں ہوتی ہیں اس کی مخصوص بو ہوتی ہے' ذائقہ کڑوا ہوتا ہے' افیون میں پچیس سے زائد الکلائیڈز ہوتے ہیں جو نشہ لانے اور درد بند کرنے کی خاصیت رکھتے ہیں افیون میں 10% مارفین ہوتی ہے۔

اسپرین پاؤڈر (Aspirin Powder) :

اسپرین پاؤڈر رنگت میں سفید اور دانے دار ہوتا ہے ذائقہ میں ہلکا کڑوا ہوتا ہے تیزابی خاصیت رکھتا ہے اس کا کیمیائی نام ایسٹائل سیلی سائیلک ایسڈ (Acetyl salicylic acid) ہے اسپرین دانت درد۔سر درد۔جسم میں درد نزلہ بخار کے لئے مفید ہے۔گرم کرنے پر مائع حالت میں بھی تبدیل ہو جاتی ہے۔

Scanned by CamScanner

کیمفر (Camphor) :

کافور سینا موم کیمفر(Cinnamomum Camphor) سے حاصل ہوتا ہے اس مادے کو گرم کرنے سے اس کے اجزاء علیحدہ علیحدہ ہو جاتے ہیں یہ سفید رنگ کا قلمی مادہ ہوتا ہے پانی میں حل پذیر ہے مقامی اثر زیادہ کرنے کیلئے لنی منٹس میں اکثر کافور شامل کیا جاتا ہے اندرونی طور پر استعمال بطور ہاضمہ دار (Carminative) ہوتا ہے' دافع تشنج اور مسکن ہے کیمفر کو دافع تعفن بھی استعمال ہوتا ہے۔

کارڈے مم ٹنکچر(Tinc Cardamom):

یہ ٹنکچر چھوٹی الائچی سے حاصل ہونے والا سرخ ٹنکچر ہوتا ہے چھوٹی الائچی کے کیپسول کے اندر سیاہ رنگ کے دانے ہوتے ہیں جن کی اپنی مخصوص بو ہوتی ہے کارڈے مم ٹنکچر صرف ان بیجوں سے ہی نکالتے ہیں یہ ٹنکچر کارمی نیٹو (Carminative) خواص رکھتا ہے ٹنکچر کی زیادہ مقدار کے استعمال سے غنودگی ہو جاتی ہے کارڈے مم ٹنکچر میں ہی سنشل آئل پایا جاتا ہے ایلوپیتھی طریق علاج میں ٹنکچر کارڈے مم استعمال ہوتا ہے۔

سوڈیم بائی کاربونیٹ(Sodium Bi Carbonate) :

یہ سفید رنگ کا بے بو پاؤڈر ہوتا ہے اس کا ذائقہ ہلکا کھارا ہوتا ہے اور نمکیات کی خصوصیات رکھتا ہے اسے میٹھا سوڈا بھی کہتے ہیں یہ دافع تیزابیت(Antiacid) اور ہاضمے کے لئے استعمال ہوتا ہے بیکریوں میں زیادہ استعمال ہوتا ہے اس لئے بیکنگ سوڈا (Baking Soda) بھی کہتے ہیں بیکریوں میں خمیر پیدا کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے سوڈیم بائی کاربونیٹ پانی میں حل پذیر ہے سوڈیم بائی کارب کو وریدی ٹیکہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

نیلا تھوتھا(کاپر سلفیٹ) (Copper Sulphate) :

نیلا تھوتھا سبزی مائل نیلے رنگ کا ہوتا ہے ذائقہ میں کڑوا ہے اور زہریلے اثرات رکھتا ہے معمولی مقدار کے کھانے سے اُلٹیاں شروع ہو جاتی ہیں یہ کیمیاوی طور پر کاپر۔ سلفر اور آکسیجن کا مرکب ہے پانی میں حل پذیر ہے زیادہ مقدار میں کھانے سے زہریلے اثرات پیدا کرتا ہے۔

مینتھول (Menthol) :

مینتھول ست پودینہ (Oil of Peppermint) ہوتا ہے یہ مینتھا (Mentha) نامی پودے سے حاصل کیا ہوتا ہے مینتھول کو حاصل کرنے کیلئے پودوں سے حاصل شدہ تیل کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

یہ سفید دانے دار پاؤڈر ہوتا ہے جس کی اپنی مخصوص بو ہوتی ہے مینتھول کو بطور جراثیم کش (Disinfectant) اور مقامی جگہ کو سن کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

تھائی مول (Thymol) :

اس کو ٹائی سول بھی کہتے ہیں یہ ایک طاقتور جراثیم کش (Disinfectant) ہے جسے بیرونی طور پر مقامی جگہ سے جراثیم ختم کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

جنشن وائیلٹ (Gention Voilet) :

جنشن وائلٹ کی گہری جامنی رنگ کی چمکیلی قلمیں ہوتی ہیں جسے بطور اینٹی سپٹک استعمال کرتے ہیں۔

جنشن وائلٹ (Gentiana Lutea) نامی درخت سے حاصل ہوتا ہے اس کے حصول کیلئے جنٹیانا لوٹیا درخت کے تنے اور جڑیں استعمال میں لائی جاتی ہیں اس کا ذائقہ ہلکا کھارا ہوتا ہے جنشن وائلٹ پانی میں 20-1 الکوحل میں 90% اور گلیسرین 16-1 کی نسبت سے حل ہو جاتی ہے۔

سپرٹ (Spirit) :

سپرٹ مائع حالت میں ہلکے پیلے رنگ کا ہوتا ہے بو تیز ہوتی ہے۔

کھلی جگہ پر رکھنے سے اُڑنا شروع کر دیتا ہے سپرٹ تیزی کے ساتھ آگ پکڑ لیتا ہے اور نیلے شعلے کے ساتھ جلتا ہے سپرٹ بطور اینٹی سپٹک (Antiseptic) استعمال ہوتا ہے تازہ زخم پر لگنے سے چبھن پیدا کرتا ہے بطور اینٹی سپٹک استعمال ہونے والے سپرٹ کو میتھیلیٹڈ سپرٹ (Methylated Spirit) کہتے ہیں۔

عام استعمال ہونے والے سپرٹ جن کے مختلف خواص ہیں:

1- سپرٹ میتھلیٹڈ Spirit Methylated

2- سپرٹ ریکٹیفائیڈ Spirit Rectified

3- سپرٹ ایرومیٹک آف امونیا Spirit Aromatic of Ammonia

ایکری فلیون (Acriflavin) :

ایکری فلیون براؤن رنگ کا پاؤڈر ہوتا ہے ایکری فلیون پانی سپرٹ اور الکوحل میں حل پذیر ہے۔ یہ سلوشن ہلکے اور پیلے رنگ میں ہوتا ہے ایکری فلیون کا سلوشن لوشن اور آئنٹمنٹ کے بطور اینٹی سپٹک استعمال کرتے ہیں ایکری فلیون کا استعمال بیرونی طور پر مثانہ دھونے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایکری فلیون کا لوشن ڈریسنگ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

ایکری فلیون سلوشن کا فارمولا

: (Each 15 MIcontain)

13 mg	= Acriflavin	ایکری فلیون پاؤڈر	-1
5 ml	= Spirit Methylated	سپرٹ میتھلیٹڈ	-2
10 ml	= Distilled Water	ڈسٹلڈ واٹر	-3

TO PREPARE AND DISPENSE 3 FLUID OUNCE OF CARMINATIVE MIXTURE

تین فلوئیڈ اونس کار مینیٹو مکسچر تیار کرنا

FORMULA FOR ONE OUNCE		FOR 3DOSES
SODIUM BICARBONATE	= 10 GRAINS	X3=30 GRAINS
TINCTURE CARDAMOM	= 30 MINIMS	X3=90 MINIMS
AROMATIC SPIRIT OF AMMONIA	15 MINIMS	X3=45 MINIMS
CHLOROFORM	= 5 MINIMS	X3=15 MINIMS
WATER	= UP TO ONE OUNCE	X3=3 OUNES

سامان (Apparatus):

(a) DISPENSING BOTTLE	ڈسپنسنگ بوتل	(b) BALANCE	ترازو
(c) MINIM MEASURE	منم ناپنے کا آلہ	(d) SCISSORS	قینچی
(e) OUNCE MEASURES	اونس ناپنے کا آلہ	(f) WEIGHTS	اوزان
(g) PAPER	کاغذ	(h) THREAD	دھاگہ
(i) GUM	گوند	(j) CORK	کارک

کیمیکلز (Chemicals) :

COMPOUND TINCTURE CARDAMOM	کمپاؤنڈ ٹنکچر کارڈمم	(A)
AROMATIC SPIRIT OF AMMONIA	سپرٹ ایرومیٹک	(B)
SODIUM BI CARBONATE	سوڈیم بائی کاربونیٹ	(C)
CHLOROFORM	کلوروفارم	(D)
WATER	پانی	(E)

Scanned by CamScanner

طریقہ تیاری (Procedre) :

سب سے پہلے صاف ستھری ڈسپنسنگ بوتل میں تین اونس سادہ پانی ناپ کر ڈالو اور نشان لگا کر پانی ضائع کر دیا۔ ڈسپنسنگ بوتل میں تمام کیمیکل کو بڑی احتیاط اور صحیح صحیح وزن اور حجم کے لحاظ سے سوڈیم بائی کاربونیٹ 30 گرین۔ ٹنکچر کارڈمم 90 منم۔ ایرومیٹک سپرٹ امونیا 45 منم اور کلوروم فارم 15 منم ڈالا۔ ڈسپنسنگ بوتل میں پہلے لگائے گئے نشان تک پانی ڈالا۔ بوتل کو اچھی طرح ہلا کر تمام اشیاء کو آپس میں ملا دیا ڈسپنسنگ بوتل پر ایک طرف تین خوراکوں کے نشان لگا کر دوسری طرف لیبل لگا دیا۔

استعمال (Uses) :

1- معدہ کی تیزابیت کیلئے
3- ہاضمے کیلئے
4- پیٹ کی گیس کیلئے
4- ہارٹ برن (سینے کی جلن)
5- ڈس پیپسا (بدہضمی)
6- ڈسیریزنٹ

خوراک (Dose) :

ایک اونس کی خوراک دن میں تین مرتبہ (ایک اونس صبح۔ ایک اونس شام اور ایک اونس رات کو یعنی ہر آٹھ گھنٹہ بعد)

TOPREPARE AND DISPENSE 2 FLUID OUNCE SALINE EXPECTORANT MIXTURE

دو فلوئیڈ اونس ایکسپیکٹورنٹ مکسچر تیار کرنا

FORMULA FOR ONE OUNCE		FOR 3DOSES
A- SODIUM BICARBONATE	= 10 GRAINS	X2=20 GRAINS
B- SODIUM CHLORIDE	= 10 GRAINS	X2=20 GRAINS
C- AMMONIUM BICARB	= 5 GRAINS	X2=10 GRAINS
D- EXTRACT GLYCYRRHIZA	= 10 MINIMS	X2=40 MINIMS
E- TINCTURE OF IPECAC	= 10 MINIMS	X2=20 MINIMS
F- CHLOROFORM WATER UPTO	= ONE OUNCE	X2=2 OUNES

سامان (Apparatus):

(a) DISPENSING BOTTLE	ڈسپنسنگ بوتل	(b) BALANCE	ترازو
(c) MINIM MEASURE	منم ماپنے کا آلہ	(d) SCISSORS	قینچی
(e) OUNCE MEASURES	اونس ناپنے کا آلہ	(f) WEIGHTS	اوزان
(g) PAPER	کاغذ	(h) THREAD	دھاگہ

Scanned by CamScanner

(i) GUM گوند (j) CORK کارک

کیمیکلز (Chemicals) :

(A)	سوڈیم بائی کاربونیٹ	SODIUM BI CARBONATE
(B)	امونیم بائی کارب	AMMONIUM BICARB
(C)	ٹنکچر اپی کاک	TINCTURE OF IPECAC
(D)	خوردنی نمک	SODIUM CHLORIDE
(E)	گلیسریزہ	EXTRACT GLYCYRRHIZA
(F)	کلوروفارم واٹر	CHLOROFORM WATER

طریقہ تیاری (Procedre) :

دو اونس مکسچر تیار کرنے کیلئے سب سے پہلے خالی صاف ستھری ڈسپنسنگ بوتل میں دو اونس پانی ڈال کر نشان لگایا اور پانی کو ضائع کر دیا اب اس ڈسپنسنگ بوتل میں دو اونس مکسچر تیار کرنے کے لئے سوڈیم بائی کاربونیٹ 20 گرین سوڈیم کلورائیڈ 20 گرین امونیم بائی کارب دس گرین تول کر ڈالا اور گلیسریزہ 40 منم ٹنکچر اپی کاک 20 منم ناپ کر ڈالا اس کے بعد پہلے لگائے گئے نشان تک کلوروم فارم واٹر ڈالا اور بوتل پر ہاتھ رکھ کر تمام اشیاء کو ملانے کے لئے خوب ہلایا جائے۔

استعمال (Uses) :

بلغمی کھانسی کے لئے۔ نزلہ زکام کے لئے۔ تر کھانسی میں آرام کے لئے۔

خوراک (Dose) :

ایک اونس صبح اور ایک اونس شام کو (One Ounce Twice in a Day)

TO PREPARE AND DISPENSE 3 OUNCE OF DIAPHORETIC MIXTURE

تین اونس ڈایافوریٹک مکسچر تیار کرنا

FORMULA FOR ONE OUNCE		FOR 3OUNCES
A- POTASSIUM CITRAS	= 20 GRAINS	20X3=60GRAINS
B- SWEAT SPIRIT OF NITRE	= 20 MINIMS	20X3=60GRAINS
C- DILUTE SOLUTION OF AMMONIUM ACETATE	= 1 DRACHM	1X3=3 GRAINS
D- WATER UP TO	= 1 OUNCE	1X3=3 OUNCES

Scanned by CamScanner

سامان (Apparatus):

(a) DISPENSING BOTTLE	ڈسپنسنگ بوتل	(b) BALANCE	ترازو
(c) MINIM MEASURE	منم ماپنے کا آلہ	(d) SCISSORS	قینچی
(e) OUNCE MEASURES	اونس ناپنے کا آلہ	(f) WEIGHTS	اوزان
(g) DRACHM MEASURER	ڈرام ناپنے کا آلہ	(h) THREAD	دھاگہ
(i) GUM	گوند	(j) CORK	کارک

کیمیکلز (Chemicals) :

(A) سویٹ سپرٹ آف نائٹر SWEAT SPIRIT OF NITRE

(B) پوٹاشیم سائٹرس POTASSIUM CITRAS

(C) ڈائیلوٹ سلوشن آف امونیم ایسی ٹیٹ DILUTE SOLUTION OF AMMONIUM ACETATE

(D) واٹر WATER

طریقہ تیاری (Procedre) :

صاف ستھری ڈسپنسنگ بوتل میں 3اونس پانی ڈال کر نشان لگایا اور پانی نکال کر ضائع کر دیا اس ڈسپنسنگ بوتل میں 60 گرین پوٹاشیم سائٹرس 60 منم سویٹ سپرٹ آف نائٹر 3 ڈرام ڈائیلوٹ سلوشن آف امونیم ایسی ٹیٹ اور پہلے لگائے گئے نشان تک پانی ڈالا تمام اشیاء کو ڈالنے کے بعد بوتل کو خوب ہلا کر باہم ملایا۔

استعمال (Uses) :

بخار اُتارنے کے لئے بہترین مکسچر ہے۔

خوراک (Dose) :

ایک اونس کی خوراک ہر چار چار گھنٹہ بعد دی جاتی ہے۔

TO PREPARE AND DISPENSE 4 OUNCE DIURETIC MIXTURE

چار اونس ڈائیوریٹک مکسچر تیار کرنا

FORMULA FOR ONE OUNCE		FOR 4OUNCES
A- POTASSIUM CITRATE	= 40 GRAINS	X4 = 160GRAINS

Scanned by CamScanner

B-	TINCTMRE OF HYOSCYAMUS	= 30 MINIMS	X4 = 120MINIMS
C-	WATER UP TO	= 1 OUNCE	X4 = 4 OUNCE

سامان (Apparatus):

(a)	DISPENSING BOTTLE	ڈسپنسنگ بوتل	(b)	BALANCE	ترازو
(c)	MINIM MEASURE	منم ماپنے کا آلہ	(d)	SCISSORS	قینچی
(e)	OUNCE MEASURES	اونس ناپنے کا آلہ	(f)	WEIGHTS	اوزان
(g)	DRACHM MEASURER	ڈرام ناپنے کا آلہ	(h)	THREAD	دھاگہ
(i)	GUM	گوند	(j)	CORK	کارک

کیمیکلز (Chemicals) :

TINCTURE OF HYOSCYAMUS	(A)	ٹنکچر آف ہائیوسائمس
POTASSIUM CITRATE	(B)	پوٹاشیم سائٹریٹ
WATER	(C)	واٹر

طریقہ تیاری (Procedre) :

صاف ستھری ڈسپنسنگ بوتل میں چار اونس پانی ڈال کر نشان لگایا اور پانی کو نکال کر ضائع کر دیا۔ ڈسپنسنگ بوتل میں 160 گرین پوٹاشیم سائٹریٹ تول کر ڈالا۔120 منم ٹنکچر آف ہائیوسائمس ناپ کر ڈالا اس کے بعد ڈسپنسنگ بوتل لگانے سے پہلے نشان تک پانی ڈالا۔ بوتل پر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی رکھ کر خوب ہلایا اور کارک لگا کر بند کر دیا یہ چار اونس ڈائیوریٹک مکسچر تیار ہو گیا' بوتل پر لیبل اور خوراکوں کے نشان لگا دیئے۔

استعمال (Uses) :

پیشاب آور ہے پیشاب کی نالی کی سوزش کے لئے۔
جب ایسڈٹی کی وجہ سے سٹون بن رہا ہو تو پیشاب کو الکلائن بنانے کے لئے۔

خوراک (Dose) :

آدھ اونس دن میں چار دفعہ پلائیں۔

لیبل: MIURETIC MIXTURE

Scanned by CamScanner

TO PREPARE ONE OUNCE COD LIVER OIL EMULSION

ایک اونس کاڈلیور آئل ایملشن تیار کرنا

FORMULA FOR ONE OUNCE

A-	COD LIVER OIL	= 1	DRACHAM
B-	POWDERED ACACIA	= 15	GRAINS
C-	AQUA CHLOROFORM	= 1	OUNCE

سامان (Apparatus):

(a) DISPENSING BOTTLE	ڈسپنسنگ بوتل	(b) BALANCE	ترازو
(c) MINIM MEASURE	منم ماپنے کا آلہ	(d) SCISSORS	قینچی
(e) OUNCE MEASURES	اونس ناپنے کا آلہ	(f) WEIGHTS	اوزان
(g) DRACHM MEASURER	ڈرام ناپنے کا آلہ	(h) THREAD	دھاگہ
(i) GUM	گوند	(j) CORK	کارک

کیمیکلز (Chemicals) :

(A) کلوروفارم واٹر	AQUA CHLOROFORM
(B) پاؤڈرڈ اکیشیا	POWDERED ACACIA
(C) کاڈلیور آئل	CODLIVER OIL

طریقہ تیاری (Procedre) :

ایک عمدہ صاف ستھرے اور بڑے سے کھرل میں پندرہ گرین پوڈرا کیشیا تول کر ڈال دی اور اس میں ایک ڈرام کاڈلیور ئل ڈال کر آپس میں اچھی طرح ملائیں اس کے بعد آہستہ آہستہ کلوروفارم قطرہ قطرہ کر کے ڈالتے جائیں اور سیدھے رخ خوب رگڑائی کی جائے تاکہ پانی اور تیل آپس میں یکجان ہو جائیں پانی کی مقدار زیادہ پڑنے یا رگڑائی کے کم ہونے سے ایملشن پھٹ سکتا ہے اس لئے نہایت احتیاط اور محنت کے ساتھ ٹریچوریشن کا عمل کیا جائے۔

استعمال (Uses) :

وٹامن اے۔ڈی کی کمی کیلئے بچوں کی مناسب نشوونما (ہڈیوں کا ٹیڑھا ہو جانا) کیلئے۔

Scanned by CamScanner

TO PREPARE 500 ML DEXTROSE SALINE

پانچ صد ملی لیٹر گلوکوز سیلائن تیار کرنا

فارمولا FORMULA:

گلوکوز سیلائن تیار کرنے کے لئے دو مرتبہ فارمولا استعمال کرنا ہوگا پہلے نارمل سیلائن کا سلوشن تیار کرنا ہوگا پھر اسی سلوشن میں گلوکوز شامل کرنے سے گلوکوز سلائن تیار ہوگی۔

FOR DEXTROSE FOR NORMAL SALINE

پانی گلوکوز = 5% پانی خوردنی نمک = 0.9 %

نارمل سلائن پہلے تیار کرتے ہیں۔

1000 ملی لیٹر میں جتنا نمک پڑتا ہے = 9 گرام

500 ملی لیٹر میں جتنا نمک استعمال ہوگا = 4.5 گرام

پس 500 ملی لیٹر پانی میں 4.5 گرام نمک ڈالنے سے نارمل سیلائن تیار ہو جائے گی اب نارمل سیلائن سے گلوکوز سلائن تیار کرتے ہیں۔

1000 ملی لیٹر نارمل سلائن میں جتنا گلوکوز ڈالا جاتا ہے = 50 گرام

500 ملی لیٹر نارمل سلائن میں جتنا گلوکوز ڈالا جاتا ہے = 25 گرام

پس اگر 500 ملی لیٹر نارمل سلائن میں 25 گرام گلوکوز شامل کریں گے تو یہ گلوکوز سلائن تیار ہو جائے گا۔

سامان (Apparatus):

(a) DISPENSING BOTTLE ڈسپنسنگ بوتل

(b) BALANCE ترازو

(c) MILLITER MEASURER ملی لیٹر ناپنے کا آلہ

(d) SCISSORS قینچی

(e) PAPER کاغذ

(f) WEIGHTS اوزان

(g) GUM گوند

کیمیکلز (Chemicals) :

(A) خوردنی نمک SODIUM CHLORIDE

Scanned by CamScanner

GLUCOSE (B) گلوکوز

WATER (C) پانی

طریقہ تیاری (Procedre) :

صاف ستھرے بیکر میں پانچ فی صد ملی لیٹر پانی ڈال کر نشان لگایا اور پانی کو ضائع کر دیا پھر اس بیکر میں 4.5 گرام نمک ڈالا اور 25 گرام گلوکوز ڈالنے کے بعد لگائے گئے نشان تک پانی ڈالا اور تمام اشیاء کو اچھی طرح آپس میں حل کیا۔

استعمال (Uses) :

حادثہ۔ جلنے۔ بجلی کا کرنٹ لگنے۔ آپریشن۔ بچے کی پیدائش یا دیگر بیماریاں۔ پیچش۔ اُلٹیاں۔ ڈی ہائیڈریشن وغیرہ میں بذریعہ ورید مریض کو فلوئیڈ دیا جاتا ہے۔

TO PREPARE DUSTING POWDER 6 OUNCES

چھ اونس ڈسنگ پاؤڈر تیار کرنا

فارمولا FORMULA :

A-	BORIC ACID	= 1	PART
B-	ZINC OXIDE	= 1	PART
C-	STARCH	= 4	PART

سامان (Apparatus):

(a) WEIGHTS	اوزان	(b) BALANCE	ترازو
(c) SMALL BOX	چھوٹا ڈبہ	(d) GUM	گوند
(e) PESTLE MORTER	پیسٹل مارٹر	(f) PAPER	کاغذ

کیمیکلز (Chemicals) :

BORIC ACID (A) بورک ایسڈ

ZINC OXIDE (B) زنک آکسائیڈ

STARCH (C) سٹارچ

Scanned by CamScanner

طریقہ تیاری (Procedre) :

صاف ستھرے خشک اور بڑے کھرل میں بورک ایسڈ ایک اونس زنک آکسائیڈ ایک اونس اور سٹارچ چار اونس کو تول کر ڈالا۔ تینوں اشیاء کو آپس میں خوب ملایا چھ اونس ڈسٹنگ پوڈر تیار ہو گیا اس کو ڈبہ میں ڈال کر ڈھکنا لگا دیا اور ڈبے پر لیبل لگا دیا۔

استعمال (Uses) : جلدی امراض اور خارش کے لئے۔

لیبل : ڈسٹنگ پاؤڈر

TO PREPARE 7 POWDERS OF MORPHINE SULPHATE

مارفین کی سات پڑیاں تیار کرنا

نوٹ: جتنے پاؤڈر کا تیار کرنے کو کہا جائے گا اس سے ایک زائد پاؤڈر شامل کر کے فارمولا استعمال کیا جائے گا تا کہ آرڈر کے مطابق تمام پاؤڈر اوزان یکساں رہے، مارفین سلفیٹ کے بھی ہر پاؤڈر کا وزن 2 گرین ہوگا کیونکہ اصول کے مطابق ہر پاؤڈر کا وزن کم از کم 2 گرین ہونا ضروری ہے۔

فارمولا (Formula) :

ایک خوراک یا پاؤڈر کیلئے مارفین 1/8 گرین

8 پاؤڈر کے لئے 1/8 x 8 = 1 گرین

آٹھ پاؤڈر بنانے کیلئے ایک گرین مارفین درکار ہوگی۔ ہر پڑی کا وزن دو گرین کرنے کیلئے اس میں بے ضرر شے مثلاً لیکٹوس گلوکوز یا شوگر آف ملک شامل کیا جائے گا۔

ایک گرین مارفین کے ساتھ 15 گرین لیکٹوس شامل کیا جائے اس طرح 8 پاؤڈر کا آمیزہ تیار ہوگا۔

(1+15=18 Grain)

سامان (Apparatus):

(a) PESTLE MORTER	پسٹل مارٹر	(b) BALANCE	ترازو
(c) WEIGHT BOX	ویٹ بکس	(d) SCISSORS	قینچی
(e) PAPER FOLDER	پیپر فولڈر	(f) WEIGHTS	اوزان
(g) GUM	گوند		

Scanned by CamScanner

کیمیکلز (Chemicals) :

(A) لیکٹوس LACTOSE

(B) مارفین MORPHINE

طریقہ تیاری (Procedre) :

صاف ستھرے اور خشک پسٹل مارٹر میں ایک گرین مارفین کا ڈالا اور اس میں پندرہ گرین لیکٹوس شامل کیا دونوں کو ملا کر آمیزہ تیار کیا داو گرین وزن فی پوڈر کے حساب سے 7 پاؤڈر تیار کئے ان کو پیپر فولڈر کی مدد سے کاغذ میں ڈال کر پڑیاں تیار کیں تمام پوڈر کو ایک بڑی پڑی کی صورت میں تیار کرنے کے بعد لیبل لگا کر مریض کے حوالے کر دیا جائے گا۔

استعمال (Uses) :

شدید درد۔ پیچش اور نیند کیلئے۔

لیبل: MORPHINE POWDER

TO PREPARE AND DISPENSE 4 POWDERS OF A.P.C

اے پی سی کے چار پاؤڈر (پڑیاں) تیار کرنا

FORMULA FOR ONE POWDER		FOR 5 POWDERS
A- ASPIRIN	= 5 GRAINS	=5x5=25 GRAINS
B- PHENACETINE	= 3 GRAINS	=5x3=15 GRAINS
C- CAFFEINE	= 2 GRAINS	=2x5=10 GRAINS

سامان (Apparatus):

(a) PESTLE MORTER	کھرل	(b) BALANCE	ترازو
(c) PAPER FOLDER	پیپر فولڈر	(d) SCISSORS	قینچی
(e) PAPER	کاغذ	(f) WEIGHTS	اوزان
(g) GUM	گوند		

کیمیکلز (Chemicals) :

(A) کیفین CAFFEIN

Scanned by CamScanner

(B) فیناسٹین
PHENACETIN

(C) اسپرین
ASPIRIN

طریقہ تیاری (Procedre) :

صاف ستھرے اور خشک کھرل میں 25 گرین اسپرین 15 گرین فیناسٹین اور 10 گرین کیفین کو تول کر ڈالا' ان کو آپس میں اچھی طرح ملایا۔ 10 گرین وزن ہر پاؤڈر کے حساب سے چار پاؤڈر تیار کئے' ان کو ایک بڑی پڑی کی شکل میں تہہ کر کے لیبل لگانے کے بعد مریض کے حوالے کر دیا۔ فارما کوپیا کے مطابق ہر پاؤڈر (پڑی) کا وزن 10 گرین ہوگا۔

استعمال (Uses) :

سر درد۔ بخار کی کمی کیلئے۔ چوٹ کی صورت میں درد کم کرنے کیلئے۔ نزلہ۔ زکام۔ جوڑوں کا درد۔ دانت درد۔ پورے جسم میں درد یا کسی مقام جگہ کا درد۔

مضر اثرات (Side Effects) :

سر چکرانا۔ سر بھاری ہونا۔ سر درد۔ متلی۔ اُلٹیاں۔ معدے کا السر۔ کنفیوژن۔ سانس کا تیز ہونا۔ کھجلی۔

ممنوع (Contra Indication) :

خالی پیٹ۔ معدے کی تیزابیت۔

خوراک (Dose) :

ایک پاؤڈر دن میں تین یا چار مرتبہ۔

TO PREPARE AND DISPENSE 1/2 OUNCE OF SULPHUR OINTMENT

نصف اونس سلفر کی مرہم تیار کرنا

1 OUNCE = 437.5 GRAINS
HALF OUNCE = 220 GRAINS

FORMULA

A- SUBLIMATED SULPHUR = 100 GRAM OR 10 GRAINS
B- SOFT PARAFFIN (SIMPLE OINTMENT) = 900 GRAM OR 90 GRAINS

100 گرام مرہم میں سلفر 10 گرام

اعشاری نظام کو انگریزی نظام میں بدلنے سے 100.1504

100 گرین مرہم میں سلفر 10 گرین	کل مرہم	220 گرین
100 گرین مرہم میں سلفر 10 گرین	جتنی سلفر درکار ہے	220
1 گرین مرہم میں سلفر 10/100	سلفر آئنٹمنٹ	1980

220 گرین یعنی نصف اونس میں سلفر 10/1000 x 220=22 گرین

اپریٹس اور کیمیکل (Apparatus and Chemicals) :

(a) BALANCE	ترازو	(b) PILLTILE	چینی کی پلیٹ
(c) PAPER	کاغذ	(d) WEIGHTS	اوزان
(e) GUM	گوند	(f) SCISSORS	قینچی
(g) (ASPATULA)	اسپے چولا	(h) PLASTIC BOX	پلاسٹک کی ڈبی
(i) SULPHUR	گندھک	(j)	

طریقہ تیاری (Procedre) :

صاف ستھری چینی کی پلیٹ پر 198 گرین سمپل آئنٹمنٹ کو تول کر رکھا اور ساتھ ہی 22 گرین سلفر کو تول کر رکھا۔ اسپچولا کی مدد سے دونوں کو آپس میں خوب ملایا جب یقین ہو جائے کہ سمپل آئنٹمنٹ اور سلفر یکجان ہو گئے ہیں تو اُٹھا کر ڈبی میں ڈال دی جائے اور ڈھکنے کے اوپر گول لیبل لگا دیا جائے۔

استعمال (Uses) :

جلدی امراض۔ خشک خارش (سکیبیز) Scabies نیم گرم پانی سے نہانے کے بعد تین مسلسل راتوں کو سر۔ منہ گردن کے علاوہ باقی تمام جسم پر ملیں۔

ڈریسنگ کیلئے دو اونس میگ سلف (میگنیشیم سلفیٹ) تیار کرنا

فارمولا (Formula) :

AGNESIUM SULPHATE AND GLYCERINE EQUAL PART.

سامان (Apparatus):

) PESTLE MORTER	پسٹل مارٹر	(b) BALANCE	ترازو

Scanned by CamScanner

(c) COTTON BANDAGES پٹیاں
(d) SCISSORS قینچی
(e) STAINLESS STEEL JAR سٹین لیس سٹیل کا جار
(f) PAPER کاغذ
(g) OUNCE MEASURER اونس ماپنے کا آلہ
(h) WEIGHTS اوزان

کیمیکلز (Chemicals) :

(A) گلیسرین GLYCERINE
(B) میگنیشیم سلفیٹ MAGNESIUM SULPHATE

طریقہ تیاری (Procedre) :

صاف ستھرے عمدہ سے کھرل میں ایک اونس میگ سلف کو تول کر ڈالا جائے اور اس کو دستہ کی مدد سے خوب رگڑا جائے حتیٰ کہ باریک پاؤڈر بن جائے اب اس میں ایک اونس گلیسرین ناپ کر آہستہ آہستہ شامل کرتے جائیں اور خوب رگڑتے جائیں جب دونوں چیزیں آپس میں خوب گھل مل جائیں تو اسے سٹیل کے جار میں ڈال دیا جائے اور اس جار میں سٹریلائزڈ پٹیاں کاٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ڈال دیئے جائیں پٹیوں کے ٹکڑے صرف اتنی مقدار میں ڈالنے چاہئیں کہ یہ خوب پیسٹ میں تر ہونے کے بعد ڈوب جائیں اب اس جار کو ہیٹر یا برنر پر رکھ کر خوب گرم کر کے جوش دیں تا کہ پیسٹ بھی جراثیم سے پاک ہو جائے۔ گرم ہونے کے بعد ٹھنڈا ہونے دیں، میگ سلف تیار ہو جائے گا اس پر لیبل لگا دیا جائے۔

استعمال (Uses) :

سیپٹک ووئنڈز کو صاف کرنے کیلئے جہاں پیپ پڑ چکی ہو اس جگہ پٹی کی جاتی ہے میگ سلف بڑے ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں میں ڈریسنگ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

ادویات کا تضاد
(INCOMPATIBILITY)

ادویات کی تیاری کے عمل کے دوران جب دو یا اس سے زیادہ مختلف خاصیت کی حامل اشیاء کو آپس میں ملایا جاتا ہے تو وہ آپس میں مل کر اصل خاصیت کو ختم کر دیتی ہیں اور اس طرح سے فائدہ کی بجائے نقصان ہوتا ہے۔ بعض حالتوں میں خطرناک صورت حال پیدا ہو سکتی ہے اور ادویات کے اس تضاد کو Incompatibility یا عدم تعویض کہا جاتا ہے۔

یہ تضاد تین طرح کے ہو سکتے ہیں:

1- ادویات کا طبعی تضاد (Physical Incompatibility)

2- ادویات کا کیمیائی تضاد (Chemical Incompatibility)

3- ادویات کا تاثیری تضاد (Therapeutic Incompatibility)

1- ادویات کا طبعی تضاد (Physical Incompatibility):

طبعی تضاد کی صورت یہ ہے کہ اس میں کوئی چیز پانی میں حل ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتی جیسے روغن، سپرٹ، رال دار ٹنکچر۔ یہ پانی میں حل نہ ہونے کے باعث طبعی تضاد رکھتی ہے، یہ قدرتی حالت ہوتی ہے۔

2- ادویات کا کیمیائی تضاد (Chemical Incompatibility):

اس تضاد میں دو یا دو سے زیادہ اجزاء اس طرح سے ملاپ کرتے ہیں کہ اس میں ملنے والی اشیاء مل کر ایک نئی چیز بناتی ہیں۔ اس طرح کے عمل سے اس کی خاصیت بدل جاتی ہے اور بننے والی چیز نئے خواص کی حامل ہوتی ہے جو جسم میں داخل ہو کر فائدہ کی بجائے نقصان کرتی ہے۔

3- ادویات کا تاثیری تضاد (Therapeutic Incompatibility)

یہ بھی ایک تضاد کی حالت ہے کہ ادویات ایک دوسرے کے اثر کو ختم کر دیتی ہے جیسے بیلاڈونا سے آنکھ کی پتلی پھیلتی ہے لیکن نظام تنفس طاقتور ہوتا ہے۔ افیون سے پتلی سکڑ جاتی ہے اور نظام تنفس کمزور ہو جاتا ہے۔

طبعی تضاد
(PHYSICAL INCOMPATIBILITY)

اس طرح کے تضاد کے نتیجہ میں جو محلول تیار ہوتے ہیں، وہ ناقابل قبول ہوتے ہیں۔ اس سے نقصان ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

اس کی وجوہات درج ذیل ہوسکتی ہیں:

نامکمل محلول(Incomplete Solution):

اگر اشیاء میں حل پذیری کم ہوتو دو یا زیادہ اشیاء کے ملانے سے یکساں قسم کا محلول حاصل نہیں ہوتا۔

سلیکون پانی میں حل ہوسکتا ہے' گوند اور الکوحل میں ناحل پذیر ہے۔اسی طرح پانی میں رال حل نہیں ہوتی۔ایسے ہوتا ہے کہ نسخہ لکھتے وقت ڈاکٹر غلط محلل تجویز کر دیتا ہے یا مائع کی ناکافی مقدار تجویز کر دیتا ہے۔اس صورت میں نامکمل محلول تیار ہوتا ہے۔اس میں نہ حل پذیر چیز فائدہ مند نہ ہوتو اس کو نتھارنے کے عمل سے الگ کیا جاسکتا ہے لیکن کسی بھی اقدام سے قبل ڈاکٹر سے مشورہ کرنا ضروری ہوتا ہے۔

مثال:

Terpin Hydrate	3.0 gm
Simple Syrup	120.0 ml

اس مثال میں ٹرپن ہائیڈریٹ اس واسطے سے حل نہیں ہوسکتا اس کے لئے الکوحل کا استعمال بطور محلل کیا جاسکتا ہے اور اس کے علاوہ اکیشیا یا ٹریگا کینتھ کے ساتھ معلق کیا جاسکتا ہے۔

مثال:

Phenobarbital	250 mg
Elixer Penobarbital	30 ml

اس نسخہ کے اندر فینوباربی ٹال مکمل طور پر حل نہیں ہوتا اس لئے اس میں الکوحل بھی استعمال کرنی چاہئے تاکہ محلول مکمل ہوجائے۔

مثال:

Arsenic Trioxide	0.06 gm
Ext. Nux Vomica	2.00 gm
Qunine Sulphate	0.60 gm
Pepermint Q.S	240.00 ml

ان میں سے کوئی بھی ٹھوس پانی میں حل پذیر نہیں ہے۔اس طرح نامکمل محلول تیار ہوگا' اگر درست محلول حاصل کرنا ہوتو آرسینس ایسڈ 1% کا 6 ملی لیٹر کو آرسینک ٹرائی آکسائیڈ کی جگہ استعمال کریں اور کونین سلفیٹ کی جگہ بائی سلفیٹ استعمال کریں۔معمولی مقدار میں ہلکا الکوحل بھی استعمال کریں تو بالکل درست محلول حاصل ہوگا۔

رسوب:

عام طور پر کسی محلول میں جو چیز تہہ نشین ہوجاتی ہے وہ رسوب کہلاتی ہے اور عام طور پر یہ حالت اس وقت بنتی ہے جب کسی چیز کو حل پذیر محلل میں ڈالنے کی بجائے کسی ناحل پذیر محلل میں ڈال دیا جائے۔رال الکوحل کے محلول میں رسوب بن جاتی ہے۔اگر اس میں پانی

Scanned by CamScanner

بھی شامل کر دیا جائے۔

مثال:

Tincture Nux Vomica	10.0 ml
Ammonium Chloride	7.0 gm
Distilled Water	90.0 ml

اس صورت میں استخراجی مادہ ٹنکچر سے الگ ہو جاتا ہے کیونکہ محلول کسی طرح تیزابی ہوتا ہے۔اس کو کسی قدر الکلی نما کرنے سے کوئی نقصان نہیں ہوتا۔اس کو خوب ہلا کر استعمال کریں' کا لیبل لگا دیا جاتا ہے۔

ناحل پذیر مائعات کا الگ ہو جانا:

بعض حالتوں میں ناحل پذیر مائعات الگ ہو جاتے ہیں۔الکوحل میں حل شدہ پانی اور تیل ڈالنے سے وہ الگ ہو جاتے ہیں۔ ایتھائیل نائٹرائٹ سپرٹ ایک تہہ کی صورت میں الگ ہو جاتی ہے۔

مثال:

Chloral Hydrate
Sodium Bromide
Elixir Aromatic

اس نسخہ میں بھی ناحل پذیر جز کی تہہ الگ ہو جاتی ہے۔یہ نقصان دہ ہو سکتی ہے۔اس میں الگژز کی جگہ پانی اور شربت کا استعمال کریں یا پانی کو کثیر مقدار میں ڈالیں تب صورت حال بہتر ہو جائے گی لیکن ہر کام ڈاکٹر کے مشورہ سے کرنا چاہئے۔

مثال:

Phenol	2%
Sodium Sulphate	5%
Distilled Water	120 ml

اس میں فینول سوڈیم سلفیٹ کی وجہ سے سالٹ اوٹ ہو جاتا ہے۔اس کو درست کرنے کے لئے فینول کو 10 ملی لیٹر گلیسرین میں حل کرنا چاہئے اور سوڈیم سلفیٹ کا ہلکا آبی محلول بنا کر شامل کرنا چاہئے۔اس طرح کرنے سے بالکل درست محلول حاصل ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

ٹھوس اجزاء کی آبیدگی

(Liquefection of Solid Ingredients)

Aminopyrine	gr v
Codeine Sulphate	gr 1/4
Belladonna Extract	gr 1/6
Acetylsalicylic Acid	gr iii

یہ نسخہ تیار ہونے پر آبیدہ ہو جاتا ہے اور بہت جلد سبز رنگ کا ہو جائے گا۔ آبیدگی کی وجہ سے درست دواء تیار نہیں ہوتی۔ یہ سب کچھ امائنو پائی رین اور ایسی ٹائل سیلی سیلک ایسڈ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس میں سبز رنگ استخراجی مادہ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس کو درست کرنے کیلئے اس میں میگنیشیم آکسائیڈ یا میگنیشیم کاربونیٹ فی کیپسول ایک گرین شامل کر دیا جائے تو دواء کی حالت درست ہو جاتی ہے۔

ایک اور صورت یہ ہے کہ آبیدگی ہونے دیں اور اس میں کیولین یا میگنیشیم کاربونیٹ شامل کر کے اس کو خشک کر لیں اور کیپسول میں بھر لیں۔

غلط نسخہ:

بعض اوقات ڈاکٹر سے بھی غلطی ہو جاتی ہے اور وہ غلط نسخہ تحریر کر دیتا ہے۔ اس صورت میں دواء تیار کرنے والے کا فرض ہے کہ نسخہ کو خود سے درست نہ کرے بلکہ ڈاکٹر کو آگاہ کرے اور نسخہ کی درستگی کروائے۔

غیر ارادی تضاد:

بعض اوقات غیر ارادی طور پر نسخہ میں ایسی غلطی ہو جاتی ہے جس سے ایسی کیمیائی تبدیلی ہو سکتی ہے جو خطرناک ہو سکتی ہے۔ ایسی صورت میں نسخہ لکھنے والے سے رابطہ کرنا چاہئے اور اس کو آگاہ کر کے نسخہ کی درستگی کروانے کے بعد اس کو تیار کرنا چاہئے۔

کیمیائی تضاد

(Chemical Incompatibility)

جب کیمیائی تضاد ہوتا ہے تو اس کی وجہ اور صورت حال کو مندرجہ ذیل میں تقسیم کرتے ہیں:

عمل تکسید (Oxidation):

بعض اوقات نسخہ کے محلول تکسید ہو جاتے ہیں۔ یہ غیر مناسب طریقہ سے تیار شدہ مصنوعات میں ہوتا ہے۔ محلول بھی تکسید ہو جاتے ہیں۔ ہوا، حرارت، روشنی، عمل انگیزی، غلط pH کی وجہ سے اس طرح کی حالت ہو سکتی ہے۔

Scanned by CamScanner

ایڈرنالین، اپی نیفرین، فینائل نیفرین، ایپومارفین، سوڈیم بائی سلفیٹ، مارفین سلفیٹ، نورایڈری نے لین، اٹروپین، سوڈیم امائنوسیلی سیلیٹ، پروکین ہائیڈروکلورائیڈ وغیرہ کے مرکبات حرارت کی وجہ سے تکسید ہو جاتے ہیں۔ اس کو روکنے کے لئے دھاتی عمل انگیز کے اقدامات کئے جاتے ہیں۔

اسکاربک ایسڈ، سوڈیم بائی سلفیٹ، سوڈیم سلفیٹ، سلفونامائیڈ، آنکھوں کے قطرے روشنی کی وجہ سے تکسید ہو جاتے ہیں۔

تیل اور چکنائی، فینول کے مرکبات، ایلڈی ہائیڈ وٹامن وغیرہ خود سے تکسید ہو سکتے ہیں۔

عمل تخفیف (Reduction):

نسخہ جات کے اندر تخفیفی تعاملات کا بہت کم استعمال ہوتا ہے۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ چاندی، مرکری اور سونے کے نمکیات روشنی کی وجہ سے تخفیف کا شکار ہوتے ہیں اور دھاتی شکل اختیار کرتے ہیں۔

مرسوب (Precipitation):

جب دو یا دو سے زیادہ اجزاء کے ملنے سے کیمیائی تبدیلی ہوتی ہے تو اس کی وجہ سے چند ایک ناحل پذیر اجزاء وجود میں آ سکتے ہیں جو تہہ نشین ہو جاتے ہیں۔

یہ حالت اجزاء کے ملنے کے فوری بعد بھی ہو سکتی ہے اور کافی دیر کے بعد بھی پیدا ہو سکتی ہے۔ اس کی ایک وجہ بیکٹیریا کا پیدا ہونا بھی ہے۔ یہ عمل بلاواسطہ کیمیائی تضاد کی وجہ سے ہوتا ہے۔

گیس کا بننا (Evalution of Gas):

جب دو یا دو سے زیادہ اجزاء مل کر عمل کرتے ہیں تو اس کے عمل سے گیس بھی پیدا ہو سکتی ہے جیسے کاربونیٹ اور تیزاب کے ملنے سے کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس پیدا ہوتی ہے۔

رنگ کا بدل جانا (Colour Changes):

جب کیمیائی تبدیلی واقع ہوتی ہے تو اس میں ایک صورت رنگت کی تبدیلی بھی ہو سکتی ہے جیسے فینوفتھلین تیزابی محلول میں بے رنگ ہو جاتی ہے اور الکلی میں ہلکا گلابی رنگ لے لیتی ہے۔

دھماکہ خیزی (Explosive):

بعض اوقات اس طرح کا کیمیائی ملاپ ہوتا ہے تو اس سے دھماکہ بھی ہو سکتا ہے۔ یہ غیر ارادی غلطی سے ہو سکتا ہے۔

- ★ گلیسرین کو کرومک ایسڈ اور کیلشیم بایوسلفیٹ کے ساتھ ملایا جائے تو اس سے دھماکہ ہو سکتا ہے۔
- ★ گلیسرین اور پوٹاشیم کلوریٹ کے ملنے سے آگ لگ سکتی ہے۔
- ★ الکوحل اور پوٹاشیم پرمیگنیٹ کے ملنے سے دھماکہ ہو سکتا ہے۔

Scanned by CamScanner

★ الکوحل اور پوٹاشیم کلوریٹ کے ملنے سے دھماکہ ہوسکتا ہے۔

سخت چیز کا بننا (Cementation):

بعض اوقات اجزاء کے ملنے سے کیمیائی عمل ہوتا ہے اور ناحل پذیر اجزاء بن کر تہہ نشین ہو جاتے ہیں اور کچھ عرصہ کے بعد سیمنٹ کی طرح سخت ہو جاتے ہیں۔ یہ اس وقت ہوتا ہے جب ہائیڈریٹ بنتا ہے۔

جیلی کا بننا (Gelatization):

کیمیائی عمل کے نتیجہ میں محلول کے اندر جیلی بننے کی حالت پیدا ہوسکتی ہے جیسے اکیشیا فیرک سالٹ سے ملنے سے جیلی بناتی ہے۔ اس طرح دیگر اجزاء بھی جیلی بنا سکتے ہیں۔

سردی یا گرمی پیدا ہونا (Develpment of Heat or Cold):

جب چند اجزاء آپس میں ملتے ہیں اور کیمیائی عمل ہوتا ہے تو اس کے نتیجہ میں حرارت یا سردی پیدا ہوسکتی ہے۔ کیمیائی عمل سے حرارت کا اخراج یا انجذاب ہوسکتا ہے۔ حرارت تیزی سے بھی خارج ہوسکتی ہے۔

آب پاشیدگی کی تبدیلی (Hydrolytic Change):

بہت سے مرکبات پانی میں آب پاشیدہ ہو جاتا ہے۔ اس کو مناسب طریقہ سے کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔

نظر نہ آنے والی تبدیلی (Invisible Change):

کچھ کیمیائی تبدیلیاں ایسی بھی ہوتی ہیں جو نظر نہیں آتیں۔ کسی طرح کی گیس خارج ہوسکتی ہے اور کچھ نظر آنے والی تبدیلی ہوسکتی ہے۔

زہریلا پن پیدا ہونا (Develpment of Poisonous):

کیمیائی تبدیلی کی وجہ سے بعض اوقات زہریلے اجزاء پیدا ہوسکتے ہیں جو اصل اجزاء کے مقابلہ میں زیادہ نقصان دہ اور زہریلے اثرات رکھتے ہیں۔

تضاد کو درست کرنا

اگر کسی طرح کا تضاد پیدا ہو تو اس کو درست بھی کیا جاسکتا ہے اور اس کے لئے مختلف اقدامات کئے جاسکتے ہیں۔ اس سلسلہ میں چند ایک اقدامات درج کئے جاتے ہیں:

1- جز کا اضافہ (Addition of Ingredent)
2- جز کا اخراج (Omission of Ingredent)
3- جز کی تبدیلی (Change of Ingredent)

Scanned by CamScanner

4- محلل کی تبدیلی (Change of Solvent)

5- خاص تکنیک (Special Technique)

1- جز کا اضافہ (Addition of Ingredent):

جب طبعی قسم کا تضاد ہو تو جز کے اضافہ کا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے:

★ ناقابل حل ٹھوس جز کے لئے معلقی ایجنٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

★ ناقابل حل مائعات کے حل کے لئے شیرہ ساز عامل کا استعمال کیا جاتا ہے۔

★ حل پذیری کے عمل کو تیز کرنے والے جز کا استعمال کیا جاتا ہے۔

★ غیر مطلوبہ عمل کو روکنے والے جز کا استعمال کیا جاتا ہے۔

★ مرہم اور شیاف میں سخت کرنے والے جز کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

★ ہلکا کرنے والے جز کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

ایسے جز کا استعمال کیا جاسکتا ہے یا اضافہ کیا جاسکتا ہے جس کی وجہ سے ناحل پذیر اشیاء کی حل پذیری کی صلاحیت میں اضافہ ہو۔ پوٹاشیم آیوڈائیڈ کے استعمال سے پانی میں آیوڈین کی حل پذیری میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ امونیم کلورائیڈ' مرکیورک کلورائیڈ کی حل پذیری میں اضافہ کرتا ہے۔ جز کے اضافہ کے وقت خیال رکھا جائے کہ اس سے فائدہ اٹھانے کے بعد جو محلول بنے وہ درست ہو۔ کونین سلفیٹ سلفیورک ایسڈ کی موجودگی میں حل پذیر ہے لیکن محلول میں تلخی آتی ہے۔ اسپرین پانی میں سوڈیم سٹریٹ کی مدد سے حل ہو جاتی ہے لیکن دواء کی تاثیر کم ہو جاتی ہے۔

سیلی سیلیٹ کے محلول میں سوڈیم بائی سلفائیٹ کے استعمال سے محلول بے رنگ ہو سکتا ہے۔

مرہم کے اندر بالسم موجود ہو تو حل پذیری کو بڑھانے کے لئے ارنڈ کا تیل ڈالا جاسکتا ہے۔ بعض اوقات مرہم میں اس کو سخت یا نرم بنانے کے لئے جز کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ مکھی کی موم مرہم کو سخت کرنے والا جز ہے۔

2- جز کا اخراج (Omission of Ingredent):

بعض اوقات نسخہ سے کوئی جز خارج کرنا پڑتا ہے لیکن یہ بہت کم ہوتا ہے۔ ٹریگا کینتھ خاص معلقی ایجنٹ ہے لیکن اگر مکسچر اس کے بغیر بہتر بن سکتا ہو تو اس کو خارج کر دینا درست عمل ہے۔

زیتون کے تیل اور چونا کے محلول میں ٹریگا کینتھ کا استعمال بہت دقت پیدا کرتا ہے' اس کو خارج کیا جاسکتا ہے۔ کونین سلفیٹ کی حل پذیری کو تیز کرنے کے لئے سلفیورک ایسڈ استعمال ہوتا ہے لیکن تلخی سے بچنے کے لئے اس کو ترک کیا جاسکتا ہے۔

بعض اوقات فارمولا کی درستگی کے لئے بھی جز کا اخراج کیا جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

3- جز کی تبدیلی (Change of Ingredent):

کسی طرح کے تضاد کو کنٹرول کرنے کا طریقہ کسی جز کو تبدیل کر دینا بھی ہے۔ یہ عام طور پر ناک کی ادویات میں الکلی نما نمک کو تیل میں حل کرنے کے لئے کیا جاتا ہے۔

فینوباربی ٹال اور فینوباربی ٹال سوڈیم سے دقت آتی ہے۔ اس میں پہلی کے لئے الکوحل اور دوسری کے لئے پانی کا استعمال بہتر رہتا ہے۔

پوٹاشیم اور سوڈیم برومائیڈ سٹریٹ کے ساتھ زیادہ بہتر رہتی ہے جبکہ سٹرونشیم برومائیڈ درست نہیں ہے۔
لیکن یہ تمام اقدام خود سے نہیں کرنے چاہئے بلکہ ڈاکٹر کے مشورہ سے کرنے چاہئے۔

4- محلل کی تبدیلی (Change of Solvent):

اگر دواء کی حل پذیری کی دقت ہو تو اس کے لئے محلل کو تبدیل کیا جا سکتا ہے یا اس کی مقدار تبدیل کی جا سکتی ہے اور اگر کسی محلل میں حل پذیری بہت کم ہو تو اس کو ڈاکٹر کے مشورہ سے تبدیل کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ الکوحل کے استعمال سے یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔ کسی جگہ الکوحل کی جگہ گلیسرین کا استعمال ہو سکتا ہے۔

5- خاص تکنیک (Special Technique):

یہ وہ ترکیب ہوتی ہے جو کسی دواء کو درست کرنے کے لئے آخری حربے کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ یہ ایسی ترکیب ہوتی ہے کہ دواء کی درستگی پر کوئی اعتراض باقی نہیں رہتا۔ الگژر کا آبی محلول میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ دواء کو مسلسل ہلاتے رہنے سے بھی مرسوبی مادہ کے ذرات بآسانی معلق ہو جاتے ہیں۔

وہ نمکیات جو پانی میں حل پذیر ہوں، ان کو اگر الکوحل اور پانی میں حل کرنا ہو تو ان نمکیات کو پہلے پانی میں حل کیا جاتا ہے اس کے بعد الکوحل شامل کی جاتی ہے۔ اسی طرح جو ادویات الکوحل میں حل پذیر ہوں، ان کو اگر الکوحل اور پانی میں حل کرنا ہو تو ان کو پہلے الکوحل میں حل کرتے ہیں اس کے بعد پانی شامل کیا جاتا ہے۔

ایملشن کی تیاری میں اس کے اصولوں کا خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے ورنہ اس کے پھٹ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے کیونکہ اس میں پانی اور تیل ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

چند مشترک ادویاتی تضاد

(Some Common Incompatibilities)

اس وقت ہم چند ادویات کے تضاد کا ذکر کریں گے:

اکیشیا (Acacia):

کسی محلول میں الکوحل کا استعمال ہو اور وہ کل حجم کے 35% سے زیادہ ہو اور اس میں اکیشیا کا بھی استعمال ہوا ہو تو اس صورت میں اکیشیا مرسوب ہو جاتا ہے۔ اسی طرح اکیشیا کا لعاب فیرک کلورائیڈ کے محلول، فیرک سلفیٹ، فیرک سب سلفیٹ، لوہے اور امونیم کے ایسی ٹیٹ محلول کے ساتھ جیلی کی شکل اختیار کر لیتا ہے لیکن فیرک سٹروکلورائیڈ کے ساتھ اس طرح کی حالت نہیں ہوتی۔ بوریکس اور لیڈ سب ایسی ٹیٹ کا محلول بھی جیلی بن جاتا ہے۔

اکیشیا میں پراکسی ڈیز ہوتا ہے جو تکسیدی ایجنٹ کا کام کرتا ہے اور وہ امائنو پائرین، اینٹی پائرین، گوایا کول، فینول، ٹینن، تھائی مول وغیرہ کے ساتھ رنگ دار سالٹ بناتا ہے۔

جو الکلی نما متاثر ہوتے ہیں ان میں اٹروپین، اپومارفین، کوکین، ہوم اٹروپین، مارفین وغیرہ شامل ہیں۔ الکلی نما کی جزوی تخریب تعاملات کے دوران ہوتی ہے۔

اکیشیا کے محلول کو اگر کچھ منٹ کے لیے 100°C پر گرم کیا جائے تو پراکسی ڈیز ختم ہو جاتے ہیں اور رنگ دار عمل کو بھی روکا جا سکتا ہے۔

ایسی ٹائل سیلی سیلک ایسڈ (Acetyl Salicylic Acid):

اس دواء کو اینٹی پائرین، امائنو پائرین، فینول یا فینائل سیلی سیلیٹ کے ساتھ باریک کرنے پر نمی والا مادہ یا لیئی جیسا مادہ تیار ہو جاتا ہے۔

ایسی ٹائل سیلی سیلک ایسڈ اگر سوڈیم بائی کاربونیٹ کے ساتھ ہوا میں ملے تو ان کے ملاپ سے گوند کی طرح کا مادہ بنتا ہے۔ یہ اس کی آب پاشیدگی کی وجہ سے ہوتا ہے۔

الکلی خود سے سیلی سیلک ایسڈ کو حل کرتی ہے لیکن اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ محلول آب پاشیدگی کرتا ہے اور اس سے ایسٹک اور سیلی سیلیک نمکیات بن جاتے ہیں۔

سیلی سیلک ایسڈ کے نشانات جو ایسی ٹائل سیلی سیلک ایسڈ میں رہ جاتے ہیں وہ فیرک کے نمکیات کے ساتھ بنفشی رنگ دیتے ہیں۔

ایسی ٹوفینی ٹائیڈین (Acetophenetidin):

ایسی ٹائیل سیلی سیلک ایسڈ، امائنو پائرن، کلورل ہائیڈریٹ، فینول یا پائروکیٹی کول کے ساتھ اس دواء کو باریک کرنے سے گیلا مادہ بنتا ہے۔ یہ کسی طاقتور تیزاب یا الکلی کے ساتھ آہستگی سے تحلیل ہو جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

اس کے ساتھ تکسیدی عامل مل کر سرخ رنگ بناتے ہیں۔ ایتھائل ٹائٹرائٹ اسپرٹ سے مل کر زرد رنگ بناتی ہے جو بعد میں سرخ ہوجاتا ہے۔ یہ دواء آیوڈین کے ساتھ مل کر ناحل پذیر مرکبات بناتی ہے۔

تیزاب (Acids):

تیزاب بہت سی ادویات کے ساتھ مل کر تضاد کی حالت پیدا کرتا ہے۔ تیزاب یا تیزابی نمکیات جب کاربونیٹ کے ساتھ ملتے ہیں تو کیمیائی عمل سے کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس بناتے ہیں۔

تیزاب بعض ادویاتی اجزاء کے ساتھ مل کر شدید عمل کرتے ہیں حتیٰ کہ دھماکہ ہوسکتا ہے۔ غیر نامیاتی تیزاب اور نامیاتی تیزاب کے نمکیات آزاد نامیاتی تیزاب اور غیر نامیابی تیزاب کے نمکیات بناتے ہیں۔ ناحل پذیر ہونے کی صورت میں نامیاتی تیزاب مرسوب ہوجاتے ہیں۔

بینزوئک ایسڈ، سیلی سیلک ایسڈ کو سیلی سیلیٹ اور بینزوایٹ کے محلول سے مرسوب کیا جاسکتا ہے۔ بورک ایسڈ بوریٹ کے طاقتور محلول میں مرسوب ہوجاتا ہے۔

تیزاب کی الکلی نما اور دوسرے نامیاتی مرکبات کے ساتھ جن میں نائٹروجن ایٹم ہو، ملنے کی صلاحیت سے ان کے حل پذیر نمکیات تیار ہوسکتے ہیں۔ تیزاب جو کہ این آئن بھی رکھتا ہے، اس وجہ سے ادویاتی تضاد کو ظاہر کرتا ہے۔

کلورین، نائٹرک ایسڈ الکوحل میں نمکیات بناتے ہیں۔

الکلائیڈز (Alkaloids):

اکثر الکلائیڈز نامیاتی محلل اور الکوحل میں حل پذیر ہوتے ہیں لیکن یہ پانی میں ناحل پذیر ہوتے ہیں۔ یہ بھی تیزاب کی طرح نمکیات بناتے ہیں جو پانی میں حل ہوسکتے ہیں اور الکوحل میں کسی قدر حل پذیر ہوتے ہیں۔

الکلی کے نمکیات ایسی ٹیٹ، سٹریٹ، بینزوایٹ، سیلی سیلیٹ اور سوڈیم کے الکلی فاسفیٹ، پوٹاشیم اور امونیم کے فاسفیٹ محلول سے آزاد الکلی نما کو مرسوب کردیتے ہیں اور بعض اوقات کم حل پذیر نمک میں بدل دیتے ہیں۔

آیوڈین، پکرک ایسڈ، ٹینک ایسڈ، پوٹاشیم مرکیورک آیوڈائیڈ اور مرکیورک کلورائیڈ اکثر الکلی نما سے مل کر ناحل پذیر مرکبات بناتے ہیں۔

اکثر الکلی نما مائع پیٹرولیم میں حل ہوجاتے ہیں۔ نمکیات اکثر ناحل پذیر ہوتے ہیں۔

امونیم (Ammonium):

جب الکلی یا اس کے نمکیات امونیم سالٹ کے محلول سے ملتے ہیں تو عمل کرکے امونیا گیس کا اخراج کرتے ہیں۔ فینوباربی ٹال سوڈیم امونیم برومائیڈ کو تحلیل کردیتی ہے اور فینوباربی ٹال کا اخراج کرتی ہے اور مرسوب کرتی ہے۔

امونیم کے چند ایک نمکیات ہوا میں تحلیل ہوجاتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

امائنوپائرین (Aminopyrine):

یہ دواء جب ایسی ٹائل سیلک ایسڈ' کلورل ہائیڈریٹ' فینول' تھائی مول' فینائل سیلی سیلیٹ یا سیلی سیلک ایسڈ کے ساتھ ملا کر باریک کی جاتی ہے تو اس کے ملنے سے گیلا مادہ بنتا ہے۔

یہ دواء جب فیرک کلورائیڈ' اکیشیا' ایتھائیل نائٹرائیٹ سپرٹ اور کسی تکسیدی ایجنٹ سے ملتی ہے تو زرد یا بنفشی رنگ بناتی ہے۔

آیوڈین پوٹاشیم' مرکیورک آیوڈائیڈ' مرکیورک کلورائیڈ' ٹینک ایسڈ سے ملتی ہے تو مرسوب مادے بناتی ہے۔

اینٹی پائرین (Anti Pyrine):

اس دواء کے ساتھ بیٹا نیپتھول' کلورل ہائیڈریٹ' ایتھائیل کاربونیٹ' فینول' فینائل سیلی سیلیٹ' پائیرازین' ریسورکرینول' سوڈیم سیلی سیلیٹ یا تھائی مول کے ساتھ ملا کر باریک کیا جائے تو یہ مائع بن جاتا ہے۔

اگر اینٹی پائرین کو کیلومل کے ساتھ فضاء کی نمی کی موجودگی میں باریک کیا جائے تو اس سفوف کا رنگ گہرا ہو جاتا ہے اور کیلومل جزوی طور پر تحلیل ہو کر مرکیورک کلورائیڈ اور دھاتی مرکری میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ ایتھائیل نائٹرائیٹ سپرٹ جب ہلکے تیزاب سے ملتی ہے تو اس کا رنگ سبز ہو جاتا ہے۔ اکیشیا کے ساتھ بھورا' فیرک نمکیات کے ساتھ سرخ' نائٹرک ایسڈ کے ساتھ زرد رنگ بنتا ہے۔

یہ دواء آبی محلول میں مرکیورک کلورائیڈ' آیوڈین' پوٹاشیم مرکیورک آیوڈائیڈ' ٹینک ایسڈ کے ساتھ مرسوب ہو جاتی ہے۔

اٹروپین ہائیڈروکلورائیڈ (Atropine Hydrochloride):

اگر اس دواء کو کسی الکلی محلول سے ملایا جائے تو عمل کر کے سبز رنگ بناتی ہے۔ اسی طرح ٹینک ایسڈ اور دیگر الکلی نما سے مل کر مرسوب ہو جاتی ہے' تکسیدی عمل ہوتا ہے۔

بینزوایٹ (Benzoates):

جب غیر نامیاتی تیزاب بینزوایٹ کے محلول سے ملتے ہیں تو بینزوئک ایسڈ بناتے ہیں اور کافی مقدار میں الکوحل سے مل کر مرسوب ہو جاتا ہے۔ الکلی سٹریٹ اور ٹارٹریٹ مرسوب کو روکتا ہے۔ مرکری' لیڈ اور سلور کے نمکیات سے مرسوب بنتا ہے۔

کاربونیٹ (Carbonates):

اگر کاربونیٹ کا کسی تیزاب یا اس کے نمکیات سے ملاپ ہو تو یہ تحلیل ہو جاتا ہے اور اس کے ساتھ کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس بھی بنتی ہے۔ اس کے تحلیل ہونے کی رفتار کا انحصار کاربونیٹ کی قسم ہوتی ہے۔

الکلی عملی طور پر دھاتوں کے کاربونیٹ کو نمک کی صورت مرسوب کر دیتی ہے۔ بہت سے الکلی نما اس کے نمکیات کے محلول میں مرسوب کئے جاتے ہیں۔

کلورائیڈ (Chlorides):

کلورائیڈ جب سلور اور لیڈ کے نمکیات سے ملتے ہیں تو اس سے مرسوب پیدا ہوتے ہیں۔ جب کلورائیڈ کا آبی محلول کسی طاقتو

Scanned by CamScanner

تکسیدی عامل جیسے پوٹاشیم کلوریٹ، ہائیڈروکلورک ایسڈ وغیرہ سے ملنے پر کلورین کا اخراج ہوتا ہے۔

سٹریٹ (Citrates):

یہ اٹروپین، کوڈین، مارفین، کونین، سٹرکنین اور دیگر الکلائیڈ کے آبی محلول سے مل کر مرسوب بناتا ہے۔ کیلشیم کے نمکیات سے مل کر سٹریٹ مرسوب ہو جاتا ہے۔ پوٹاشیم یا سوڈیم سٹریٹ کی زیادہ مقدار الکوحل کے محلول سے ملنے پر اس کی دو تہیں بنتی ہیں۔ الکوحل اور اس میں حل ہونے والے اجزاء اوپری تہہ میں ہوتے ہیں، زیریں تہہ میں آبی محلول اور سٹریٹ ہوتا ہے۔ اس کو پانی سے ہلکا کرنے پر اس کی حل پذیری میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

وٹامن سی (Vitamin-C):

وٹامن سی یا اسکاربک ایسڈ خشک حالت میں مستحکم ہوتا ہے لیکن محلول کی حالت میں ہوا تکسید ہو جاتی ہے۔ الکلی اور دھاتوں سے مل کر یہ عمل تیز ہو جاتا ہے۔ اس کو تیزاب، ہائیڈروجن سلفائیڈ سے روکا جا سکتا ہے۔ آبی محلول کا pH (پی-ایچ) 2 سے 3 ہوتا ہے۔

بوریکس (Borex):

سوڈیم یوریٹ بہت سی دھاتوں کو غیر حل پذیر یوریٹ کو آبی محلول میں مرسوب کر دیتا ہے۔ ایلومینیم نمکیات کو ایلومینیم ہائیڈرو آکسائیڈ مرسوب کر دیتا ہے۔

الکلائیڈ اپنے نمکیات کے محلولوں میں مرسوب ہو جاتے ہیں۔ گلیسرین اور ہم وزن سوڈیم یوریٹ کے محلول میں گلیسرین کا اضافہ تضاد کو روکتا ہے۔

بورک ایسڈ (Boric Acid):

سوڈیم بائی کاربونیٹ نمی کی وجہ سے ڈی کمپوز ہو کر کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج کرتا ہے۔ فضاء کی نمی اس کے سفوف میں قلمی شکل پیدا کرتی ہے۔ اگر بورک ایسڈ کے سادہ سیلی سیلک ایسڈ کو ملایا جائے تو رسوب پیدا ہوتا ہے اور ناحل پذیر یوروسیلی سلفیٹ بن جاتا ہے۔ گلیسرین کے ساتھ بورک ایسڈ کے ملنے سے گلیسرو بورک ایسڈ بنتا ہے۔

برومائیڈ (Bromides):

بعض الکلائیڈ کے ساتھ برومائیڈ مرسوب ہو جاتا ہے۔ اس کو الکوحل شامل کر کے حل پذیر بنایا جا سکتا ہے۔ مرکیورس کلورائیڈ جزوی طور پر الکلی برومائیڈ کے ذریعے سے مرکیورک سالٹ میں تبدیل ہو جاتا ہے اور محلول کا رنگ گہرا ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ دھاتی مرکری بھی بنتی ہے۔

طاقتور تکسیدی عامل برومائیڈ کا اخراج کرتے ہیں۔ سلور، لیڈ، اینٹی منی، میگنیز اور مرکیورس کے نمکیات سے مرسوب کی حالت پیدا ہوتی ہے۔

Scanned by CamScanner

کیلشیم (Calcium):

کیلشیم کے وہ نمکیات جو حل پذیر ہوتے ہیں، وہ کاربونیٹ، یوریٹ، سٹریٹ، آگزیلیٹ، سلفیٹ، فاسفیٹ اور ٹارٹریٹ سے مل کر مرسوب ہو جاتے ہیں۔

کیفین سٹریٹ(Caffeine Citrate):

الکلی کے ذریعے سٹرک ایسڈ کے ساتھ عمل کروا کر اس کو نیوٹرل کر کے کیفین کو مرسوب کیا جاتا ہے۔ نامیاتی ایسڈ الکلی کے عمل سے کیفین بن سکتی ہے۔ نامیاتی ایسڈ سٹرک ایسڈ کے ساتھ تضاد ظاہر ہوتا ہے۔

کافور(Camphor):

کافور عام طور پر نرم مادے یا مائع میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ کلورل ہائیڈریٹ، ایتھائیل کاربونیٹ، منتھول، فینول، فینائل سیلی سیلیٹ، سیلی سیلک ایسڈ، تھائی مول کے ساتھ ملانے سے یہ مائع بن جاتا ہے۔

کافور کو الکوحل کے محلول میں پانی شامل کر کے مرسوب کیا جاتا ہے۔

کلورل ہائیڈریٹ(Chloral Hydrate):

کلورل ہائیڈریٹ ایسی دواء ہے کہ اگر اس کو اینٹی پائرین، کافور، مینتھول، فینول، فینائل سیلی سیلیٹ، تھائی مول اور دوسرے نامیاتی مرکبات جیسے کونین سلفیٹ، سوڈیم فاسفیٹ وغیرہ کے ساتھ رگڑا جائے تو اس سے نرم مادہ یا مائع بن جاتا ہے۔ اگر اس کو شیاف کے نسخہ میں شامل کیا جائے تو یہ تھیوبرما آئیل کو نرم کر دیتا ہے۔

کلورل ہائیڈریٹ جب آبی محلول کے ساتھ ملتا ہے تو یہ ڈی کمپوز ہو جاتا ہے اور تیزاب بناتا ہے۔ یہ کلوروفارم سے ملنے پر آہستگی سے ڈی کمپوز ہو جاتا ہے۔ الکلی کے ساتھ مل کر فارمیٹ بناتا ہے۔

پوٹاشیم آیوڈائیڈ کے محلول سے مل کر یہ آہستگی سے ڈی کمپوز ہوتا ہے۔ ہائیڈروالکوحلک محلول میں حل پذیر نمکیات کے ساتھ مل کر کلورل ہائیڈریٹ بن جاتا ہے اور جو محلول باقی بچتا ہے، وہ تیل والے مائع کی طرح الگ ہو جاتا ہے۔ اس کا انحصار الکوحل کی اور نمکیات کی مقدار پر ہوتا ہے۔

ایفی ڈرین(Ephedrine):

پانی میں اس کا حل پذیری دیگر الکلی نما سے الگ ہے۔ اس کا محلول طاقتور الکلی کا تعامل رکھتا ہے اور اس وجہ سے یہ ادویاتی تضاد ظاہر کرتا ہے۔ اگر ایفی ڈرین فضاء میں رہے تو فضاء کی نمی کو جذب کر لیتی ہے۔ اس کے ساتھ تیل کے صاف محلول نہیں بنتے، پانی الگ ہو جاتا ہے۔ کیلشیم کلورائیڈ کے استعمال سے اس حالت پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ یہ مائع پیٹرولیم میں زیادہ حل پذیر ہے۔ کافور، مینتھول، اگزالک ایسڈ، تھائی مول یا سینامن آئیل کے ساتھ اس کو باریک کرنے سے حل پذیری بڑھتی ہے۔ آیوڈین کے ساتھ یہ مرکب پانی

تیل سے ناحل پذیر ہے۔ ایفی ڈرین کے آبی محلول کو سلور سالٹ کے ساتھ ملانے پر دھاتی سلور الگ ہو جاتا ہے۔

گلیسرین (Glycerin):

گلیسرین کو کسی طاقتور تکسیدی عامل جیسے کرومیم ٹرائی آکسائیڈ، پوٹاشیم کلوریٹ، پوٹاشیم پرمیگنیٹ شامل ہیں، کے ساتھ ملا کر رگڑا جائے تو شدید کیمیائی عمل ہوتا ہے جس کے نتیجہ میں دھماکہ ہوتا ہے۔ اس کے ہلکے محلول میں عمل تکسید آہستہ ہوتا ہے لیکن تخریب ہوتی ہے۔

گلیسرین کے ساتھ آئرن کے ملنے سے سیاہی پیدا ہوتی ہے۔ بورک ایسڈ یا سوڈیم یوریٹ کو گلیسرین کے ساتھ ملایا جائے تو ان کے ملاپ سے ایک پیچیدہ مرکب بنتا ہے۔ اس سے گلیسرو یورک ایسڈ بن جاتا ہے۔ یہ ایک طاقتور تیزاب ہے۔

گلیسروفاسفیٹ (Glycero Phosphates):

کیلشیم، گلیسروفاسفیٹ، سٹرک ایسڈ، لیکٹک ایسڈ یا فاسفورک ایسڈ کے ساتھ ملا کر زیادہ حل پذیر ہو جاتا ہے۔ الکوحل کے اضافہ کرنے سے گلیسروفاسفیٹ مرسوب ہو جاتا ہے۔

ہائیڈروآکسائیڈ (Hydroxides):

جب ہائیڈروآکسائیڈ کا تیزاب کے ساتھ ملاپ ہوتا ہے تو اس کے نتیجہ میں نمکیات بنتے ہیں۔ الکلائیڈ کے ملنے سے آبی محلولوں الکلائیڈ الگ ہو کر خارج ہو جاتے ہیں اور آب پاشیدگی کو تحریک دیتے ہیں۔

الکلی ہائیڈروآکسائیڈ پانی میں مکمل طور پر حل پذیر ہوتے ہیں۔ ان سے تمام قسم کی دھاتوں کو مرسوب کیا جا سکتا ہے۔ بعض ہائیڈروآکسائیڈ جیسے ایلومینیم، زنک، آرسینک، لیڈ، سوڈیم، پوٹاشیم ہائیڈروآکسائیڈ کی زیادتی میں حل ہو جاتے ہیں۔

الکلی اور الکلی نمکیات سے امونیم کے مرکبات سے امونیا گیس کا اخراج ہوتا ہے۔

آئرن (Iron):

فیرس سالٹ ہوا سے، مرکیورک سالٹ کے الکلی محلول سے اور تکسیدی عامل سے تکسید ہو جاتے ہیں۔ غیر نامیاتی ایسڈ تکسید میں مدد کرتے ہیں اس میں روشنی مزاحمت کرتی ہے۔

الکوحل، سٹرک ایسڈ، گلیسرین اور حل پذیر سٹریٹ فیرس سالٹ میں سیاہ رنگ اس کے تکسیدی عمل کو ظاہر کرتا ہے۔

فیرس سالٹ الکلی کے ذریعے سفید فیرس ہائیڈروآکسائیڈ میں مرسوب ہو جاتا ہے۔ یہ تیزی سے فیروفیرک ہائیڈروآکسائیڈ بنا دیتا ہے۔ امونیم سالٹ، شکر، گلیسرین اور نامیاتی ایسڈ مرسوب ہونے میں مزاحمت کرتے ہیں۔

فیرک سالٹ (Ferric Salts):

اس کے ساتھ آرسینٹ، بینزوایٹ، یوریٹ، کاربونیٹ، کرومیٹ، فیروسائیڈ، ہائیڈروآکسائیڈ، فاسفیٹ، سلفائٹ ناحل پذیر یا کم حل پذیر ہیں۔ معتدل محلول میں الکلی ہائپوفاسفائیٹ مرسوب ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

تیزاب کے ساتھ مل کر فیرس کی حالت میں آ جاتا ہے۔ ہائپوفاسفائیٹ تکسید ہو کر فاسفیٹ بناتا ہے۔ الکلی سٹریٹ اور ٹارٹریٹ مرسوب ہونے میں مزاحمت کرتے ہیں۔

سازگار حالات میں فیرک سالٹ تکسیدی ایجنٹ کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔ یہ ہائیڈروآیوڈک ایسڈ سے آیوڈین کو خارج کرتا ہے اور حل پذیر آیوڈائیڈ بناتا ہے۔ یہ ایسڈ آرسینائیٹ کی موجودگی میں ہوتا ہے۔ یہ جزوی تکسید سے آرسینٹ بناتا ہے۔

نامیاتی ایسڈ سٹرک، لیکٹک، ٹارٹرک وغیرہ بتدریج تحلیل ہو کر کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی بناتے ہیں۔ روشنی فیرک کو فیرس کی حالت میں لانے میں مدد کرتی ہے۔ فیرک کلورائیڈ کا رنگ فاسفورک ایسڈ سے خراب ہوتا ہے۔ فیرک فاسفیٹ تیزاب میں حل پذیر ہوتا ہے۔ نامیاتی اشیاء سے مل کر فیرک سالٹ خاص رنگ پیدا کرتا ہے۔

میگنیشیم سالٹ(Magnesjum Salt):

حل پذیر میگنیشیم سالٹ جیسے میگنیشیم سلفیٹ، میگنیشیم ہائیڈروآکسائیڈ کے آبی محلول کو ہائیڈروآکسائیڈ بطور بنیادی کاربونیٹ الکلی کاربونیٹ کے ذریعے سے اور بطور بنیادی سلی سیلیٹ کے ذریعے مرسوب کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔ عام میگنیشیم سالٹ آرسینیٹ، فاسفیٹ، ٹارٹریٹ کے ذریعے مرسوب ہوتا ہے۔

میگنیشیم ہائیڈروآکسائیڈ نمی کے ذریعے بتدریج جذب ہوتا ہے۔ پانی کی محدود مقدار میں سیمنٹ کی طرح سخت ہو جاتا ہے۔ پانی کے 15 حصے بلحاظ وزن سے میگنیشیم ہائیڈروآکسائیڈ جیلی بن جاتا ہے۔

مینتھول(Menthol):

اس دواء کو کافور، فینول، کلورل ہائیڈریٹ، بیٹا نیفتھول، ایتھائیل کاربونیٹ، تھائی مول کے ساتھ رگڑنے سے یہ نرم مادہ یا مائع بن جاتا ہے۔ کرومک ایسڈ، پوٹاشیم پرمیگنیٹ اور دیگر تکسیدی ایجنٹ سے مل کر تحلیل ہو جاتا ہے۔ یہ الکوحل کے محلول میں پانی کا اضافہ کرنے سے تیل جیسا بن کر الگ ہو جاتا ہے۔

آیوڈائیڈ(Iodides):

آیوڈائیڈ پانی میں حل پذیر ہوتے ہیں لیکن سلور، لیڈ، مرکری اور کیوپرس کے نمکیات حل نہیں ہوتے۔ ایسڈ کی موجودگی میں آیوڈائیڈ تیزی سے تحلیل ہوتے ہیں اور آیوڈین خارج کرتے ہیں اور عامل کی تخفیف ہوتی ہے۔ کیوپرک سلفیٹ سے ملنے سے آیوڈین خارج ہوتی ہے اور کیوپرس آیوڈائیڈ مرسوب ہو جاتا ہے۔ ایتھائیل نائٹریٹ سپرٹ کے ساتھ نائٹروجن کے آکسائیڈ حاصل ہوتے ہیں۔

امونیم آیوڈائیڈ، کیلشیم آیوڈائیڈ، زنک آیوڈائیڈ روشنی کے اثر کی وجہ سے تحلیل ہو جاتے ہیں۔ الکلی آیوڈائیڈ بہت سے الکلائیڈ کو مرسوب کرتا ہے۔ الکوحل کو شامل کرنے سے حل پذیری کم نہیں ہوتی۔

آیوڈین ہائپوفاسفائیٹ، سلفائیٹ، تھائیوسلفیٹ کی تکسید کرتا ہے۔ کم درجے کی ویلنسی والی دھاتیں اور دیگر تکسید کرنے والی اشیاء آیوڈین کو آیوڈائیڈ میں تبدیل کر دیتی ہیں۔ فکسڈ آئیل کے ساتھ مل کر اضافی مرکبات بنتے ہیں۔ تارپین کے تیل کے ساتھ عمل بہت تیز

Scanned by CamScanner

اور شدید ہوتا ہے۔

مرکیورک کلورائیڈ (Mercuric Chloride):

اس کی حل پذیری پانی میں سوڈیم کلورائیڈ، امونیم کلورائیڈ اور ہائیڈروکلورک ایسڈ سے بڑھ جاتی ہے۔ یہ بوریکس، آرسینیٹ، کاربونیٹ، ہائیڈروآکسائیڈ، فاسفیٹ سے اور اسی طرح اگزیلیٹ اور نامیاتی نمکیات سے مرسوب کیا جاتا ہے۔ اس میں سٹریٹ، گلیسرین، شکر اور اکیشیا مزاحمت کرتے ہیں۔ الکلی ہائیڈروآکسائیڈ کی زیادتی زرد رنگ کا مرکیورک آکسائیڈ بناتی ہے۔ کم مقدار ہو تو سرخ رنگ کا کلورائیڈ بنتا ہے۔ امونیم ہائیڈروآکسائیڈ اور امونیم کاربونیٹ سفید مرکری کو مرسوب کرتے ہیں۔

تخفیفی ایجنٹ مرکیورک کلورائیڈ کو مرکیورس کلورائیڈ اور عام دھاتی مرکری میں تخفیف کرتے ہیں اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔

نامیاتی اشیاء سے اس کا تعامل بتدریج ہوتا ہے جیسے الکوحل، شکر، گوند، شہد وغیرہ روشنی تخفیف میں عمل انگیز ہے۔

مرکیورک آیوڈائیڈ (سرخ) Murcuric Iodide (Red):

یہ دواء پانی میں حل ہو سکتی ہے۔ یہ الکلی آیوڈائیڈ کے محلول میں بھی حل پذیر ہے۔ پوٹاشیم آیوڈائیڈ کے ساتھ یہ پیچیدہ مرکب بناتا ہے۔ یہ الکلائیڈ کو مرسوب کرتا ہے۔ مرکیورک کلورائیڈ کے ساتھ ادویاتی تضاد رکھتا ہے۔

مرکیورک آکسائیڈ (Murcuric Oxide):

یہ ایسڈ کے ساتھ نمکیات بناتا ہے۔ مرکیورس کے مرکبات اور دھاتی مرکری مرکب کو تخفیفی ایجنٹ کے ساتھ رگڑنے سے حاصل ہوتے ہیں۔ مرہم تیار کرتے وقت اس کو دھات سے مس (چھونا) نہیں ہونا چاہئے۔

مرکیوروکروم (Murcurochrome):

یہ دواء تیزاب، تیزابی سالٹ، وزنی دھاتوں، ہائیڈروجن پرآکسائیڈ اور بہت سی الکلی اور مقامی طور پر مسکن اثر رکھنے والے اجزاء کے ساتھ ادویاتی تضاد رکھتا ہے اور رسوب بناتا ہے۔

مرکیورس کلورائیڈ (Murcurous Chloride):

ہائپوفاسفیٹ، سلفائیٹ، تخفیف شدہ آئرن، دھاتیں، بہت سے نامیاتی اجزاء اس کو جزوی طور پر تخفیف کرتے ہیں۔ اس میں ادویاتی تضاد کی وجہ اس کے تخفیفی اور تکسیدی عامل کی وجہ سے ہے۔ اس کے رنگ میں آنے والی سیاہی اس کے تعامل کو ظاہر کرتی ہے۔

اس کو الکلی آیوڈائیڈ، برومائیڈ، دھاتی مرکری، مرکیورک سالٹ سے نقصان ہوتا ہے۔ سوڈیم بائی کاربونیٹ سے اس کا تعامل ہوتا ہے۔

مرکیورس آیوڈائیڈ زرد (Murcurous Iodide):

یہ دواء روشنی میں تحلیل ہو جاتی ہے اور دھاتی مرکری اور مرکیورک آیوڈائیڈ بنتا ہے۔ تیزی سے حل پذیر ہوتا ہے اور آیوڈائیڈ سے مل کر مرکیورک آیوڈائیڈ بناتا ہے۔

Scanned by CamScanner

فینوباربی ٹال (Phenobarbital):

یہ دواء الکوحل کے ساتھ کسی حل تک حل پذیر ہے۔اس خامی کو الکوحل کی مقدار بڑھا کر دور کیا جا سکتا ہے۔فینوباربی ٹال سوڈیم یا کسی معلقی ایجنٹ سے بھی اس مسئلہ پر قابو پایا جا سکتا ہے۔الکوحل کا اضافہ زیادہ بہتر حل ہے۔

فینوباربی ٹال سوڈیم (Phenobarbital Sodium):

آبی محلول کی صورت میں الکلی سے تعامل کر سکتا ہے لیکن الکلی کے ساتھ تضاد کو ظاہر کرتا ہے۔اس میں فینوباربی ٹال رسوب بن کر تہہ نشین ہو جاتا ہے۔یہ تیزاب کے نمکیات' بہت سے الکلائیڈ' بہت سے واسطوں مرکب پیپ سین الگژر' سٹرک ایسڈ' سیرپ' اورنج سیرپ کے ساتھ عمل کرتا ہے۔تھایامائن ہائیڈروکلورائیڈ مرکب سوڈیم سے فینوباربی ٹال کا اخراج کرتے ہیں۔رسوب نہ بنے تب بھی تضاد رکھتا ہے۔سوڈیم مرکب کی جگہ فینوباربی ٹال کا استعمال بہتر ہے اور الکوحل کی زیادہ مقدار استعمال کرنی چاہئے۔

فینوباربی ٹال سوڈیم امونیم نمکیات سے امونیا کا اخراج کرتا ہے اور یہ کلورل ہائیڈریٹ کو تحلیل کرتا ہے اور کلوروفارم بناتا ہے۔ جب الکلائیڈ نمکیات کے ساتھ عمل ہوتا ہے تو فینوباربی ٹال اور الکلائیڈ پیدا ہوتے ہیں جو مرسوب بھی ہو سکتے ہیں۔آبی محلول بتدریج آب پاشیدگی کے ذریعے ادویاتی طور پر اس کو بے اثر کر دیتے ہیں۔

فینائل سیلی سیلیٹ (Phenyl Salicylates):

اس دواء کو کافور' تھائی مول' کلورل ہائیڈریٹ' ایتھائیل کاربونیٹ کے ساتھ رگڑنے پر مائع یا نرم مادہ بن جاتا ہے۔

یہ الکلی کے ساتھ مل کر تحلیل ہو کر فینول اور سیلی سیلیٹ بناتا ہے۔اس کا الکوحل کے ساتھ محلول فیرک کلورائیڈ کے ساتھ بنفشی ہو جاتا ہے۔نائٹرس ایسڈ اس کو کالا کر دیتا ہے۔

رائبوفلیون (Riboflavin):

یہ ٹھوس حالت میں ہو تو اس پر روشنی کا کوئی اثر نہیں ہوتا لیکن اگر یہ محلول کی حالت میں ہو تو روشنی سے شدید متاثر ہوتا ہے۔یہ صورت حال الکلی کی موجودگی میں خاص طور پر ہوتی ہے۔اس کا تیزابی محلول مستحکم ہوتا ہے لیکن یہ آہستگی سے تحلیل ہوتا ہے۔اس کے تحلیل ہونے کی وجہ تخفیفی عامل ہوتے ہیں۔

سیلی سیلیٹ (Salicylates):

یہ تکسیدی عامل ہے جو یہ حالت آئرن یا الکلی کے محلول میں پیدا کرتا ہے اور یہ تکسید کی وجہ سے سیاہ رنگ کا ہو جاتا ہے۔یہ عمل سوڈیم بائی سلفائیٹ' سوڈیم ہائپوفاسفائیٹ' سوڈیم تھائیوسلفیٹ کی موجودگی میں رک جاتا ہے۔یہ کاپر سالٹ کے ساتھ سبز' نائٹرک یا نائٹرس ایسڈ کے ساتھ زرد رنگ کا بن جاتا ہے۔یہ لیڈ' مرکری اور بسمتھ سے متاثر ہوتا ہے۔

سیلی سیلیٹ کے محلول سے معدنیاتی ایسڈ' سیلی سیلک ایسڈ کو خارج کر دیتا ہے۔الکوحل کی مقدار کم ہو تو مرسوب بھی ہو جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

سیلی سیلیٹ حل پذیر کونین کو مرسوب کر کے کونین سیلیٹ بنا دیتا ہے۔

سیلی سیلک ایسڈ(Salicylic Acid):

اس ادویاتی جز کا عام کریم کے ساتھ تضاد ہوتا ہے کیونکہ یہ کریم صابون کی مدد سے تیار کی ہوتی ہے اور جب صابون سے تیزاب کا عمل ہوتا ہے تو وہ تحلیل ہو جاتا ہے اور مرہم درست شکل میں نہیں رہتی۔

سلور نائٹریٹ(Silver Nitrate):

یہ دواء بہت سے تخفیفی عاملوں کے ساتھ تخفیف ہو جاتا ہے۔اس میں آرسینائیٹ' ہائپوفاسفیٹ' ٹارٹریٹ' شکر' ٹینن' فیرس سالٹ' اُڑنے والے تیل اور بہت نامیاتی چیزیں شامل ہیں۔

یہ روشنی کا اثر قبول کرتا ہے اور روشنی کے اثر سے سیاہ ہو جاتا ہے۔معتدل محلول کی حالت میں برومائیڈ' کلورائیڈ' کرومیٹ' آرسینائیٹ کے ذریعے سے مرسوب ہو جاتا ہے۔اس کے علاوہ ٹینک ایسڈ' پوٹاشیم پرمیگنیٹ' سٹریٹ' سلفیٹ زیادہ مقدار میں ہو تو مرسوب بنا سکتے ہیں۔تیزابی محلول میں کلورائیڈ' برومائیڈ اور آیوڈائیڈ ناحل پذیر ہیں۔

سلور پروٹین(Silver Protein):

اگر اس کا محلول بنا کر اس کو سٹور کر دیا جائے تو کافی عرصہ کے بعد مواد تہہ نشین ہو جاتا ہے۔سلور ہیلائیڈ تیار کرنے کی صورت میں وہ کولائیڈ کی شکل میں رہتا ہے۔اس کے ساتھ اگر مرکیورک کلورائیڈ کو ملایا جائے تو فوری طور مرسوب بنتا ہے۔فیرک کلورائیڈ عارضی طور پر مرسوب بناتا ہے۔

ٹینک ایسڈ(Tannic Acid):

یہ ادویاتی شئے بہت سے الکلی نما' دھاتی نمکیات' شکر نما' اینٹی پائرین' البیومن' جیلی ٹن' پیپ سین' نشاستہ کے ساتھ مرسوب بناتی ہے۔اکثر تکسیدی عامل ٹے نن کے ساتھ عمل کرتے ہیں۔اس طرح کے مرکبات کو کھرل کیا جائے تو اس سے دھماکہ ہو سکتا ہے۔یہ ایتھائیل نائٹرائیٹ سپرٹ کے ساتھ تحلیل ہو جاتا ہے۔اس کے علاوہ گیس کا اخراج ہوتا ہے۔ٹینک ایسڈ کے عمل سے آیوڈین کا رنگ ختم ہو جاتا ہے اور ہائیڈرو آیوڈک ایسڈ بن جاتا ہے۔ٹینک ایسڈ کا محلول ہوا اور روشنی کا اثر قبول کرتا ہے' بتدریج کالا ہو جاتا ہے۔

تھایامائن ہائیڈروکلورائیڈ(Thiamine Hydrochloride):

اگر اس کے تیزابی محلول کی 5pH سے 3.5 ہو تو یہ مستحکم رہتا ہے۔اس کے علاوہ خشک حالت میں قائم رہتا ہے۔الکلی اس کو ختم کر دیتی ہے۔مرکیورک کلورائیڈ' آیوڈین' پکرک ایسڈ' ٹے نن سے یہ مرسوب ہو جاتا ہے۔ہوا سے متاثر نہیں ہوتا لیکن تکسیدی عامل سے متاثر ہوتا ہے۔

برومائیڈ' فیرس سلفیٹ' آئرن' امونیم سٹریٹ' فینوباربی ٹال' کونین اور سٹرکنین کا الگژر اس کو مرسوب کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

Scanned by CamScanner

سفوف

(Powders)

دواء جب خشک صورت میں ہو اور باریک ذرات کی شکل میں ہو تو یہ ادویاتی حالت سفوف یا Powder کہلاتی ہے۔ اس کو ٹھوس ٹکڑوں کو مشین میں پیس کر یا ہاون میں پیس کر تیار کیا جاتا ہے۔ یہ قدرتی طور پر ایسی شکل میں ہو سکتا ہے۔ سفوف کے ذرات کا سائز مختلف ہو سکتا ہے۔ ان کا سائز مائیکرون میں ہوتا ہے۔ سفوف یا پاؤڈر کو اندرونی اور بیرونی دونوں مقاصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

دواء سازی میں سفوف کی شکل کی دواء کو زمانہ قدیم سے دواء کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے لیکن وقت کے ساتھ دواء کی نئی صورتیں جیسے گولیاں، کیپسول وغیرہ ایجاد ہونے سے اس کا استعمال کم ہو گیا ہے۔

سفوف کی کئی اقسام ہیں اور اس کے استعمال کے کچھ فوائد بھی ہیں اور نقصانات بھی ہیں۔

سفوف کے فوائد (Advantages of Powder):

- ★ اس کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اس کو دواء کے طور پر استعمال کرنے کے لئے تیار کرنا آسان ہے۔
- ★ مریض اس کو اپنے پاس سہولت سے رکھ سکتا ہے۔
- ★ اس سے دواء بہتر طور پر تیار کی جا سکتی ہے۔
- ★ اس کو منہ کے راستے استعمال کرنے پر یہ معدہ میں جا کر بہت جلد انتڑیوں میں جذب ہو جاتا ہے۔
- ★ پاؤڈر کی شکل میں دواء کا ادویاتی تضاد بہت کم ہوتا ہے۔
- ★ اس کو قلیل مقدار میں بھی استعمال کروانا ہو تو آسانی ہوتی ہے۔
- ★ سفوف مائع کے مقابلہ میں زیادہ مستحکم ہوتا ہے کیونکہ اس میں تعاملات کم ہوتے ہیں۔
- ★ یہ ذرات کی شکل میں ہونے کی وجہ سے زیادہ نفوذ پذیر ہوتا ہے۔
- ★ اس کو بآسانی نگلا جا سکتا ہے یا کسی چیز کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

Scanned by CamScanner

سفوف کی اقسام

(Types of Powder)

سفوف کو اس کے ذرات کی موٹائی کے لحاظ سے کئی اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ اس کے استعمال کے حوالہ سے بھی اقسام ہیں، ہم مندرجہ ذیل میں سب اقسام کا ذکر کر رہے ہیں:

زیادہ موٹا سفوف:

یہ سفوف کافی موٹا ہوتا ہے اس کے ذرات کا سائز 2000 مائیکرون سے 10000 مائیکرون تک ہوسکتا ہے۔اس طرح کا سفوف نمکیات کا سفوف یا بلبلے والا سفوف ہوسکتا ہے۔یہ 2 سے 8 نمبر کی چھلنی سے گزر سکتا ہے۔

موٹا سفوف:

یہ وہ سفوف ہوتا ہے جس کے ذرات 600 مائیکرون سے 800 مائیکرون تک موٹے ہوتے ہیں۔یہ ذرات 20 سے 30 نمبر کی چھلنی سے گزر سکتے ہیں۔

درمیانہ موٹا سفوف:

اس سفوف کے ذرات 300 مائیکرون سے 250 مائیکرون تک کے سائز کے ہوتے ہیں۔یہ سفوف 40 سے 50 نمبر کی چھلنی سے گزر سکتا ہے۔

باریک سفوف:

اس سفوف کے ذرات 200 مائیکرون سے 250 مائیکرون تک کے ہوتے ہیں۔یہ سفوف 60 سے 80 نمبر کی چھلنی سے گزر سکتا ہے۔

انتہائی باریک سفوف:

اس سفوف کے ذرات کا سائز 33 سے 199 مائیکرون ہوتا ہے۔یہ سفوف 80 سے 120 نمبر کی چھلنی سے گزر سکتا ہے۔

بہت ہی باریک سفوف:

یہ سفوف بہت باریک ہوتا ہے۔اس کے ذرات 1 سے 20 مائیکرون سائز کے ہوتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

دیگر اقسام

(Other Types)

مفرد سفوف:

یہ ایسا سفوف ہوتا ہے کہ جس میں صرف ایک مفرد دواء شامل ہوتی ہے جیسے اسپرین پاؤڈر۔

مرکب سفوف:

یہ ایک سفوف یا پاؤڈر ہوتا ہے جس میں ایک سے زیادہ ادویات شامل ہوتی ہیں جیسے اے-پی-سی پاؤڈر۔

اندرونی استعمال کے سفوف:

یہ وہ سفوف ہوتے ہیں جو کھلائے جاتے ہیں۔ان کی خوراک کا عام وزن 120 ملی گرام سے 3.5 گرام تک ہوتا ہے۔اس کی مقدار 120 ملی گرام سے کم ہو تو لیکٹوز ملا کر اس کی مقدار 120 ملی گرام کر دی جاتی ہے۔

بیرونی استعمال کے سفوف:

یہ ایسے سفوف یا پاؤڈر ہوتے ہیں جو بیرونی طور پر استعمال کئے جاتے ہیں۔ان کو جلد پر لگانے یا زخموں پر چھڑکنے یا دانتوں پر ملنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

سفوف کا استعمال

استعمال کروانے کے لئے پاؤڈر کو کاغذ پر ڈال کر دیا جاتا ہے۔مریض اس پاؤڈر کی خوراک کو زبان پر ڈال کر پانی کے ذریعے نگل لیتا ہے۔بعض پاؤڈر پانی میں حل کر کے استعمال کروائے جاتے ہیں بالخصوص بچوں کو پاؤڈر چمچ کے اندر گھول کر دیا جاتا ہے۔بدذائقہ سفوف کیپسول یا کیچٹ میں بند کر کے بھی استعمال کروایا جاتا ہے۔

کچھ افراد بچوں میں سفوف شہد کے اندر ملا کر استعمال کروانے کی سفارش بھی کرتے ہیں جو درست نہیں ہے۔

سفوف کی تیاری

(Prepration of Powder)

جب کوئی سفوف (Powder) تیار کرنا ہو تو اس کو مندرجہ ذیل مراحل سے گزرنا ہوتا ہے:

★ سب سے قبل پیسنے یا Grinding کا مرحلہ آتا ہے۔اس میں دواء کو مشین کے ذریعے پیسا جا سکتا ہے، ہاون دستہ میں پیسا جا

Scanned by CamScanner

ہے' کھرل میں ڈال کر باریک کیا جاسکتا ہے۔

★ پیسنے کے بعد دوسرا مرحلہ دواء کو چھاننے کا ہے اس کے لئے مطلوبہ نمبر کی چھلنی کا استعمال کیا جاتا ہے۔

★ سفوف کی تیاری کے مراحل میں ایک مرحلہ سفوف کے وزن کرنے کا بھی ہے۔

★ پیسنے کے بعد اس کو مکس کیا جاتا ہے تاکہ اگر سفوف مرکب ہے تو تمام اجزاء آپس میں یکجان ہو جائیں۔اس مقصد کے لئے سفوف کو ہاتھ کی مدد سے مکس کیا جاسکتا ہے۔اس کے علاوہ سفوف کو باہم ملانے یا مکس کرنے کے لئے کند چھری (Spatula) کا استعمال بھی کیا جاسکتا ہے۔

★ سفوف کو پیسنے کے بعد اس میں سے موٹا اور باریک سفوف الگ کرلیا جاتا ہے۔اس کام کے لئے مختلف نمبروں کی چھلنیاں استعمال کی جاتی ہیں۔

★ سفوف کی تیاری کا آخری مرحلہ سفوف کی پڑیا باندھنا بھی شامل ہے اس کے لئے مختلف مقدار کی پڑیاں باندھی جاتی ہیں۔

سفوف کی تیاری میں احتیاط:

جب کسی دواء کا سفوف (Powder) تیار کیا جاتا ہے تو اس سلسلہ میں چند ایک باتوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے جیسے آیوڈین یا مرکیورک کلورائیڈ کے مرکبات کو کھرل میں ڈال کر باریک کرنے کے لئے شیشے کا کھرل استعمال کرنا چاہئے کیونکہ اس طرح کا کھرل مادے کو جذب نہیں کرتا۔نباتاتی پاؤڈر نکس وامیکا' سقمونیا کو سختی سے نہیں پیسنا چاہئے۔ان کو نرم ہاتھ سے کھرل کرنا چاہئے۔ایسی ادویات جو ہوا سے نمی حاصل کرتی ہوں جیسے سوڈیم کلورائیڈ' کیلشیم کلورائیڈ وغیرہ ان کو احتیاط سے کھرل کرنا چاہئے اور پیسنے کے بعد فوری طور پر بوتل میں بند کرنا چاہئے تاکہ نمی سے خراب نہ ہوں۔

سفوف کو کیچٹ یا کیپسول میں بند کرنا

(Powders Enclosed in Cachets & Capsules)

کیچٹ (Cachets):

کیچٹ کی تیاری ویفر کے میٹریل سے ہوتی ہے۔اس کے لئے آٹا اور پانی کو گرم حالت میں بڑے سلنڈر کے درمیان رکھ کر ملایا جاتا ہے۔اس میں پانی بھاپ بن کر اُڑ جاتا ہے اور ویفر کی تہہ باقی رہ جاتی ہے۔کیچٹ دو طرح کے ہوتے ہیں: ایک خشک تہہ والا کیچٹ اور دوسرا نم دار کیچٹ۔

★ نم دار کیچٹ کو مشین کے ذریعے پیک کیا جاتا ہے۔یہ مشین دھاتی پلیٹوں پر مشتمل ہوتی ہے جو قبضہ کے ذریعے کھولی اور بند کی جا سکتی ہیں۔پلیٹوں کو کھول کر مرکزی [illegible]

Scanned by CamScanner

پلیٹ کو اوپر لاتے ہیں جس کے ذریعے کیپٹ کا دوسرا حصہ پہلے حصے سے جڑ جاتا ہے۔ معمولی دباؤ کے اثر سے ان کو جوڑ دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد کیپٹ کو باہر نکال لیا جاتا ہے اور خشک کر لیا جاتا ہے۔

★ کیپٹ کی دوسری صورت خشک کیپٹ کی ہے' ان کو بھی مشین کے ذریعے بھرا جاتا ہے۔ یہ دو نصف حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ مشین دو پلیٹوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس کے حصوں کو الگ کر کے ایک پلیٹ میں ایک حصہ اور دوسری پلیٹ میں دوسرا حصہ رکھا جاتا ہے۔ ایک حصہ میں مشین کے ذریعے سے سفوف بھر دیا جاتا ہے اور اس کے دوسرے نصف حصے مشین کے ذریعے ان کے اوپر لگا دیئے جاتے ہیں۔ اس میں ایک طریقہ میں دونوں نصف حصے بھر کر فکس کئے جاتے ہیں۔

کیپسول(Capsules):

کیپسول جیلے ٹن کے میٹریل سے تیار کئے ہوتے ہیں۔ یہ کافی سخت ہوتے ہیں۔ دو حصوں پر مشتمل ہوتے ہیں ایک اس کا جسم اور دوسرا اس کا ڈھکنا۔

ان کو محدود پیمانے پر ہاتھ کی مدد سے بھر لیا جاتا ہے۔ اس کا ڈھکن اُتار کر جسم میں دواء بھر کے اس کا ڈھکن لگا دیا جاتا ہے۔

اس کو کمرشل سطح پر آٹومیٹک مشین کے ذریعے بھرا جاتا ہے۔ اس مشین میں کیپسول خود ہی کھلتا ہے۔ اس میں دواء بھری جاتی ہے اور پھر وہ کیپسول خود ہی بند ہو جاتا ہے۔ آج کل کیپٹ کا استعمال نہ ہونے کے برابر ہے۔ ادویات کو بھرنے کے لئے کیپسول ہی استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ مختلف سائز کے ہوتے ہیں اور اس نسبت سے ان میں دواء کی مقدار ہوتی ہے۔ ان کو بھرنے کے بعد ایسے ڈبوں میں رکھا جاتا ہے جس میں نمی کا اثر نہ ہو۔ نمی کے اثر سے یہ نرم ہو سکتے ہیں۔ اسی وجہ سے جب ان کو شیشیوں میں پیک کیا جاتا ہے تو اس کے اندر خاص دواء کی تھیلی رکھی جاتی ہے جو ان کو خشک رکھتی ہے۔

بلبلے چھوڑنے والا سفوف

(Effervescent Powder)

یہ بلبلے چھوڑنے والا سفوف عام طور پر دانے دار ہوتا ہے۔ یہ عام طور پر تیزابی اور کھاری ادویات کا مرکب ہوتے ہیں۔ اس کی خاص مقدار پانی میں حل کر کے استعمال کی جاتی ہے اور وہ پانی میں مل کر بلبلے چھوڑتا ہے۔

اس سفوف میں بلبلے تیزاب اور کھار کے آپس میں ملنے سے کیمیائی عمل کے نتیجہ میں کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس کے اخراج کی وجہ سے ہوتے ہیں۔

یہ عام طور پر سٹرک ایسڈ اور ٹارٹارک ایسڈ کے ساتھ سوڈا بائی کارب کو شامل کر کے تیار کیا جاتا ہے۔ اس میں شکر بھی شامل کی جاتی ہے۔

اس میں سوڈیم بائی کاربونیٹ کے ایسڈ کے ساتھ ملنے سے بلبلے بنتے ہیں۔ اس حالت کو فوار بھی کہا جاتا ہے۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اخراج سے ہی فوار حاصل ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

سٹرک ایسڈ اور ٹارٹارک ایسڈ کی وجہ سے اس کا اثر تیزابی ہوتا ہے اور اس سے ذائقہ بھی اچھا ہو جاتا ہے۔

اس کو نہانے کے لئے اُبلتے پانی کے ساتھ گرم چینی کی پلیٹ میں رکھا جاتا ہے۔ پاؤڈر ڈالنے سے قبل پلیٹ کو گرم کر لیا جاتا ہے۔ ایک سے دو منٹ کے اندر سٹرک ایسڈ قلموں کی وجہ سے نمی والا ہو جاتا ہے۔ اس کو آہستگی سے چمچ کے ساتھ ہلایا جاتا ہے۔ اس کو پلیٹ کی اطراف سے حرارت دی جاتی ہے۔

اس سفوف کو 8 سے 10 نمبر کی چھلنی سے گزارہ جاتا ہے۔ اس طرح یہ ایک جیسا دانے دار ہو جاتا ہے۔

بی-پی فارمولا:

سوڈیم سلفیٹ قلمی	500 گرام
سوڈیم بائی کاربونیٹ	500 گرام
ٹارٹارک ایسڈ پاؤڈر	240 گرام
سٹرک ایسڈ پاؤڈر	210 گرام

بیرونی استعمال والے سفوف

(Powders for External Use)

جو سفوف بیرونی استعمال کے ہوتے ہیں' ان میں زخموں پر یا جلد پر چھڑکنے والا پاؤڈر ہو سکتا ہے یا دانتوں پر ملنے والا پاؤڈر ہو سکتا ہے۔

ڈسٹنگ پاؤڈر (Dusting Powder):

یہ سفوف (Powder) مقامی استعمال کے لئے ہوتا ہے۔ یہ زہریلا نہیں ہوتا' یہ نہایت لطیف حالت میں ہوتا ہے۔ اس وجہ سے یہ خراش یا سوزش پیدا نہیں کرتا۔ اس کو 100 نمبر کی چھلنی سے گزارہ جاتا ہے۔

یہ ڈسٹنگ پاؤڈر جلد پر گرمی دانوں کے لئے چھڑکا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ پاؤڈر زخموں پر بھی چھڑکنے کے کام آتا ہے۔

خاص طرح کے سفوف ناک' کان' حلق اور اندام نہانی میں استعمال ہوتے ہیں۔

آبریزش سفوف (Douche Powder):

یہ پاؤڈر مکمل طور پر حل پذیر ادویات پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس کو استعمال سے قبل پانی میں حل کر کے جسم کے کسی جوف میں ڈالا جاتا ہے۔ اس طرح کا پاؤڈر اندام نہانی میں ڈالا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ کان' ناک' آنکھ کے لئے استعمال ہو سکتا ہے۔ یہ بہت باریک قسم کا پاؤڈر ہوتا ہے۔

دانتوں کا سفوف (Dental Powder):

اس طرح کا سفوف مختلف اجزاء کو ملا کر دانتوں پر ملنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ دانتوں کی صفائی کے لئے ہو سکتا ہے اور

Scanned by CamScanner

دانتوں کی امراض کے لئے بھی ہوسکتا ہے۔اس کے اجزاء کو بھی باریک حالت میں رکھا جاتا ہے۔اس کو عرف عام میں منجن کہا جاتا ہے۔

نسوار کرنا (Insufflation):

یہ سفوف بہت باریک کر کے تیار کیا جاتا ہے۔اس کا استعمال جسم کے کسی جوف مثلاً ناک' کان' گلا' اندام نہانی یا دانتوں کی جڑوں میں کیا جاتا ہے۔اس کو مقام کی مناسبت سے الگ الگ طریقہ سے استعمال کرایا جاتا ہے۔اس کے استعمال کے لئے ایک آلہ Insufflator بھی استعمال کیا جاتا ہے۔اس کا استعمال بہت کم ہوتا ہے۔

بیرونی استعمال کے پاؤڈر کی تیاری

(Preparing Powder for External Use)

جب بیرونی استعمال کے لئے سفوف یا پاؤڈر کی تیاری کی جاتی ہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل مراحل طے کئے جاتے ہیں:

★ سب سے قبل ہر ایک قلمی جز کو باریک پیس لیا جاتا ہے۔

★ ہر جز کو مطلوبہ مقدار میں وزن کر لیا جاتا ہے اور صعودی ترتیب سے ملایا جاتا ہے۔

★ اس کے بعد ان اجزاء کو چھلنی سے عام طور پر 80 نمبر کی چھلنی سے گزارہ جاتا ہے۔

مثال:

مثال کے طور پر گرمی دانوں کے پاؤڈر کی تیاری بیان کی جارہی ہے:

اجزاء: سلفر 4ڈرام زنک آکسائیڈ 6ڈرام

بورک ایسڈ 6ڈرام سٹارچ 6ڈرام

تمام اشیاء کو باریک پاؤڈر میں تبدیل کر کے ان کو آپس میں ملا دیں اور اس کے بعد اس کو باریک چھلنی سے گزار لیں اور اس کے بعد یہ پاؤڈر استعمال کے لئے تیار ہوگا۔

حل پذیر اشیاء والے سفوف

(Powder Containing Liquefiable Substances)

کچھ اشیاء ایسی ہوتی ہیں جو ملانے پر مائع بن جاتی ہیں جیسے مینتھول' فینول' کافور وغیرہ۔

ان اشیاء میں سے دو یا زیادہ جز والے سفوف کو مندرجہ ذیل طریقہ سے ملایا جاتا ہے:

★ سب سے قبل ہر ایک قلمی جز کو باریک کر لیں۔

★ ہر جز کو مطلوبہ مقدار میں وزن کر لیں۔اس کے بعد بتدریج حل پذیر اشیاء کو باہم ملائیں۔

Scanned by CamScanner

★ آخر میں 80 نمبر کی چھلنی سے گزار لیں۔

مثال:

زنک سلفیٹ	12.50 گرام	فینول	0.20 گرام
تھائی مول	0.10 گرام	مینتھول	0.20 گرام
سیلی سیلک ایسڈ	0.50 گرام	بورک ایسڈ	80.50 گرام

سیلی سیلک ایسڈ کے سفوف کو زنک سلفیٹ کے سفوف کے ساتھ ملائیں۔ اس کے بعد بورک ایسڈ ملائیں، تین حصوں میں تقسیم کر کے ایک میں مینتھول ایک میں تھائی مول اور ایک میں فینول ملائیں اس کے بعد سب کو ملا دیں اور آخر میں چھلنی سے گزار لیں۔

مائع کے حامل سفوف

(Powder Containing Liquids)

ڈسٹنگ پاؤڈر میں بعض اوقات ایسے پاؤڈر بھی ہوتے ہیں جن کا ایک جز مائع تیل ہوتا ہے جو عام طور پر جراثیم کش ہوتا ہے۔ اس کو خشک جز کی طرح ہی استعمال کیا جاتا ہے اور دیگر اجزاء کے ساتھ ملایا جاتا ہے۔

مثال:

بورک ایسڈ

سٹارچ باریک

ٹنکچر بینزوائن کمپوزیٹو

اس کی تیاری کے لئے سٹارچ اور بورک ایسڈ کو ایک پلیٹ میں ملائیں اس کے بعد اس میں ٹنکچر ملا دیں اور اچھی طرح سے مکس کریں۔ اس کے بعد پلیٹ کو گرم پانی کے برتن پر رکھ دیں۔ اس کو اس قدر گرم کریں کہ یہ خشک ہو جائے اس کے بعد اس کو چھلنی سے گزار لیں۔

ڈسٹنگ سفوف میں آیوڈین

(Iodine in Dusting Powder)

یہ سہولت محلل کے اضافے سے ہوتی ہے۔ اس کو آیوڈین والے سفوف میں استعمال کرنا چاہئے۔ لازمی ہے کہ تیزی سے اُڑنے والے محلل کا انتخاب کیا جائے۔

½ اونس بورک ایسڈ کیلئے 1% آیوڈین کی ضرورت ہوتی ہے۔ الکوحل میں آیوڈین حل پذیر ہوتی ہے اور اس کو استعمال کیا جاتا ہے۔ آیوڈین کا الکوحلک محلول فارما کوپیا کے طریقہ سے تیار کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد ان کو باہم ملا کر الکوحل کو اُڑنے کا موقع دیا جاتا ہے اور خشک ہونے پر اس کو چھلنی سے گزار لیا جاتا ہے۔ آیوڈین دھاتوں کے ساتھ عمل کرتی ہے اس لئے بالوں والی چھلنی کا استعمال کرنا چاہئے۔

Scanned by CamScanner

فارمیسی کی مصنوعات

دواءسازی یا فارمیسی کے شعبے میں مریضوں کے استعمال کے لئے جو ادویات تیار کی جاتی ہیں اور یہ کئی ایک اشکال میں ہوتی ہیں۔ یہ گولیوں، کیپسول، سیرپ وغیرہ کی شکل میں ہوتی ہیں۔ اب ہم اس باب میں ان مصنوعات کا ذکر کریں گے۔

پلز (Pills)

گولیاں یا پلز ان کو قرص بھی کہا جاتا ہے۔ یہ خاص شکل کی ہوتی ہیں۔ عام طور پر یہ گول شکل کی ہوتی ہیں۔ یہ مختلف وزن کی ہوتی ہیں۔ ایک اچھی قرص یا پلز کی مندرجہ ذیل خصوصیات ہوتی ہیں:

حل پذیری:

گولیوں میں یہ خوبی ہونی چاہئے کہ وہ معدہ میں جا کر جلد حل ہو جائے۔ ایسے بھی ہوتا ہے کہ تازہ گولی میں یہ خاصیت ہوتی ہے لیکن وقت گزرنے کے ساتھ اس کی حل پذیری کم ہو جاتی ہے یا ختم ہو جاتی ہے۔

یکسانیت:

اس سے مراد یہ ہے کہ گولیوں کی شکل ایک جیسی ہو، ان کا سائز ایک جیسا ہو اور ان کا وزن ایک جیسا ہو۔

شکل وصورت:

گولی کی شکل گول بھی ہو سکتی ہے اور بیضوی بھی ہو سکتی ہے۔ بیضوی قرص بآسانی نگلی جا سکتی ہے۔

گولیوں کا سائز:

گولیاں یا Pills مختلف سائز کی ہو سکتی ہیں، مختلف وزن کی ہو سکتی ہیں۔ ان کا وزن ایک گرین سے پانچ گرین تک ہو سکتا ہے۔ ان کے وزن کے لحاظ سے مقدار خوراک مقرر کی جاتی ہے۔

اگر گولی کو ایک گرین سے کم دواء شامل کر کے تیار کرنا ہو تو اس کے لئے اس میں کوئی دوسرا میٹریل شامل کیا جاتا ہے اور اس کے لئے لیکٹوس یا ملٹھی کا سفوف شامل کیا جاتا ہے اور گولی کا وزن ایک گرین رکھا جاتا ہے۔

اس بات کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے کہ شامل کیا جانے والا وسیلہ گولی کے سائز کو بڑا نہ کر دے اس صورت میں گولی کم وزن کی رکھی جاتی ہے اور اس کی مقدار خوراک دو گولیاں رکھ دی جاتی ہے۔

ذائقہ:

گولیاں کس ذائقہ کی ہیں، یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ وہ بدذائقہ ہیں یا خوش ذائقہ ہیں۔ اس کے لئے ان پر تہہ چڑھائی جاتی ہے۔ اس کے لئے شکر کی تہہ چڑھائی جاتی ہے، وارنش کی جاتی ہے، سلور کیا جاتا ہے۔ تہہ اس طرح کی ہونی چاہئے جو جلد اُتر جائے اور گولی کے

Scanned by CamScanner

کھلنے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔ سخت ناحل پذیر تہہ حل ہونے سے روکتی ہے۔ اس عمل کے نتیجہ میں گولیاں خوش ذائقہ اور خوش شکل ہو جاتی ہیں۔

گولیوں کی تیاری

(Preparation of Pills)

تیاری کے لئے اجزاء کا وزن کیا جاتا ہے' ان کو کھرل میں ڈالا جاتا ہے اور اجزاء کو آپس میں اچھی طرح سے مکس کیا جاتا ہے۔ جب تمام اجزاء آپس میں مکس ہو جائیں تو اس کے بعد اس میں وسیلہ کی مطلوبہ مقدار ڈال جاتی ہے۔

گولیوں کے لئے وسیلہ کا انتخاب بہت اہم ہے۔ درست انتخاب سے ہی درست گولی بنتی ہے۔ اس کے بعد دواء کو اچھی طرح کھرل کر کے نمی دے کر گوندلیا جاتا ہے اور اس کے بعد گولی کی تیاری کا اگلا مرحلہ شروع ہوتا ہے۔

گولیاں رول کرنا:

جب درست طریقہ سے مرکب تیار کر لیا جاتا ہے تو اس کو گوند کر کھرل سے نکال لیا جاتا ہے اور خیال رکھا جاتا ہے کہ میٹریل کھرل کے ساتھ چمٹا نہ رہے۔

اس کے بعد پلز بورڈ کی ہموار سطح پر ٹیلکم پاؤڈر چھڑکا جاتا ہے اور اس مرکب کو اس کے اوپر ایک سلنڈر کی شکل میں رول کیا جاتا ہے۔

مرکب کو اس قدر رول کیا جاتا ہے کہ وہ مطلوبہ سائز تک باریک ہو جائے۔ خیال رہے کہ رول پوری لمبائی میں ایک جیسا ہی موٹا ہو' اگر یہ موٹائی ایک جیسی نہ ہوگی تو گولی درست نہیں بنے گی۔

گولیوں کو کاٹنا:

میٹریل کو رول کرنے کے بعد اگلا مرحلہ گولیوں کو کاٹنے کا ہے۔ اس میں گولیوں کے وزن کا بھی انحصار ہوتا ہے اور وزن کا انحصار مشین کے سائز پر بھی ہوتا ہے۔ 4 گرین والی مشین پر 3 گرین کی گولی بھی بن سکتی ہے۔

اس کے بعد رول کو مشین کے کاٹنے والے حصے پر رکھ دیا جاتا ہے۔ رول سے کتنی گولیاں بنانی ہیں اس حساب سے کٹر کو سیٹ کر لیا جاتا ہے اور پھر کٹر کی مدد سے گولیوں کو کاٹ لیا جاتا ہے۔

اگر مشین کا سائز درست نہ ہو تو گولی گول شکل کی نہیں بنتی اس کو گول کرنا پڑتا ہے۔ اگر گولی کو گول کرنا ہو تو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کا استعمال درست نہیں بلکہ گولی کو ہتھیلی پر رکھ کر دوسرے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے گول کرنا چاہئے۔

گولی بناتے وقت خیال رکھیں کہ ان میں کوئی دراڑ نہ ہو' کوئی کریک نہ ہو۔

گولیوں کو گول کرنا:

جب کٹر کی مدد سے گولیوں کو کاٹ لیا جاتا ہے تو اس کے بعد ان کو گول کرنے کا مرحلہ آتا ہے۔ اس عمل سے قبل پاؤڈر چھڑک دیا جاتا ہے تاکہ گولیاں آپس میں چپک نہ جائیں۔ مشین کے بکس میں گولیوں کو ڈال کر بکس کو گول دائرے میں لگایا جاتا ہے۔ یہ آہستگی سے

Scanned by CamScanner

اور پھر تیزی سے کیا جاتا ہے۔اس طرح کرنے سے گولیاں گول شکل اختیار کر لیتی ہیں۔اگر گولیاں گول ہونے سے رہ جائیں تو ان پر یہ عمل دوبارہ دوہرائیں حتیٰ کہ گولیاں گول ہو جائیں۔جب گولیاں درست طریقہ سے گول ہو جاتی ہیں تو ان کی سطح بھی چمکدار نظر آتی ہے۔

گولیوں کو ڈبے میں بند کرنا:

اب گولیوں کو ڈبے میں رکھ دیا جاتا ہے۔تھوڑی دیر تک بکس کا منہ کھلا رکھا جاتا ہے تا کہ وہ ہوا سے سخت ہو جائیں بکس میں ٹیلکم پاؤڈر ڈال دیا جاتا ہے تا کہ گولیاں آپس میں چپکیں نہیں۔اگر گولیاں چپک جائیں تو اس کا مطلب ہے کہ وسیلہ درست استعمال نہیں ہوا۔

گولیوں کا وسیلہ:

عام طور پر نسخہ کے اندر وسیلہ کا ذکر نہیں ہوتا۔یہ دواء تیار کرنے والے کا فیصلہ ہوتا ہے۔اس حوالہ سے وسیلہ کا انتخاب کرتے وقت خیال رکھنا چاہئے کہ آپ کو اس وسیلہ کی خصوصیات کا مکمل علم ہو۔کوئی اس طرح کا وسیلہ استعمال نہیں کرنا چاہئے کہ جو دواء کے ساتھ کسی طرح کا کیمیائی عمل کرے۔غلط وسیلہ کی وجہ سے گولی ناحل پذیر ہو سکتی ہے اور اس طرح وہ ہضم نہیں ہوتی اور مقاصد حاصل نہیں ہوتے۔

وسیلہ اس طرح کا ہونا چاہئے کہ جو دواء کے رنگ کو تبدیل نہ کرے۔دواء کا اصل رنگ برقرار رہے۔مثال کے طور پر مرکیورک آیوڈائیڈ کی گولیوں کا رنگ سرخ اور کونین سلفیٹ کی گولیاں سفید ہونی چاہئے۔

گولیوں کی تیاری میں کئی طرح کے وسیلے استعمال ہوتے ہیں، چند ایک کا ذکر کیا جا رہا ہے:

★ اکیشیا یا گوند کیکر کو وسیلہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔اس کی مدد سے جو گولیاں تیار ہوتی ہیں، وہ خشک ہونے کے بعد زیادہ سخت ہو جاتی ہیں۔اس لئے کیکر کی گوند کے ساتھ گوند کتیرا ملا کر استعمال کرنا چاہئے۔اس سے بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

★ کیلشیم فاسفیٹ کو وسیلہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔اس کا استعمال اس وقت کیا جاتا ہے جب استعمال ہونے والا وسیلہ چکنا ہو تو اس کا استعمال اس کی چکناہٹ کو کم کر کے گولی کو درست کر دیتا ہے۔

★ گلیسرین کی مدد سے بھی گولیاں تیار کی جاتی ہیں جو گولیاں گلیسرین کی مدد سے تیار کی جاتی ہیں، وہ ملائم ہوتی ہیں اس میں 1/3 حصہ پانی بھی ملایا جاتا ہے اس سے نتائج بہتر ہو جاتے ہیں۔

★ ایک اور وسیلہ گلوکنتھ ہے۔اس میں ٹریگا کنتھ 1/2 اونس، گلیسرین 2/3 اونس، پانی 1/2 اونس، سپرٹ آف گلوکوز 2/5 اونس شامل ہوتی ہے۔ان اجزاء کے ملنے سے ایک بہترین وسیلہ بن جاتا ہے۔

★ ایک وسیلہ گلوکوز سیرپ بھی ہے۔یہ ایک بہترین وسیلہ ہے۔گلوکوز لیکوڈ 12 حصے گلیسرین 4 حصے اور پانی ایک حصہ ملا کر اس وسیلہ کو تیار کیا جاتا ہے۔

★ لینولین بھی ایک وسیلہ ہے جو آکسیجن والے مادوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔آکسیجن والے مادے کی دو گرین مقدار کے ساتھ کے اولین ایک گرین ملائی جاتی ہے اور وول فیٹ کی معمولی مقدار شامل کی جاتی ہے۔اس سے بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

★ صابن کو بھی بطور وسیلہ استعمال کیا جاتا ہے۔اس کا استعمال تیل کو جذب کرنے کے لئے کیا جاتا ہے۔مناسب مقدار میں سخت

Scanned by CamScanner

صابن کا سفوف اور ملٹھی کا سفوف شامل کر کے وسیلہ تیار کیا جاتا ہے۔

★ ٹنکچر جن شن بھی ایک وسیلہ ہے۔اس کو شیرہ میں ملا کر اس سے وسیلہ تیار کیا جاتا ہے۔اس کا استعمال کونین کی گولیوں میں بہترین ہے۔

پلز کوٹنگ

(Pills Coating)

اس سے مراد گولیوں کے اوپر کسی چیز کی تہہ چڑھانا ہے۔اس کی ضرورت مندرجہ ذیل حالات میں پیش آ سکتی ہے:

★ دواء کے بدذائقہ کو چھپانے کے لئے اس پر کوٹنگ کر دی جاتی ہے۔

★ دواء کے مادہ کو معدے کے تیزابی اثر سے بچانے کے لئے تا کہ گولی معدہ سے گزر جائے اور ڈیوڈینم میں جا کر کھلے۔

★ دواء کے مادے کو موسمی اثرات سے بچانے کے لئے کوٹنگ کی جاتی ہے۔

★ گولیوں کی خوبصورتی کو بڑھانے کے لئے کوٹنگ کی جاتی ہے۔

★ کوٹنگ کے لئے کئی طرح کی تہہ چڑھائی جاتی ہے' ان کی تفصیل آگے آئے گی۔

وارنشنگ (Varnishing):

اس کے لئے گولیوں کی سطح کے اوپر رال دار دواء کی ایک تہہ چڑھا دی جاتی ہے۔گولیوں کو کئی طریقہ سے وارنش کیا جاتا ہے' ایک اچھا طریقہ یہ ہے:

★ سندرس ایک حصہ

★ مائع ایتھر ایک حصہ

★ الکوحل 95% ایک حصہ

ان تمام اشیاء کو ایک بوتل میں ڈال کر باہم حل کر لیا جاتا ہے اور درج ذیل طریقہ سے اس سے گولیوں کو وارنش کیا جاتا ہے:

گولیوں کو وارنش کرنا ہو تو ان کو ایک چپٹی تہہ والی ڈبی میں ڈالا جاتا ہے۔اگر اس میں 24 گولیاں ہوں تو وارنش میٹریل کے 10 سے 15 قطرے ڈالیں اور ڈبیہ کو جھٹکا دیں اور پھر آہستہ آہستہ ہلائیں تا کہ گولیاں آپس میں چپک نہ جائیں۔اس کے بعد تھوڑی دیر تک ہلاتے رہیں اور بعد میں ڈبیہ کا ڈھکن کھول کر گولیوں کو ایک سل پر انڈیل دیں۔سل کو پہلے سے بادام روغن سے چکنا کر لیں۔آدھے منٹ کے بعد ان کو شیشے کی سلاخ کی مدد سے ہلائیں اور خشک ہونے کے بعد بکس میں ڈال لیں۔

ایسی گولیاں جو ایتھر یا الکوحل میں حل ہو سکتی ہوں' ان کو اس عمل سے قبل کیکر کی گوند کی تہہ چڑھائی جاتی ہے۔

چاندی چڑھانا (Silvering):

آج کل گولیوں پر چاندی چڑھانے کا رواج کم ہو گیا ہے۔حکیم حضرات آج بھی گولیوں پر چاندی چڑھاتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

گولیوں پر چاندی چڑھانے سے قبل یا تسلی کرلیں کہ گولیوں کا مادہ ایسا نہ ہو جو چاندی کے ساتھ عمل کرے۔ اگر ایسا مادہ ہو تو پہلے گولیوں کو وارنش کریں اس کے بعد چاندی چڑھائیں جیسے سلفر والی ادویات وغیرہ۔

گولیوں پر چاندی چڑھانے سے قبل ان کو صاف کرلیا جاتا ہے۔ اس کے بعد ایک ڈبیہ لی جاتی ہے۔ چاندی کے چند ورق ڈبیہ میں ڈالے جاتے ہیں۔ ہاتھ پر پانچ یا چھ گولیاں رکھ کر ان کو اکیشیا کے لعاب سے تر کرلیا جاتا ہے۔ ان لعاب سے تر گولیوں کو ڈبیہ میں ڈال دیا جاتا ہے اور اس کا منہ بند کر کے اس کو زور زور سے گھمایا جاتا ہے۔ اس کے بعد گولیوں کو ڈبیہ سے نکال کر خشک ہونے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے۔ جب گولیاں خشک ہو جائیں تو پھونک مار کر فالتو ورق اُڑا دیئے جاتے ہیں اور چاندی چڑھی گولیاں تیار ہو جاتی ہیں۔

پرل کوٹنگ (Pearl Coating):

پرل کوٹنگ میں گولیوں کے اوپر ٹیلک کی تہہ چڑھا دی جاتی ہے اس طرح کا طریقہ زیادہ تر تجارتی پیمانہ پر کیا جاتا ہے۔ اس عمل کے بعد بہت خوبصورت گولیاں تیار ہو جاتی ہیں۔ ان کی سطح ہموار ہوتی ہے۔

گولیوں کو پرل کوٹنگ کرنے کے لئے مندرجہ ذیل مواد درکار ہوتا ہے:

★ گوند کتیرا (ٹریگا کینتھ) کا لعاب
★ گوند کیکر (اکیشیا) کا لعاب
★ سیرپ (شربت)

(تینوں ہم وزن)

پرل کوٹنگ کے لئے برتن میں اس لعاب کی تھوڑی سی مقدار ڈالی جاتی ہے اس میں مناسب تعداد میں گولیاں ڈال کر ہلایا جاتا ہے حتیٰ کہ لعاب سے گیلی ہو جاتی ہیں۔ اب ان گولیوں کو ایسے برتن میں ڈالا جاتا ہے جس کے اندر ٹیلکم ہوتا ہے۔ یہ ٹیلکم بہت ہی باریک ہوتا ہے اب اس کو مسلسل ہلایا جاتا ہے اس طرح ان پر ٹیلکم کی تہہ چڑھ جاتی ہے۔ اس کے بعد ان گولیوں کو ایک ایسے بیگ میں ڈالا جاتا ہے جس کے اندر فلالین لگی ہوتی ہے اس میں ڈال کر گولیوں کو مسلسل ہلانے سے وہ بہترین طریقہ سے پالش ہو جاتی ہیں۔

جیلاٹن کوٹنگ (Gelatin Coating):

اس طریقہ کو بھی تجارتی پیمانے پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ایک بہترین طریقہ ہے۔ اس کام کو تجارتی پیمانے پر کرنے کے لئے گولیوں کو ایک دھات کی پلیٹ کی زیریں سطح پر بنی چھوٹی چھوٹی نالیوں کے منہ میں پھنسا دیا جاتا ہے۔ اس پلیٹ کو سریش کے مائع محلول میں ڈبویا جاتا ہے اور پھر نکال کر خشک کرنے کے لئے رکھ دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد ان کو ایک اور پلیٹ میں پھنسا کر یہ عمل کیا جاتا ہے۔ اب ان کو خشک کرلیا جاتا ہے۔

محلول کا فارمولا مندرجہ ذیل ہے:

★ جیلاٹن سریش 1 حصہ
★ بورک ایسڈ محلول 10 حصے
★ اکیشیا لعاب 1 حصہ

Scanned by CamScanner

کیرے ٹین کوٹنگ (Keratin Coating):

اگر گولیوں کو معدے کے تیزابی اثر سے بچا کر آنتوں تک پہنچانا ہو تو اس وجہ سے گولیوں کے اوپر کیرے ٹین کی کوٹنگ کی جاتی ہے۔اس کو آئیل آف تھیوبرما کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے۔اس آئیل کو کوٹنگ کے وقت گولیوں پر ملا جاتا ہے۔جب تھیوبرما کی تہہ خشک ہوجاتی ہے تو گولیوں کو ایک پلیٹ میں ڈال کر کیرے ٹین سلوشن کے ساتھ زور زور سے ہلایا جاتا ہے اس طرح کرنے سے گولیوں پر کوٹنگ ہوجاتی ہے۔اس کے بعد گولیوں کو خشک کرلیا جاتا ہے۔

سیلول کوٹنگ (Salol Coating):

یہ بھی کوٹنگ کی ایک صورت ہے۔اس کو انہی حالات اور مقاصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جس کے لئے کیرے ٹین کوٹنگ کی جاتی ہے۔اس کے لئے سیلول کوٹنگ کی جاتی ہے۔

اس کوٹنگ کا فارمولا بمطابق برٹش فارما کو پیا یہ ہے:

- ★ سیلول 2 حصے
- ★ شیلک 3 حصے
- ★ الکوحل 3 حصے
- ★ ایتھر 3 حصے

ان تمام اجزاء کو ایک بوتل میں ڈالا جاتا ہے اور سیلول وارنش تیار کیا جاتا ہے اس کو کیرے ٹین کوٹنگ کی طرح ہی کوٹ کیا جاتا ہے۔

شوگر کوٹنگ (Sugar Coating):

اس کا استعمال کمرشل سطح پر کیا جاتا ہے۔یہ عمل شوگر کوٹنگ کرنے والی ایک خاص مشین کے ذریعے کیا جاتا ہے۔اس کو وسیع پیمانہ پر ہی کیا جاسکتا ہے، محدود طور پر نہیں کیا جاتا۔اس طریقہ میں گولیوں کو خاص مشین میں شوگر اور دیگر اجزاء کے ساتھ ڈال کر گھمایا جاتا ہے۔ اس طرح ان پر شوگر کوٹنگ ہوجاتی ہے۔

ٹکیاں (ٹیبلٹ)

(Tablets)

یہ ٹکیاں کسی ایک دواء کی ہوسکتی ہیں اور مرکب دواء کی بھی ہوسکتی ہیں۔اس طرح کی ٹکیاں خاص مشین کے ذریعے تیار کی جاتی ہیں۔اس کے لئے دواء کو پہلے دانہ دار شکل دی جاتی ہے۔اس کے بعد اس دانے کو مشین میں ڈال کر ٹکیاں تیار کی جاتی ہیں۔مختلف سائز اور وزن کی ٹکیاں تیار کی جاسکتی ہیں جس سائز یا وزن کی ٹکیاں بنانی ہوتی ہیں اس نسبت سے ڈائی مشین میں لگائی جاتی ہے۔ اگر دواء دانے دار نہ ہو، ٹکیاں بنانا مشکل ہوتا ہے۔پاؤڈر کو دانے دار بنانے کے لئے کسی وسیلہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔دواء کے

Scanned by CamScanner

پاؤڈر کو کسی لیس دار وسیلہ کے ساتھ ملا کر اس کو نمی دے کر 22 نمبر کی چھلنی سے گزار کر دانہ تیار کر لیا جاتا ہے۔

وسیلے:

وہ اشیاء جن کے ساتھ ملا کر دواء کو دانے دار بنایا جاتا ہے۔ ان میں الکوحل، پانی، گلوکوز، اکیشیا، نشاستہ، تھیوبرما آئیل شامل ہیں ان میں سے کسی مناسب دواء کو استعمال کر کے دانے دار سفوف تیار کر لیا جاتا ہے۔

ٹکیاں بنانے کی مشین:

کچھ عرصہ قبل تک اس طرح کی ٹکیاں بنانے کے لئے بہت سادہ مشین استعمال ہوتی تھی۔ اس کو دستی مشین بھی کہا جا سکتا ہے۔ اس کے ذریعے ہاتھ کی مدد سے مشین کے ذریعے ایک وقت میں ایک گولی تیار ہوتی تھی۔ ایک گولی کا میٹریل ڈال کر ڈائی کو ضرب لگا کر دوا تیار کی جاتی تھی۔

اب بہت اعلیٰ قسم کی مشینیں ایجاد ہو چکی ہیں، ایک مشین لیور کے اصول پر کام کرتی ہے اس کو ہاتھ سے چلایا جا سکتا ہے۔ یہ ایک منٹ میں 50 تک گولیاں نکال سکتی ہے۔ اس کے علاوہ بجلی سے چلنے والی آٹومیٹک مشین بھی موجود ہے جو کافی تیز رفتاری سے گولیاں نکالتی ہے۔

مشین میں خاص حصہ میں دانہ ڈالا جاتا ہے مطلوبہ شکل اور سائز کی ڈائی فٹ کر دی جاتی ہے، وزن کے حساب سے ڈائی کو سیٹ کر دیا جاتا ہے اور مشین کو چلا دیا جاتا ہے۔ مشین ڈائی میں آٹومیٹک طریقہ سے دواء بھرتی ہے اور گولیاں بنتی چلی جاتی ہیں۔ مشین کی حرکت سے ڈائی میں دانہ بھرتا ہے۔ ڈائی دبتی ہے اور گولی تیار ہو جاتی ہے۔ ایک لیور سے تیار شدہ گولی ہٹ جاتی ہے اور اگلی گولی کے لئے دانہ بھر جاتا ہے۔ اس طرح یہ سلسلہ جاری رہتا ہے۔

یہ ٹکیاں گول اور دیگر اشکال کی ہو سکتی ہیں۔

دبی ہوئی ٹکیہ (ٹیبلٹ) کی تیاری کے مراحل

دانہ دار کرنے والے ایجنٹ (Granulating Agents):

کچھ اشیاء ایسی ہیں جو دواء کو دانہ دار بناتی ہیں۔ اس مقصد کے لئے استعمال کی جانی والی اشیاء میں اکیشیا لعاب، ٹریگا کینتھ، نشاستہ کا لعاب، گلوکوز کا محلول، جیلے ٹن، پروپائل الکوحل اور ایسی ٹون شامل ہیں۔

ان اشیاء کے ساتھ سفوف کو گیلا کیا جاتا ہے جس سے وہ باہم مربوط ہو جاتا ہے۔ اس مرحلہ میں اس کو چھلنی سے گزارہ جاتا ہے اور اس کے نتیجہ میں دانہ دار سفوف حاصل ہوگا۔ چھلنی کے سائز کے لحاظ سے بننے والے سفوف کے دانے کا سائز ہوگا۔ چھلنی سے گزارنے والا مادہ اس طرح کا ہونا چاہئے کہ وہ جالی کے ساتھ چپکے نہیں جو مادہ چپکے گا وہ زیادہ گیلا ہوگا اور دانہ درست نہیں بنے گا۔ اس کے بعد اس دانہ دار سفوف کو دھوپ میں پھیلا کر یا حرارت دے کر خشک کر لیا جاتا ہے۔ اس کو سوکھانے کے لئے خاص قسم کے اوون استعمال کئے جاتے

Scanned by CamScanner

ہیں۔اگر خشک کرنے کے عمل کے دوران کچھ دانے جڑ جائیں تو بعد میں اس کو دوبارہ چھلنی سے گزارہ جاسکتا ہے۔

نمی والی اشیاء:

ایسی اشیاء جو کسی طرح کی مشکلات پیدا کرسکتی ہوں' ان میں ایسی چیزیں بھی ہوتی ہیں جو نمی والی ہوتی ہیں اور ابھی نمی برقرار رکھتی ہیں۔ان کو خشک کرلینا چاہئے تاکہ گولی بنانے میں دقت نہ ہو۔

اُڑنے والے تیل (Volatile Oil):

ادویات میں اُڑنے والے تیل بھی ایک جز کے طور پر شامل ہوسکتے ہیں۔اگر دواء کا دانہ بنانے اور اُس کو خشک کرنے کے عمل سے قبل اس طرح سے اُڑنے والے تیل شامل کردیئے جائیں تو اکثر وہ ضائع ہوجاتے ہیں۔اس لئے ان کو خشک کرنے کے عمل کے بعد گولی بنانے سے قبل شامل کرنا چاہئے۔

گولی کو دبانا (Compression):

گولی کو دباؤ دینے کی مختلف صورتیں ہیں۔سب سے قبل خشک سفوف کو دبا کر بڑی گولیاں (Slug) بنائی جاتی ہیں۔یہ کام مشین سے ہوتا ہے۔یہ کام پاؤڈر نیڈنگ کے ذریعے سے ہوتا ہے۔ان کو دانہ دار کرنے کے لئے دانہ بنانے والی مشین میں ڈالتے ہیں۔

پہلے دباؤ کے لئے باریک سفوف بہتر ہوتا ہے لیکن سخت گولیوں کے لئے یہ درست نہیں۔ڈائی میں سفوف ضرورت سے زیادہ بھرا جاتا ہے اضافی سفوف کو مشین خود ہی صاف کردیتی ہے۔

بڑی گولیوں پر اضافی دباؤ ڈالنے سے مشین پر دباؤ میں اضافہ ہوجاتا ہے۔بڑی گولیاں دبانے سے ٹوٹ جاتی ہیں اور ٹکڑے ڈائی سے باہر آجاتے ہیں۔اس کو کشن یعنی اضافی دباؤ کہتے ہیں۔اس عمل سے ممکنہ وجہ جو توڑ پھوڑ کے لئے لازمی ہے' سے بچا جاسکتا ہے۔ایک حرارت اور نمی اس کے ساتھ اُڑنے والا تیل کسی حد تک ضائع ہوتا ہے۔

خشک نچوڑ (Dry Extract):

جب دانے دار کرنے کے لئے میٹریل کو چھلنی سے گزارہ جاتا ہے تو اس میں استعمال ہونے والا مادہ اس کو چپکا دیتا ہے۔طریقہ مادہ کو نچوڑ کر گیلا کردیا جاتا ہے یا خشک کردیا جاتا ہے اور اس کے بعد مناسب مشین کا استعمال کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ کچھ دواء ساز ایکٹریکٹ کو دانے دار شکل میں تیار کرتے ہیں۔ Cascar Sagrada کافی مقدار میں گولیوں کے اندر استعمال ہوتا ہے۔

پرکولیٹ کو فضائی دباؤ کے زیر اثر ارتکاز کرتے ہیں تاکہ چپکنے والا مائع بن جائے۔اس کے بعد دباؤ کو تیزی سے کم کیا جاتا ہے۔ دباؤ کے اچانک کم ہونے سے نیم ٹھوس چیز پھول جاتی ہے اور مسام دار مادہ تیار ہوتا ہے۔اس کے بعد تبخیر مکمل ہونے پر اس کا دانہ بنا لیا جاتا ہے۔

دواء کو جوڑنے والے (Binder):

کچھ اشیاء جو پانی' الکوحل یا کسی سادہ سے محلل کے ساتھ دانہ دار بن جاتی ہیں وہ آسانی سے ٹوٹ بھی جاتی ہیں اور ان سے بنی

Scanned by CamScanner

گولیاں بھی ٹوٹ جاتی ہیں۔اس مسئلہ کے حل کے لئے جو چیز اس کو جوڑنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے اس کو بائنڈر (Binder) کہتے ہیں۔اس کو دانہ ایجنٹ کے ساتھ ملایا جاتا ہے اور یہ بہتر طریقہ ہے۔عام طور پر جو بائنڈر استعمال ہوتا ہے ان میں گوند کیکر (اکیشیا) گوند کتیرا (ٹریگا کینتھ)، جیلے ٹن، گلوکوز، سکروز وغیرہ شامل ہیں۔ان کی مقدار خاص تناسب سے ڈالی جاتی ہے۔

چکنا کرنے والے (Lubricants):

وہ اشیاء جو چکنا کرتی ہیں ان کو Lubricants کہا جاتا ہے۔گولی بنانے کے عمل میں دباؤ کے دوران دانے دار میٹریل پنچ کے ساتھ چپک جاتا ہے۔یہ حالت Picking کہلاتی ہے۔اس وجہ سے تیار ہونے والی گولی کی سطح ہموار نہیں ہوتی۔اس کے علاوہ پنچ پر خراش ہونے کی وجہ سے بھی پکنگ کی حالت پیدا ہوسکتی ہے۔اس حالت پر قابو پانے کے لئے دانوں میں چکنا کرنے والا مادہ لگایا جاتا ہے۔گولیوں میں ٹالک کا سفوف بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

بیرونی استعمال کی گولیوں میں بورک ایسڈ کا استعمال فائدہ مند رہتا ہے۔اس کے علاوہ کیلشیم، میگنیشیم سٹریٹ اور سخت صابن کا استعمال بھی کیا جاتا ہے۔اگر پنچ میں کرومیم کا استعمال ہو تو اس سے بھی اس چپکنے کی حالت کو روکا جاسکتا ہے۔

اکثر صورتوں میں چکنا کرنے والی اشیاء کو پکنگ سے بچنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے لیکن پوٹاشیم آیوڈائیڈ اور پوٹاشیم برومائیڈ کو بغیر چکنا کئے استعمال کیا جاتا ہے۔چکنا کرنے سے گولی کی سطح ہموار ہوتی ہے اور وہ پالش بھی ہو جاتی ہے۔

تحلیل کرنے والے (Disintegrating):

کچھ گولیاں ایسے اجزاء سے بنتی ہیں جو ناحل پذیر ہوتے ہیں۔اس طرح کی گولیاں نگلنے کے بعد معدے میں تحلیل نہیں ہوتیں ان کو تحلیل کرنے کے لئے جو اجزاء استعمال ہوتے ہیں وہ Disintegrating کہلاتے ہیں۔

اس مقصد کے لئے ایسی اشیاء استعمال کرتے ہیں جو نم ہو کر پھول جائیں یا جو درجہ حرارت سے پگھل جائیں یا نمی پاتے ہی فوار کا عمل کریں۔

اس کے لئے مکئی اور آلو کا نشاستہ کا استعمال بہترین رہتا ہے۔اگر آدھی دواء میں سوڈیم بائی کاربونیٹ اور آدھی میں ٹارٹارک ایسڈ ملا دیا جائے اور بعد میں رات کو خشک ہونے کے بعد مکس کر کے گولی بنالی جائے تو یہ گولی میں جاتے ہی نمی فوار پیدا کرتی ہے اور تحلیل ہو جاتی ہے۔

Scanned by CamScanner

پیسٹلز اور چوسنے والی گولیاں

(Pastels & Lozenges)

پیسٹلز (Pastels):

یہ اصل میں چھوٹے گلائیکو جیلاٹن مادے ہوتے ہیں۔ یہ جیلاٹن اور گلیسرین کی بنیاد سے تیار کئے جاتے ہیں۔
برٹش فارماکوپیا کے اندر ایک گلائیکو جیلاٹینم کے نام سے فارمولا درج ہے جو اس کے لئے ایک بنیاد فراہم کرتا ہے' یہ فارمولا مندرجہ ذیل ہے:

★ جیلاٹن سریش	200 گرام
★ گلیسرین	400 گرام
★ سکروز	50 گرام
★ سٹرک ایسڈ	20 گرام
★ سوڈیم بینزوایٹ	200 گرام
★ لیموں کا تیل	1 ملی لیٹر
★ قرمزی رنگ کا محلول	10.4 ملی لیٹر
★ اورنج فلاور واٹر	62.5 ملی گرام
★ ڈسٹلڈ واٹر	100 گرام

جیلاٹن سریش کو اس سے ڈیڑھ گنا پانی میں بھگویا جاتا ہے حتیٰ کہ وہ نرم ہو جاتی ہے۔ اس کو گلیسرین کے ساتھ ملایا جاتا ہے اور واٹر باتھ میں گرم کیا جاتا ہے۔ جیلاٹن کے حل ہونے پر اس میں سکروز' سٹرک ایسڈ' بینزوایٹ' لیموں کا تیل اور دیگر اجزاء ڈال دیئے جاتے ہیں۔ اس کے بعد ان کو ململ کے کپڑے سے چھان لیا جاتا ہے۔ اس کو کسی برتن میں ڈال دیا جاتا ہے اور ٹھنڈا ہونے پر کسی تیز چاقو سے کاٹ لیا جاتا ہے یا سانچے میں ڈال کر جمایا جاتا ہے۔

لوزنجز (Lozenges):

یہ سخت مادہ ہوتا ہے' اس کی بنیاد چینی ہوتی ہے اور اس میں دواء شامل کی جاتی ہے۔ ان کو منہ میں رکھ کر آہستہ آہستہ چوسا جاتا ہے
اس طرح کی لوزنجز کو عام طور پر گلے کی سوزش یا ہاضمہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
لوزنجز کی بنیاد سکروز اور اکیشیا ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ پانی اور دواء ملا کر مرکب تیار کیا جاتا ہے۔
مادے کو لکڑی کے تختے پر رولر کے ذریعے ہموار کیک کی شکل دی جاتی ہے۔ رول کرنے سے قبل بورڈ پر نشاستہ چھڑک لیا جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

اگر اس کو رنگدار بنانا ہو تو اس میں رنگ ملایا جاتا ہے۔

اب ایک کٹر کی مدد سے اس کو مناسب اور مطلوبہ سائز میں کاٹ لیا جاتا ہے۔ کاٹنے کے بعد جو ٹکڑے بچ جاتے ہیں ان کو دوبارہ رول کر کے کاٹا جاتا ہے۔ اس کے بعد ان کو 150 سینٹی گریڈ پر گرم ہوا کے ذریعے خشک کر لیا جاتا ہے۔ اگر اس میں فراری مادہ ہو اس کو کم درجہ حرارت پر خشک کریں۔

لوشن

(Lotion)

لوشن دواء کی مائع شکل ہے۔ لوشن کو عام طور پر جلد کے اوپر لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ عام طور پر ان کی خاصیت جراثیم کش ہوتی ہے۔

ان کے اندر الکوحل یا گلیسرین نہیں ہوتی۔ یہ ان کے بغیر کیمیائی اجزاء کے آبی محلول ہوتے ہیں اس کے علاوہ جو خاص لوشن الکوحل کے ساتھ تیار کئے جاتے ہیں۔ ان کی خاصیت ٹھنڈی اور تیز ہوتی ہے۔ ان کو جلد پر لگانے سے اس جگہ پر کافی دیر تک ٹھنڈک برقرار رہتی ہے۔

لوشن کی تیاری میں گوند کا استعمال نہیں ہوتا لیکن اگر کسی صورت اس کا استعمال بہت ہی ضروری ہو جائے تو پھر اس میں اکیشیا کی نسبت ٹریگا کینتھ کا استعمال بہتر رہتا ہے۔

ایسے لوشن بھی ہوتے ہیں جن کے اندر کوئی زہریلا مادہ ہوتا ہے۔ اس کو بہت صاف بوتل میں تیار کیا جاتا ہے اور اس کے اوپر ''صرف بیرونی استعمال کے لئے'' لکھ دینا لازم ہے۔ اس کے علاوہ اس کے اوپر ''زہر'' کا لیبل بھی لگائیں۔ وہ لوشن جو زہریلے نہیں

تیار کر کے لیبل بوتلوں میں رکھا جاتا ہے۔ عام طور پر اس کے لئے عنبری رنگ کی بوتل استعمال کی جاتی ہے۔

Scanned by CamScanner

لوشن کی درجہ بندی

(Classification of Lotion)

لوشن کی درجہ بندی یا گروہ بندی کی جائے تو اس کو ہم تین طرح کے لوشن میں تقسیم کر سکتے ہیں:

1- سادہ لوشن

2- ناحل پذیر اشیاء والے لوشن

3- ادویاتی تضاد والے لوشن

1- سادہ لوشن:

اکثر لوشن کا شمار سادہ لوشن میں ہی ہوتا ہے۔

مثال:

لیڈ کے لوشن کے لئے لیڈ کے ہلکے محلول کا فارمولا بی پی کے مطابق یہ ہے:

Strong Solution of Lead	1.25 ml
Distilled Water (جس کو کشید کر کے ٹھنڈا کیا گیا ہو)	
Sufficient to Produce	1000 ml

لیڈ سب ایسی ٹیٹ کا قوی محلول تیار کرنے کا طریقہ:

لیڈ سب ایسی ٹیٹ کے 12.5 اونس قوی محلول سے 1000 اونس ہلکا محلول تیار ہوتا ہے۔

4 اونس ہلکا محلول تیار ہو:

$$\frac{4 \times 12.5}{1000}$$

قوی محلول:

$$= \frac{400 \times 4 \times 12.5}{1000}$$

اس محلول کی تیاری میں استعمال ہونے والا صاف پانی کاربن ڈائی آکسائیڈ سے پاک ہونا چاہئے' لیڈ کاربونیٹ مرسوب نہ ہو۔

6 اونس صاف پانی فلاسک میں لے کر دس منٹ تک اُبالا جاتا ہے اس کے بعد اس کو ٹھنڈا کر لیا جاتا ہے اور فارمولا کے مطابق ادویات ملا دی جاتی ہیں۔

Scanned by CamScanner

2- ناحل پذیر اشیاء والے لوشن:

لوشن میں ناحل پذیر اشیاء کو محلول کی طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر وہ نفوذ پذیر نہ ہوں تو ان کو معلق کیا جاتا ہے۔ بعض اشیاء کو معلق کرنے سے پرہیز کیا جاتا ہے اس کا انحصار خاصیت پر ہوتا ہے کہ اس چیز کی خاصیت کیا ہے اور حالت کیا ہے۔

مثلاً کیلامن کا استعمال لوشن میں ہوتا ہے، وہ زنک کاربونیٹ پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس کو مرسوب کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے۔ فیرک آکسائیڈ کو رنگ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ایک لطیف قسم کا نفوذ ہونے والا پاؤڈر ہے۔ اگر خالص کیلامن ہو تو بھاری ہوتا ہے، یہ پانی میں کچھ دیر تک معلق رہتا ہے۔

ناحل پذیر اشیاء نیچے تہہ نشین ہو جاتی ہیں اس کے لئے معلقی ایجنٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کے لئے ٹریگا کینتھ کا استعمال بہترین ہے۔ جب لوشن کے لئے کسی معلق ایجنٹ کی ضرورت ہو تو ٹریگا کینتھ لوشن کے 1/4 کے برابر استعمال کیا جاتا ہے۔

ناحل پذیر اشیاء زنک آکسائیڈ، مرسوب سلفر، کیلامن، زنک کاربونیٹ، بسمتھ آکسی کلورائیڈ وغیرہ ہیں۔

سلفر کو ہلایا جائے تو وہ نفوذ پذیر ہو جاتی ہے، باقی کے لئے کسی معلقی ایجنٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔

★ لوشن کی تیاری کے لئے حل پذیر اور ناحل پذیر سفوف کو ایک ساتھ باریک کیا جاتا ہے اور اگر فارمولا میں درج ہو تو گلیسرین کے ساتھ اس پیسٹ بنایا جاتا ہے ورنہ پانی کا استعمال کریں۔

★ اس میں دیگر اشیاء کو شامل کریں، اس کو ہاون سے پیمانہ میں ڈالیں۔ اس کو حتمی حجم کا 3/4 تک پورا کریں۔

★ پیمانے کے اندر تمام اجزاء کو ملائیں، سفوف کے تہہ نشین ہونے کی مقدار نوٹ کریں۔ اگر یہ زیادہ ہو تو ٹریگا کینتھ کے لعاب کو استعمال کریں ورنہ پانی سے حجم پورا کرلیں۔

3- ادویاتی تضاد والے لوشن:

لوشن کے اندر ادویاتی تضاد کو بعض اوقات خود سے پیدا کیا جاتا ہے اور جو چیز تیار ہوتی ہے۔ وہ تعامل کے نتیجہ میں تیار ہوتی ہے۔ طاقتور محلول کے آمیزہ کے مقابلے میں کمزور محلول زیادہ لطیف مرسوب بناتے ہیں۔ اس میں عامل اجزاء کو آبی واسطہ میں الگ الگ کر کے ملانا چاہئے اور اس کے بعد ان کو آپس میں ملانا چاہئے۔ اس طرح یہ نفوذ پذیر ہوتا ہے اور عام طور پر معلقی ایجنٹ کی ضرورت نہیں ہوتی۔

مثال:

☆- زنک سلفیٹ ☆- پوٹاشیم سلفریٹ

☆- پانی 4 اونس

پوٹاشیم سلفریٹ اصل میں پوٹاشیم سلفائیڈ اور پوٹاشیم کے دیگر مرکبات کا آمیزہ ہے۔ اگر یہ تازہ ہو تو حل پذیر ورنہ ناحل پذیر ہے۔ زنک سلفیٹ تعامل کر کے ناحل پذیر زنک سلفائیڈ بناتا ہے جو کہ نفوذ پذیر ہے۔ ہر جز کو پانی میں حل کر کے حجم 2 اونس کرلیں اور مکس کریں

Scanned by CamScanner

لنی منٹس

(Liniments)

یہ دواء مائع شکل میں ہوتی ہے اس کو بیرونی استعمال کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔اس سے جلد پر مالش کی جاتی ہے اس حوالہ سے اس کو طلاء یا مالش والا تیل بھی کہا جاتا ہے۔اس دواء کو براہ راست یا روئی یا فلالین یا کسی کپڑے کے ٹکڑے کی مدد سے جلد پر لگایا جاتا ہے۔

اس طرح کی دواء کی تیاری میں اکثر اوقات الکوحل کا بھی استعمال کیا جاتا ہے۔الکوحل کے استعمال کی وجہ سے دواء کا اثر بڑھ جاتا ہے اور اس کے انجذاب کی صلاحیت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔اس کے مقامی اثر کو اور بڑھانے کے لئے اس میں کافور (کیمفر) کا بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

بہت سے لنی منٹ ایملشن کی طرح تیار ہوتے ہیں لیکن بعض کو پہلے ایملشن تیار کر کے اس میں ادویات کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

مثال:

(ادویاتی اجزاء)

کیلامن	20 گرین
زنک آکسائیڈ	10 گرین
اولیو آئیل	3 ڈرام
لائم واٹر	ایک اونس

* اس کے تیار کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ ایملشن کی طرح تمام ادویات کو ایک بوتل میں ڈال کر ہلایا جاتا ہے۔اس کے بعد کھرل میں ملائے گئے پاؤڈر کو ڈال کر کھرل کیا جاتا ہے۔
* ایک اور طریقہ کے مطابق لائم واٹر کے اندر پاؤڈر کو کھرل کر لیا جاتا ہے۔اس کے بعد تیل کو اس میں ملا دیا جاتا ہے اور زور زور سے کھرل کیا جاتا ہے۔اس طرح کرنے سے بہترین کوالٹی کا ایملشن تیار ہو جاتا ہے۔اگر تیل کی خاصیت تیزابی ہو تو بہترین کوالٹی کا ایملشن حاصل کرنے کے لئے اولک ایسڈ کا ایک یا دو قطرہ ملا دیا جاتا ہے۔

یہ ایک گاڑھا لنی منٹ ہوتا ہے اور تھوڑی دیر کے بعد یہ مزید گاڑھا ہو جاتا ہے۔اس کو ایک کھلے منہ کی بوتل میں ڈال کر رکھا جاتا ہے۔اس کے لئے عام طور پر نیلے رنگ کی بوتلیں استعمال ہوتی ہیں۔

Scanned by CamScanner

پھوار والے محلول

(Spray Solutions)

اس طرح کے محلول عام طور پر تیل والے الکوحل یا گلیسرین کے محلول ہوتے ہیں۔ان کو گلے یا ناک کی بلغمی جھلی (میوکس ممبرین پر پھوار کی طرح چھڑکا جاتا ہے۔آبی گلیسرین یا الکوحل محلول میں مشکل ہوتی ہے۔

تیل والے محلول تیار کرنے کیلئے احتیاط اور مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔تیل والے محلول تیار کرنے کے لئے استعمال ہونے والی بوتل کا مکمل طور پر خشک ہونا بہت ضروری ہے۔

اس میں ٹھوس مادے جیسے کیمفر' آیوڈین یا منتھول کو شیشے کے کھرل میں ڈال کر ان کا باریک سفوف تیار کیا جاتا ہے۔اس کے بعد بوتل کے اندر تیل میں ان کو حل کیا جاتا ہے۔

اس طرح کا محلول بنانے کے لئے یہ طریقہ بھی اختیار کیا جاتا ہے کہ بوتل کو واٹر باتھ میں گرم کر کے یہ محلول تیار کیا جاتا ہے۔اس طریقہ کو استعمال کرتے وقت بوتل کا ڈھکن بند ہونا چاہئے۔

مرہم

(Ointment)

آئنٹ منٹ یا مرہم کو مختلف مادوں کو باہم آمیز کر کے تیار کیا جاتا ہے اس کے لئے روغن' موم' چربی' مکھن وغیرہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

مرہم کو استعمال کرنے کے لئے جلد پر براہ راست یا کسی کپڑے کے ٹکڑے کی مدد سے لگا کر رگڑا جاتا ہے۔بعض مرہم کو رگڑا نہیں جاتا ویسے ہی لگا دیا جاتا ہے جیسے زخم پر لگائی جانے والی مرہم کو رگڑا نہیں جائے گا۔

مرہم کی تیاری کے لئے ٹھوس اجزاء کو 60 نمبر کی چھلنی سے گزار کر اس کی Base میں ملا دیا جاتا ہے اور اگر اس میں کوئی مائع دواء شامل کرنی ہو تو آخر میں شامل کی جاتی ہے۔

مرہم کو ایک سے زیادہ طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے۔اس وقت دو طریقوں کا ذکر کیا جا رہا ہے:

★ رگڑ کر تیار ہونے والی مرہم

★ پگھل کر تیار ہونے والی مرہم

رگڑ کر تیار ہونے والی مرہم:

اگر مرہم کی مقدار ایک اونس سے کم ہو تو اس کی تیاری کے لئے سفید چینی یا سنگ مرمر کا بورڈ استعمال کیا جاتا ہے اور مرہم کو ملانے کے لئے کند چھری (Spatula) کا استعمال کیا جاتا ہے۔اور اگر تیار ہونے والی مرہم کی مقدار ایک اونس سے زیادہ ہو تو پھر اس کے لئے

Scanned by CamScanner

بورڈ کی جگہ پر کھرل اور موصل کا استعمال کیا جاتا ہے۔

مرہم تیار کرنے کے لئے استعمال ہونے والی ایک معیاری بورڈ یا سل 12 انچ مربع ہوتی ہے۔ یہ سفید رنگ کی سنگ مرمر یا چینی کی بنی ہوتی ہے۔ یہ بے داغ ہوتی ہے اور کند چھری 8 انچ لمبی ہوتی ہے۔ یہ کند چھری سٹین لیس سٹیل کی بنی ہوتی ہے۔ اس کے لئے سخت ربڑ کی چھری بھی استعمال کی جاسکتی ہے لیکن سٹین لیس سٹیل سے بنی ہوئی چھری بہتر رہتی ہے۔

مرہم کی تیاری کے لئے جو Base استعمال کی جارہی ہو جو ویزلین یا کوئی اور چیز ہوسکتی ہے اس کو بورڈ پر ڈال کر اس میں دواء کو تھوڑی تھوڑی مقدار میں مکس کیا جاتا ہے۔ دواء کے اجزاء کو مکس کرنے سے قبل باریک کرلیا جاتا ہے۔

کام سل پر ہو یا کھرل میں یہی طریقہ استعمال ہوتا ہے۔ اگر کیلامین کا استعمال ہو رہا ہو تو اس کو چکنائی میں ملانے سے قبل اس میں نباتاتی سفوف اور پانی کے چند قطرے شامل کئے جاتے ہیں۔

اگر مرہم کو کسی قدر سخت کرنا ہو تو اس میں موم کا استعمال کیا جاتا ہے۔

پگھلا کر تیار ہونے والی مرہم:

تیار کی جانے والی مرہم کی بنیاد ویزلین، پیرافین، مکھی کی موم، وول فیٹ یا تیل وغیرہ ہوسکتی ہے۔ یہ اشیاء درجہ حرارت پر ٹھوس حالت میں ہوتی ہیں۔ اس کو مرہم بنانے کے لئے چینی کی پلیٹ میں ڈال کر واٹر باتھ میں رکھ کر گرم کیا جاتا ہے جو مادے زیادہ درجہ حرارت پر پگھلنے والے ہوتے ہیں ان کو الگ کرلیا جاتا ہے اور ان کو دیگر اجزاء سے قبل گرم کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد Base کو پگھلا کر اس کے ساتھ ملا دیا جاتا ہے۔

یہ کام جلدی سے ہوتا ہے اور سب کو ایک ساتھ پلیٹ میں ڈال دیا جاتا ہے لیکن اس کا اچھا طریقہ یہ ہے کہ بنیاد جس میں تیل اور ٹھوس مادہ ہو تو پہلے ٹھوس کو گرم کریں اس کے بعد اس میں تیل گرم کر کے شامل کریں اور اس کے بعد پہلے سے پگھلے ہوئے مادے اس میں شامل کریں۔

زیادہ مقدار مرہم کے لئے کھرل استعمال کریں۔ مرہم کو تیاری کے بعد کھلے منہ کی بوتل میں ڈالا جاتا ہے اور مریض کو کھلے منہ کی ڈبیہ میں ڈال کر دی جاتی ہے۔ مرہم کی سطح پر ایک مومی کاغذ رکھ دینا چاہئے۔

مرہم کی تیاری کیلئے اہم احتیاطیں

بنیادی جز خالص ہو:

مرہم کی تیاری کے لئے استعمال ہونے والے بنیادی اجزاء خالص ہونے چاہئے۔ اگر وہ ناخالص ہوں گے تو اس سے مرہم کی کوالٹی اور افادیت میں فرق آئے گا۔ ویزلین اور موم بالکل خالص اور صاف ہونی چاہئے۔ ان میں گرد و غبار کے اجزاء نہیں ہونے چاہئے۔

Scanned by CamScanner

دھات سے ملاپ نہ ہو:

عام طور پر مرہم کو تیار کرنے کے لئے سٹین لیس سٹیل سے تیار شدہ Spatula استعمال کیا جاتا ہے لیکن کچھ اجزاء سٹیل سے عمل کر سکتے ہیں تو ان اجزاء کے لئے سٹیل کے سپچولا کا استعمال نہ کریں۔

حل پذیر مرکیورک نمکیات' مرکیورک کلورائیڈ اور مرکیورک نائٹریٹ ناحل پذیر مرکبات مرکیورک سالٹ' مرکیورک امونیم کلورائیڈ' مرکیورک آکسائیڈ اور مرکیورس سالٹ سٹیل سے تعامل نہیں کرتے۔

اور کرومیم' نکل وغیرہ سٹین لیس سٹیل سے تعامل کرتے ہیں۔ان کے لئے سٹین لیس سٹیل کا استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

آنکھوں کی مرہم

(Eye Ointment)

جو مرہم آنکھ میں ڈالنے کے لئے استعمال ہوتی ہے اس کو آئی آئنٹ منٹ کہا جاتا ہے۔اس کی تیاری بہت احتیاط سے کی جانی چاہئے۔اس میں اجزاء کے خالص پن کا خاص خیال رکھنا چاہئے۔

آنکھوں کی مرہم عام طور پر ٹیوب میں ڈالی جاتی ہے جس کے اوپر کیپ لگا ہوتا ہے اور ٹیوب میں باریک سوراخ ہوتا ہے جس کے ذریعے مرہم کو آنکھ میں ڈالا جاتا ہے۔

پیکنگ:

مرہم کو عام طور پر پلاسٹک کی ٹیوب وغیرہ میں یا خاص بکس میں رکھا جاتا ہے۔بکس کا ڈھکن دھاتی نہیں ہوتا تاکہ کوئی تعامل نہ ہو۔ٹن کے برتن استعمال نہیں کئے جاتے ایک صورت ہے کہ دھاتی ٹیوب پر تہہ چڑھا کر پیک کی جاسکتی ہے۔

خاص قسم کی ٹیوب میں پیک کی جاتی ہیں اس سے مرہم محفوظ رہتی ہے اور مرہم خراب ہونے سے بچ جاتی ہے۔اس طرح ٹیوبیں پلاسٹک یا کسی دھات کی بنی ہوسکتی ہیں۔مشینوں کے ذریعے ان میں مرہم کو پیک کر دیا جاتا ہے۔

شیاف یا بتی

(Sppositories)

شیاف یا سپوزیٹریز ایک ٹھوس مادہ ہے جو علاج کے لئے جسم کے کسی جوف میں داخل کی جاتی ہے۔یہ مختلف سائز اور مختلف اشکال کی ہوتی ہے' اس کو عرف عام میں بتی بھی کہا جاتا ہے۔ان کے پگھلنے کا درجہ حرارت جسم کے درجہ حرارت سے کم ہوتا ہے۔اس خاصیت کی وجہ سے یہ جسم کے اندر جا کر پگھل جاتی ہیں اور پگھلاؤ کے بعد جسم کے اندر جھلی کے راستے جذب ہو جاتی ہیں اور مطلوبہ نتائج فراہم کرتی ہیں۔

Scanned by CamScanner

شیاف کی بہت سی اقسام ہیں چند اہم اقسام کا ہم ذکر کر رہے ہیں:

ریکٹل سپوزیٹری (Rectal Suppositeries):

اس کو مقعد میں استعمال ہونے والی شیاف یا سپوزیٹری بھی کہا جاتا ہے۔ یہ سپوزیٹریز کی وہ قسم ہے جس کو علاج کی غرض سے مقعد کے اندر داخل کیا جاتا ہے۔ اس کو قبض ختم کرنے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ ان کا 5 سے 30 گرین تک وزن ہوسکتا ہے۔

بچوں اور بڑوں کے لئے اس کا سائز الگ الگ ہوتا ہے۔

ویجائنل سپوزیٹری (Vaginal Suppositeries):

یہ بھی سپوزیٹری کی ایک قسم ہے۔ اس کو اندام نہانی میں داخل کیا جاتا ہے۔ اس قسم کا ایک اور نام Passarie بھی ہے۔ یہ وزن میں 60، 90 اور 120 گرین تک ہوسکتی ہیں۔ یہ قطر میں 5/8 انچ اور 1¼ انچ اور 1½ انچ لمبی ہوسکتی ہیں۔ ان کی شکل اور سائز مختلف ہوتا ہے۔

یہ اندام میں داخل ہونے کے بعد تحلیل ہوکر مقامی طور پر اثر دکھاتی ہے۔ ان کو جراثیم کشی، مانع حمل، مقامی مسکن اور بیکٹیریا کو ختم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ایک کامیاب نتائج دینے والی چیز ہے۔

آج کل مارکیٹ میں بیضوی گولیوں کی شکل میں بھی دواء دستیاب ہے جو اس سپوزیٹری کی طرح اندام نہانی کے اندر رکھنے کے کام آتی ہے۔ اس طرح کی شیاف کو قرص کے طریقہ سے تیار کیا جاتا ہے۔ اس میں موم نہیں ہوتی۔

یورتھرل سپوزیٹری (Urethral Suppositeries):

یہ سپوزیٹری کی وہ قسم ہے جس کو Bougies بھی کہا جاتا ہے۔ ان کا وزن 15 گرین تک ہوتا ہے۔ یہ اندام نہانی والی کے مقابلہ میں باریک اور لمبی ہوتی ہے۔ ان کو پیشاب کی نالی میں رکھا جاتا ہے۔

سپوزیٹریز کی تیاری
(Prepration of Suppositeries)

سپوزیٹری کی تیاری میں مندرجہ ذیل مراحل طے کرنے پڑتے ہیں:

گرم طریقہ:

سپوزیٹریز کو تیار کرنے کے لئے ایک پگھلی ہوئی نباتاتی دوا میں ملا کر اس کو سانچوں میں ڈال کر ٹھنڈا کر لیا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لئے تھوبرما آئیل اور دیگر اجزاء استعمال کئے جاتے ہیں۔

اس مکسچر میں اس طرح کے اجزاء کا انتخاب کیا جاتا ہے جن کا نقطۂ پگھلاؤ جسم کے درجہ حرارت سے کم ہوتا کہ وہ جسم کے اندر جا کر پگھل جائے اور مطلوبہ نتائج حاصل ہوں۔

Scanned by CamScanner

سانچے:

سپوزیٹریز کی تیاری کے لئے خاص طرح کے سانچے تیار کئے جاتے ہیں اس میں دھات کے سانچے بھی استعمال ہوتے ہیں۔ ان کے اندر 6 سے 12 عدد تک سوراخ ہوتے ہیں جن کے اندر پگھلا ہوا مادہ ڈالا جاتا ہے اس طرح ایک وقت میں 6 سے 12 سپوزیٹریز تیار ہو جاتی ہیں۔ سانچوں کو لمبائی کے رخ پر تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ ان دو حصوں کو باہم جوڑا جاتا ہے اس طرح کرنے سے دونوں کے ملنے سے سانچہ کی سوراخ نما شکل بنتی ہے۔

سانچہ کے سائز کے مطابق ہر ایک سوراخ میں 15 سے 30 گرین دواء سما سکتی ہے۔ اس کے استعمال سے قبل اس کی گنجائش چیک کر لی جاتی ہے۔

تیل لگانا:

سپوزیٹریز کی تیاری کے لئے سانچے میں مادہ ڈالنے سے قبل اس کے اندر مناسب قسم کا تیل لگایا جاتا ہے۔ اس کے لئے کسی چیز کو بھگو کر اس کی مدد سے سانچوں کے اندر تیل لگایا جاتا ہے۔ اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ تیل لگاتے وقت سانچے کے اندر روئی یا کپڑے کے ٹکڑے چمٹ نہ جائیں۔ اس مقصد کے لئے مندرجہ ذیل تیل استعمال کئے جا سکتے ہیں:

★	سوپ لنی منٹ	
	گلیسرین	دونوں ہم وزن
★	سوپ لنی منٹ	3 حصے
	روغن	1 حصہ
★	کیسٹر آئیل	1 حصہ
	خالص الکوحل	2 حصے

تھیوبرما کے ساتھ سپوزیٹریز بنانے کا طریقہ

(Suppositeries with Theoborma)

★ اس کے لئے سب سے قبل سانچہ کو اچھی طرح سے تیل لگایا جاتا ہے اور خیال رکھا جاتا ہے کہ اس میں تیل کی زیادتی نہ ہو۔ اس کے بعد اس سانچہ کو کاغذ میں لپیٹ کر ٹھنڈا کر لیا جاتا ہے۔ جب اس میں مادہ ڈالا جائے تو سکڑ چکا ہو۔

★ تھیوبرما کے تیل کا وزن کیا جاتا ہے۔ اس کو چینی کی پلیٹ کے لئے واٹر باتھ میں پگھلایا جاتا ہے۔ واٹر باتھ کا پانی پہلے سے اُبال لینا چاہئے۔ جب اس پر چینی کی پلیٹ رکھیں تو اس کے ساتھ ہی آگ بند کر دی جاتی ہے۔

★ دواء کو وزن کرنے سے قبل اچھی طرح سے باریک کر لیا جاتا اور اس کو چینی کی سل پر رکھ دیا جاتا ہے جس کا درجہ حرارت معتدل ہوتا

Scanned by CamScanner

ہے کہ دواء کو ٹھنڈک نہ پہنچے۔

★ سل پر رکھی دواء میں تھیو برما آئیل ملایا جاتا ہے اور اس کو کند چھری کی مدد سے ملایا جاتا ہے اور پھر مکسچر کو پلیٹ سے اُتار لیا جاتا ہے۔ اس کو اُتارنے کے لئے چاقو کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر سل پر مادہ جم جائے تو اس کو مکس کرنے سے قبل واٹر باتھ پر گرم کر لیا جاتا ہے۔

★ پلیٹ میں رکھی دواء بہت جلد گاڑھی ہونے لگتی ہے۔ اس لئے اس کو جلد از جلد سانچوں میں ڈال دیا جاتا ہے اور سانچے کے سوراخ کو اوپر تک بھر دیا جاتا ہے۔ مادے کو انڈیلتے وقت ہلایا جاتا ہے تا کہ اس کے اندر دواء کی مقدار ایک جیسی رہے۔

★ سانچے کو سرد جگہ پر رکھا جاتا ہے جب وہ ٹھوس صورت اختیار کر لے تو اس کو سانچے سے الگ کر لیا جاتا ہے۔ اس میں تقریباً آدھا گھنٹے کا وقت لگتا ہے۔

★ تیار کردہ سپوزیٹریز کو ایک موی کاغذ میں لپیٹ کر رکھ لیا جاتا ہے۔ ہر سپوزیٹری کو الگ الگ پیک کیا جاتا ہے۔

جیلاٹن کے ساتھ سپوزیٹریز بنانے کا طریقہ

(Suppositeries with Gelatin)

اس مقصد کے لئے گلائیکو جیلاٹن کو سپوزیٹریز بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں بورک ایسڈ، کلورل ہائیڈریٹ، گلیسرین، اکتھامول، سوڈیم، پوٹاشیم، برومائیڈ اور آیوڈائیڈ وغیرہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کام کے لئے جیلاٹن کو مقررہ مقدار پانی میں بھگو دیا جاتا ہے۔ جب وہ اس پانی میں حل ہو جاتی ہے تو اس کو فلٹر کر لیا جاتا ہے۔

گرم گلیسرین کو نرم جیلاٹن سے ملا کر اس وقت تک گرم کیا جاتا ہے جب تک اس کی مقدار موزوں نہ ہو جائے۔

اس کے بعد روئی پر روغن بادام لگا کر اس کو سانچے میں لگایا جاتا ہے۔ اس سے سانچے کو تر کر لیا جاتا ہے۔ جیلاٹن مادہ تھیو برما کے تیل والے سانچے میں اس کی گنجائش 18 گرین ہوتی ہے۔

جب جیلاٹن کو حل کیا جاتا ہے تو مادے کو ضرورت سے زیادہ نہیں ہلانا چاہئے کیونکہ زیادہ ہلانے سے بلبلے بنتے ہیں اور یہ بلبلے سپوزیٹری میں رہ جاتے ہیں جس سے اس کی کوالٹی متاثر ہوتی ہے۔

اگر کسی وجہ سے پگھلے ہوئے مادے کے اوپر جھاگ آ جائے تو اس کو اُتار لینا چاہئے۔ دواء کو پلیٹ میں موجود مادے سے براہ راست ملانا چاہئے اس کو سل کے اوپر ہرگز نہ ملائیں۔

جب سپوزیٹریز کو انڈیلا جائے تو سانچے کے سوراخ کو برابر بھرنا چاہئے۔ اس کو اصل سطح سے زیادہ ہرگز نہ بھریں کیونکہ یہ ٹھنڈا ہونے پر سکڑتا نہیں ہے۔ اس کے علاوہ اس کو کاٹنا مشکل ہوتا ہے۔ اگر اس میں تیل زیادہ بھی ہو تو لگا رہنے دیں۔

تیار ہونے کے بعد سپوزیٹریز کو موی کاغذ میں لپیٹ کر رکھیں۔

Scanned by CamScanner

گلیسرین سوپ سپوزیٹریز بنانے کا طریقہ

برٹش فارماکوپیا کے مطابق گلیسرین جس فارمولے کے اندر موجود ہے وہ گلائیکو جیلاٹن ہے۔گلیسرین کو ہر سپوزیٹری میں ملایا جاتا ہے۔ سوڈیم کاربونیٹ کو واٹر باتھ پر گلیسرین کے ساتھ گرم کیا جاتا ہے حتیٰ کہ وہ اس میں حل ہو جاتا ہے اور اس وقت تک گرم کیا جاتا ہے جب تک بلبلے بند نہ ہو جائیں۔سوڈیم سٹریٹ کو گلیسرین سلوشن میں حل کیا جاتا ہے پھر اس کے اندر سٹرک ایسڈ ملایا جاتا ہے اور مائع کو حرارت دی جاتی ہے اور اس وقت تک گرم کیا جاتا ہے جب تک بلبلے بند نہ ہو جائیں۔

دیگر سپوزیٹریز

(Other Suppositeries)

پیسریز(Passaries):

پیسری کو عام طور پر ریکٹل سپوزیٹری کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔اس کی تیاری میں بھی خاص خیال رکھا جاتا ہے۔اس کی تیاری میں دواء کے وزن مخصوص کی زیادتی کو نظر میں رکھ کر تیار کیا جاتا ہے۔اس کے بعد اس کو تیل لگے سانچوں میں ڈال کر تیار کر لیا جاتا ہے۔ان کو عمومی طور پر گلائیکو جیلاٹن کے مادہ سے تیار کیا جاتا ہے۔

اس بات کا خیال رکھیں کہ 60 گرین تھیوبرما کی گنجائش والے سانچے میں 70 گرین جیلاٹن کی گنجائش ہوتی ہے۔جیلاٹن کو دیگر اجزاء کے ساتھ ملانے سے قبل 100 درجہ سینٹی گریڈ پر گرم کیا جاتا ہے۔

پیسریز کو گیلے دانہ طریقہ سے اور دباؤ سے ٹیبلٹ بنانے کے طریقہ سے بھی تیار کیا جاتا ہے۔اس طرح کی پیسری کو ویجائنل ٹیبلٹ بھی کہا جاتا ہے۔

بوجیز (Bougies):

یہ بھی شیاف کی ایک قسم ہے' اس کو پیشاب کی نالی' کان کے سوراخ اور ناک کے سوراخ میں داخل کرنے کے لئے بنایا جاتا ہے۔ اس کی تیاری کے لئے شیشے کی ٹیوب کو بطور سانچہ استعمال کیا جاتا ہے۔استعمال سے قبل شیشے کی ٹیوب کے اندر تیل لگا دیا جاتا ہے۔اس مقصد کے لئے ٹیوب کو تیل کے اندر ڈال کر نکال لیا جاتا ہے۔

پگھلے ہوئے مادے کو اس ٹیوب میں ڈال دیا جاتا ہے اور اس ٹیوب کو اس وقت کھڑی حالت میں رکھا جاتا ہے جب تک ان کے اندر موجود مادہ ٹھوس شکل اختیار نہ کر لے۔اس کے بعد اس ٹھوس مادے کو ایک تار کی مدد سے باہر نکال لیا جاتا ہے۔اس تیار شدہ نلی نما باریک مادے کو مطلوبہ لمبائی میں کاٹ لیا جاتا ہے۔اس طرح بوجیز تیار ہو جاتی ہیں' ان کو پیک کر کے محفوظ کر لیا جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

ہاتھ سے شکل دینا (Hand Shaping):

جب شیاف یا بتی کی تیاری میں کوکا بٹر استعمال ہوتا ہے تو عام طور پر اس کی شکل ہاتھ سے دی جاتی ہے۔ یہ ایک سادہ طریقہ ہے جو سستا ہے اور اس میں آلات کا استعمال نہیں ہوتا۔ اس حوالہ سے یہ اچھی ہے لیکن اس کو گرم موسم میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے علاوہ اس کی شکل اچھی نہیں ہوتی۔

مولڈنگ (Molding):

یہ ایسی شیاف ہیں جو گلیسرین والی جیلی ٹن کے Base سے تیار کی جاتی ہیں۔ اس کی تیاری کے لئے پگھلے ہوئے مادے کو سانچے میں ڈالتے ہیں اس طرح شیاف تیار کر لی جاتی ہیں۔ اس کے لئے جو سانچے یا مولڈ استعمال ہوتے ہیں وہ دو طرح کے ہوتے ہیں:

دھاتی اور پلاسٹک مولڈ

★ شیاف کو مولڈ کرنے کے لئے پلاسٹک مول ڈ کا استعمال محدود پیمانے پر اچھا ہے۔ یہ مولڈ مختلف حجم میں دستیاب ہیں۔ یہ مولڈ دو حصوں پر مشتمل ہوتے ہیں اور کمزور واسطہ سے جڑے ہوتے ہیں۔ تیاری کے بعد ہر مولڈ میں سے شیاف کو کسی چاقو وغیرہ کی مدد سے الگ کیا جاتا ہے۔

آج کل سٹرپ مولڈ بھی استعمال کئے جا رہے ہیں۔ یہ پولی تھین پلاسٹک کے ہوتے ہیں۔ یہ کم قیمت اور پھینک دیئے جانے والے ہوتے ہیں۔

★ ایک اور قسم دھاتی مولڈز کی بھی ہے جو استعمال ہوتی ہے۔ اس کے لئے پیتل، المونیم اور سٹین لیس سٹیل کے مولڈ استعمال کئے جاتے ہیں۔ ہر مولڈ میں مطلوبہ شکل کے شیاف تیار کئے جاتے ہیں۔ عام طور پر اندام نہانی میں استعمال ہونے والا شیاف لمبا ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لئے ایلومینیم کوائل سے بھی مولڈ تیار کئے جاتے ہیں جو عارضی قسم کے مولڈ ہوتے ہیں۔ مولڈ کی شکل جس قدر درست ہوگی اس میں تیار کی جانے والی شیاف بھی اسی قدر بہتر شکل کی ہوگی۔

مقداروں کو شمار کرنا

جب سپوزیٹریز کو تیار کیا جاتا ہے تو اس کی مادے کی مقدار کو زیادہ لینا چاہئے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کچھ مادہ سل پر چپک جاتا ہے اور کچھ چاقو سے چمٹ جاتا ہے۔ اگر آپ کو تین عدد سپوزیٹریز بنانا ہوں تو آپ کو چار کا مادہ لینا چاہئے۔ اس طرح چھ کے لئے آٹھ اور بارہ کے لئے چودہ کا مادہ لینا چاہئے۔

تمام حالتوں میں دواء کے تمام وزن کو اس کے وزن مخصوص پر تقسیم کیا جاتا ہے اور پھر جواب کو سانچہ میں گنجائش سے تفریق کر کے اس سے ضرب دی جاتی ہے۔ اس طرح سے آپ کو تھیوبرما کی درکار مقدار کا علم ہو جاتا ہے۔ اگر سپوزیٹری کے لئے سانچہ میں تھیوبرما کی گنجائش 15 گرین ہو تو ہر سپوزیٹری کے لئے اس کی مقدار نکالی جاتی ہے۔

Scanned by CamScanner

مثال:

★ ٹینک ایسڈ 3 گرین

★ تھیوبرما آئیل حسب ضرورت

6 سپوزیٹریز بنانی ہیں۔

6 کے لئے 8 کا مادہ درکار ہوگا:

ٹینک ایسڈ کا مطلوبہ وزن 3 x 8 = 24 گرین

تھیوبرما کے مقابلہ میں ٹینک کا وزن مخصوص 2 ہے اس لئے سپوزیٹریز کے لئے درکار تیل کی مقدار:

$$\text{108 گرین} = \frac{24}{2} - (15 \times 8)$$

غیر امعائی مصنوعات

(Parenteral Products)

Scanned by CamScanner

بڑھایا جاسکتا ہے۔ جب کسی دواء کا کافی دیر تک انجذاب کرنا ہو تو اس طرح کی دواء کا استعمال کیا جاتا ہے۔

اس طرح کی ادویات کے چند نقصانات بھی ہیں۔ ان ادویات کا اثر بہت تیز ہوتا ہے۔ اگر اس کو ختم کرنا ہو تو دشواری ہوتی ہے۔ غیر امعائی طریقہ سے استعمال ہونے والی دواء مہنگی ہوتی ہے اور خطرناک ہوسکتی ہے۔ اگر محلول جراثیم سے پاک نہ ہو تو بیکٹیریا جسم میں داخل ہو کر نقصان کرتے ہیں۔ ان ادویات کے استعمال سے بخار، درد، متلی، قے اور بے چینی ہوسکتی ہے۔

غیر امعائی ادویات کا استعمال:

اس طرح کی اودیات کو بہت سے مقاصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طرح کی ادویات تشخیص اور علاج دونوں کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔ ان میں جو ادویات تشخیص کے لئے استعمال ہوتی ہیں ان میں Evans Blue کا انجکشن ہے جو خون کے حجم کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ کیلشیم گلوکونیٹ کا انجکشن گردشی دقت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ہسٹامین فاسفیٹ کے انجکشن کو معدے کے افعال معلوم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ آیوڈیز تیل کا انجکشن ایکسرے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ یہ ادویات علاج کے لئے بھی استعمال ہوتی ہیں۔ ہنگامی حالت میں جسم کے اندر جب غیر توازن کی حالت ہو تو اس طرح کی ادویات توازن فراہم کرتی ہیں۔

اینٹی ہسٹامین، دافع جراثیم، قلبی دواء، نظام عصب کی ادویہ، معدہ کی ادویات، ہارمون، مسکن ادویات، آکسی ٹوسن، سیرم وغیرہ کا استعمال ہوتا ہے۔

پیسٹ یا کریم

(Paste or Cream)

پیسٹ بھی مرہم کی طرح ہی کی ایک ادویاتی شکل ہے۔ یہ لئی جیسی ہوتی ہے۔ اس کا استعمال جلدی امراض میں ہوتا ہے۔ یہ مرہم سے کم چکنی ہوتی ہے۔ اس کا انجذاب زیادہ ہوتا ہے۔ اس کو کریم بھی کہا جاسکتا ہے۔

برٹش فارماکوپیا میں اس کے لئے کریم کا ہی لفظ استعمال ہوا ہے۔ اس کی بناوٹ میں پاؤڈر اجزاء کی مقدار زیادہ ہوتی ہے جیسے سٹارچ، زنک آکسائیڈ، کیلشیم کاربونیٹ۔ کریم جلد کے اندر جذب ہوجاتی ہے۔

فارماکوپیا میں بیزل کریم، ٹینک ایسڈ کریم اور چند ایک مزید کریموں کا ذکر موجود ہے۔

بہت سی ادویات ایک ہی وقت میں کریم اور مرہم دونوں صورتوں میں تیار کی جاتی ہیں اور حالات کے مطابق استعمال کی جاتی ہیں۔

کریم کی تعریف اس طرح بھی کی جاتی ہے کہ یہ حقیقت میں ایسا ٹھوس شیرہ ہے جس میں معلقی ایجنٹ ہوتے ہیں۔

پیکٹن پیسٹ این-ایف (Pectin Paste NF):

اس کی تیاری کے لئے 2 گرام بینزوئک ایسڈ میں 825 ملی لیٹر رنگر (Ringer) کا محلول ڈالا جاتا ہے اور اس کو 100 درجہ سینٹی

Scanned by CamScanner

گریڈ تک گرم کیا جاتا ہے۔75 گرام پیکٹن کو180 گرام گلیسرین میں ملایا جاتا ہے۔اس کے بعد مذکورہ بالا رنگر محلول کو اس میں مسلسل ہلاتے ہوئے ملا دیا جاتا ہے اور مسلسل ہلا کر ایک پیسٹ تیار کر لی جاتی ہے۔

اس مرہم کو ڈی کوبی ٹائٹس کے ناسور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

زنک آکسائیڈ کا سخت پیسٹ این ایف(Zinc Oxide Hard Paste NF):

سخت قسم کی زنک پیسٹ کے لئے250 گرام زنک آکسائیڈ50 گرام صاف سلیکا درکار ہے۔

ان کو700 گرام بینزونیٹیڈ لاڈ کے ساتھ پیسا جاتا ہے حتیٰ کہ یہ بالکل یکساں ہو جائے۔

اس کو ہلکے جراثیم کش کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ایگزیما میں استعمال ہوتی ہے۔

50 گرام فینائل سیلی سلیٹ کا مرہم:

اس کے لئے20 گرام ایتھائیل امائنو بینزوایٹ'10 گرام ٹائی ٹینم ڈائی آکسائیڈ۔دھونے کے قابل اساس جس میں20 گرام سفید موم80 گرام سٹرائل الکوحل ہو'مناسب پانی لے کر ایملشن بنایا جاتا ہے اور ٹرائی ایتھینول امائین اسٹیریٹ ڈال کر1000 گرام بنالیا جاتا ہے۔(5 گرام ٹرائی ایتھینول امائین اور20 گرام سٹرک ایسڈ) میں100 گرام گلیسرین بطور Hymectant ہوتی ہے۔ایک گرام کیومارین(Cumarin) کو خوشبو کے طور پر10 گرام نیوکیلامن اور ایک گرام پیلا فیرم آکسائیڈ بطور رنگ دار چیز کے ملا دیا جاتا ہے۔

اس کو Sun Block کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

OBJECTIVE

اناٹومی اور فزیالوجی کے معروضی سوالات

FILL IN THE BLANKS.

1. ---------- is study if body structure.
2. Study of cell is called ----------.
3. The study of diseased body structure is ----------.
4. Proximal is the part ----------to reference point.
5. Any part which is away from surface is called----------.
6. Upper jaw bone is called ----------.
7. Temporal bone is ----------bone.
8. Knee cap is called as ----------.
9. Patella is ----------type of bone.
10. There are ---------- vertebras in human body.
(Precautions of taking Temperature)

1- اگر مریض نے کوئی گرم یا ٹھنڈی چیز کھائی یا پی ہو تو 10 سے 30 منٹ تک انتظار کریں (بذریعہ منہ ٹمپریچر لیتے وقت)

2- جب مریض سانس نہ لے سکے یا منہ میں کوئی زخم ہو یا دورے کی حالت میں ہو تو اس صورت میں ٹمپریچر نہ لیں۔

3- تھرمامیٹر کو بلب کی طرف سے مت پکڑیں۔

4- اگر درجہ حرارت 97 فارن ہائیٹ سے کم ہو اور 100 فارن ہائیٹ سے زیادہ ہو تو اپنے سینئر کو بتائیں۔

5- ایک ہی وقت میں بذریعہ منہ اور بذریعہ مقعد ٹمپریچر مت لیں۔

6- کبھی بھی Oral Thermometer کو Rectal Thermometer کی جگہ پر استعمال نہ کریں کیونکہ دونوں کی بناوٹ میں فرق ہوتا ہے۔

درجہ حرارت لینے کا وقت
(Time of taking Temperature)

1- مریض جونہی ہسپتال میں داخل ہوتا ہے۔

2- عام حالات میں ہر 8 گھنٹے کے بعد درجہ حرارت نوٹ کریں۔

- 6 بجے صبح
- 2 بجے دوپہر
- 10 بجے رات

3- اگر ڈاکٹر کی طرف سے کوئی حکم نامہ ملے تو ٹمپریچر ہر دو گھنٹے کے بعد لیں۔

4- آپریشن کے بعد پہلے 48 گھنٹوں کے دوران ہر چار گھنٹے کے بعد ٹمپریچر نوٹ کریں۔

5- انتقال خون، سیرم لگنے کی صورت میں (Sponging) کرنے سے پہلے اور بعد میں ٹمپریچر ضرور لیں۔

6- سردی لگنے کے فوراً بعد۔

Scanned by CamScanner

98.2	39.2
98.4	39.5
99.0	39.7
99.7	40.0
100.2	40.2
100.4	40.4
101.1	40.7
101.5	41.0

Scanned by CamScanner

(v) تھرمامیٹر زبان کے نیچے رکھیں۔

(vi) مریض کو بتائیں کہ تھرمامیٹر کو 2 منٹ کیلئے زبان سے دبا کر رکھے۔

(vii) دو منٹ کے بعد مریض کے منہ سے تھرمامیٹر نکال لیں۔

(viii) تھرمامیٹر کو روئی سے صاف کر کے درجہ حرارت پڑھیں۔

(ix) تھرمامیٹر کو ایک بار پھر جھٹکیں اور بوتل میں رکھ دیں۔

(x) درجہ حرارت کو چارٹ پر درج کریں۔

2- بذریعہ بغل درجہ حرارت معلوم کرنے کا طریقہ:

(i) اپنے ہاتھ دھولیں۔

(ii) مریض کو کارروائی کے متعلق بتائیں۔

(iii) تھرمامیٹر کو جھٹکیں تاکہ پارہ 35 ڈگری سینٹی گریڈ تک آجائے۔

(iv) مریض کی بغل کو روئی سے صاف کریں۔

(v) تھرمامیٹر بغل میں رکھیں۔

(vi) مریض سے کہیں کہ وہ اپنے ہاتھ سے مخالف کندھے کو پکڑ کر رکھیا ور بازو سے چھاتی کو دبا کر رکھے۔

(vii) پانچ منٹ تک تھرمامیٹر کو بغل میں رہنے دیں۔

(viii) بغل سے نکالنے کے بعد تھرمامیٹر کو روئی سے صاف کریں اور درجہ حرارت پڑھیں۔

(ix) منہ کے مقابلے میں بغل کا درجہ حرارت ایک درجہ کم ہوتا ہے۔ لہٰذا ریڈنگ میں ایک ڈگری کا اضافہ کرلیں۔

(x) تھرمامیٹر کو دوبارہ روئی سے صاف کریں۔

(xi) تھرمامیٹر جھٹک کر بوتل میں رکھ لیں۔



Scanned by CamScanner

نبض (Pulse)

تعریف (Definition) :

The pulse is the heart beat per minute felt at the wrist and other points.

کسی شریان کا متواتر پھیلاؤ جو دل کی ہر دھڑکن پر Left Ventricle کے سکڑنے سے اس میں دھکیلے جانے والے خون کی مقدار کے بڑھ جانے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے کو نبض کہتے ہیں۔

نبض دیکھنے کی جگہ (Points of Pulse) :

نبض دیکھنے کیلئے عموماً کلائی کی شریان (Radial Pulse) منتخب کی جاتی ہے لیکن دوسری بہت سی جگہوں پر بھی نبض کو محسوس کیا جا سکتا ہے۔

1- Radial Pulse
2- Brachial Pulse
3- Temporal Pulse
4- Carotid Pulse
5- Facial Pulse
6- Femoral Pulse
7- Popliteal Pulse
8- Dorsalis Pedis Pulse
9- Posterior Tibial Pulse

نبض دیکھنے کا طریقہ:

نبض ہمیشہ ٹمپریچر لیتے وقت دیکھی جاتی ہے۔ اگر مریض کسی وجہ سے گھبرایا ہوا ہو، رنج میں ہو یا انتہائی شرمیلا ہو تو نبض دیکھنے کیلئے کلینیکل اسسٹنٹ کو چاہئے کہ پہلے وہ مریض کی گھبراہٹ دور کر کے اس کو مطمئن اور معاون بنانے کی کوشش کرے۔ نبض کی رفتار (Rate)، باقاعدگی (Rhythm)، مقدار (Volume) اور تناؤ (Tension) کو نوٹ کیا جاتا ہے۔

نبض معلوم کرنے کا طریقہ (Procedure of Counting Pulse) :

1- سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ نبض مختلف جگہوں سے چیک کی جائے۔ یعنی Brachial اور Radial Pulse دونوں ریکارڈ کرنی چاہئیں۔

2- زیادہ پریشر مت دیں۔

3- کبھی بھی Pulse انگوٹھے کی مدد سے کاؤنٹ نہ کریں کیونکہ انگوٹھے کی اپنی بھی ایک نبض ہوتی ہے اس سے درست

Scanned by CamScanner

ریڈنگ لینے میں غلطی ہوسکتی ہے۔

4- Pulse Count کرنے کیلئے تین انگلیوں کا استعمال کریں۔ یعنی Index, Middle and Ring Finger

5- مریض کو آرام دہ حالت میں بٹھائیں یا لٹائیں اور اسے بتائیں کہ آپ کیا کرنا چاہتے ہیں۔

6- نبض پورے ایک منٹ میں گنیں نہ کہ پندرہ سیکنڈ گن کر اس کو چار سے ضرب دیں۔

7- Radial Pulse کی ریڈنگ لے کر سٹیتھوسکوپ کی مدد سے Heart Beat کو گنیں اگر ان میں کوئی فرق ہو تو چارٹ کے نیچے لکھ دیں۔



بچوں کی پلس ریکارڈ کرنا:

1- بچوں کی نبض کلائی کی نسبت ٹخنے کے اندرونی جوڑ سے بہتر طور پر محسوس کی جاسکتی ہے۔

2- رونے اور چلانے کی صورت میں پلس نہ لیں۔

3- نوزائیدہ بچے کی نبض عام طور پر نہیں لی جاتی۔

4- یاد رہے کہ بچوں کی نبض زیادہ ہوتی ہے جو کہ 100 سے 120 فی منٹ ہوسکتی ہے۔

Normal Pulse Rates / Minutes

Age	Beats
In the Foctus	140 - 150
New Born	130 - 140
During 1st Year	115 - 130
During 2nd Year	100 - 115
During 3rd Year	95 - 100
During 7 - 13 Year	80 - 96
During 14 - 21 Year	75 - 85
During 21 - 60 Year	72 - 80

Scanned by CamScanner



3- بذریعہ مقعد درجہ حرارت معلوم کرنے کا طریقہ:

(i) اپنے ہاتھ دھولیں۔

(ii) مریض کے بستر کے گرد پردہ لگائیں۔

(iii) کارروائی کے متعلق مریض کو آگاہ کریں۔

(iv) مریض سے کہیں کہ وہ بائیں کروٹ لیٹ جائے۔

(v) تھرمامیٹر جھٹک کر لگائیں۔

(vi) تھرمامیٹر تین سے چار سینٹی میٹر تک مقعد میں داخل کردیں۔

(vii) تین منٹ کے بعد تھرمامیٹر کو مقعد سے نکال کر صاف کرلیں اور درجہ حرارت پڑھیں۔

(viii) ریڈنگ (Reading) سے ایک ڈگری منفی کردیں۔

(ix) تھرمامیٹر کو صابن سے دھولیں۔

احتیاط: چھوٹے بچوں اور بے ہوش مریضوں کا درجہ حرارت منہ کے ذریعے ہرگز چیک نہ کریں۔

درجہ حرارت کو کم کرنے کا طریقہ:

(i) مریض کو ٹھنڈی جگہ یا پنکھے کے نیچے رکھیں۔

(ii) مریض کے کپڑے فوراً اتار دیں۔

(iii) مریض کو ٹھنڈے اور تازہ پانی سے Sponge کریں۔

(iv) مریض کو پیٹھ کے بل لٹا دیں۔

(v) ٹھنڈے پانی میں بھگوئی ہوئی چادر سے مریض کو ڈھانپ دیں۔

(vi) انتہائی مرحلے پر مریض کو ٹھنڈے پانی کے ٹب میں ڈال دیں۔

(vii) مریض کے جسم پر برف رگڑیں اور پیشانی پر برف کی تھیلی رکھ دیں۔

(viii) چوسنے کو برف اور پینے کو ٹھنڈا پانی دیں۔

(ix) اگر مریض پیاس محسوس کرے یا مریض کے جسم میں پانی کی کمی موجود ہو تو نمکیات اور پانی کا توازن قائم رکھنے کیلئے مریض

Scanned by CamScanner

کو یکے بعد دیگرے گلوکوز یا سیلائن کی صورت میں مائع دینا شروع کریں۔

(x) مریض کو بہت زیادہ ٹھنڈا ہونے سے بچانے کے لئے کارروائی کے دوران ڈھانپ کر رکھیں۔

(xi) کارروائی اس وقت تک جاری رکھیں جب تک درجہ حرارت گر کر 101 ڈگری فارن ہائیٹ تک نہ آ جائے۔

(xii) شدید حالت میں مریض کا قریبی مشاہدہ جاری رکھیں۔

(xiii) اگر مریض کی حالت میں کوئی تبدیلی پیدا ہو جائے تو فوراً میڈیکل آفیسر کو مطلع کریں۔

(xiv) مریض سے بڑی احتیاط اور نرمی سے پیش آئیں زبان کو پیچھے گرنے یا دانتوں کے درمیان آ کر کٹ جانے سے بچائیں

دیکھ بھال:

1- ٹھنڈے پانی سے مریض کو پٹیاں کریں۔

2- کارروائی کے دوران ہر پندرہ منٹ کے بعد مریض کی علامات حیات بخار، نبض اور تنفس وغیرہ چیک کریں۔

3- مریض کے کھانے پینے، ڈرپ لگنے اور پیشاب، پاخانہ اُلٹیاں وغیرہ کرنے کا اندراج باقاعدہ ایک چارٹ پر کریں۔

4- جب کارروائی ختم ہو جائے تو بستر کی چادریں اور مریض کے کپڑے تبدیل کر دیں۔

5- ان مقامات کا خیال رکھیں جن پر جسم کا دباؤ پڑتا ہے۔

6- مثانے کا خیال رکھیں اور نمکیات کے لئے پیشاب کا معائنہ کرایا جائے۔

Scanned by CamScanner

بلڈ پریشر

(Blood Pressure)

خون کا وہ دباؤ جو شریانوں کی دیواروں پر پڑتا ہے' اسے بلڈ پریشر کہتے ہیں۔ ہم اس مقصد کیلئے شریانوں میں بہتے ہوئے خون کا دباؤ معلوم کرتے ہیں' کیونکہ یہ دباؤ وریدوں کے خون کے مقابلے میں زیادہ ہوتا ہے۔

بلڈ پریشر کی ریڈنگ دو اعداد پر مشتمل ہوتی ہے۔ پہلا عدد جو کہ زیادہ ہوتا ہے' وہ دل کے سکڑنے کے دوران لیا جاتا ہے' اور اسے سسٹالک بلڈ پریشر کہتے ہیں۔ دوسرا عدد جو کہ چھوٹا ہوتا ہے' دو دھڑکنوں کے درمیانی وقفہ دل کے پھیلنے کو ظاہر کرتا ہے۔ اسے ڈایاسٹالک بلڈ پریشر کہتے ہیں۔ یہ دونوں اعداد آگے پیچھے یا اُوپر نیچے لکھے جاتے ہیں۔ طبعی حالات میں جب کوئی شخص ورزش کر رہا ہو تو بلڈ پریشر عام طور پر بڑھ جاتا ہے' جب کوئی شخص سو رہا ہو تو بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے۔

Normal Blood Pressure; 120/80mmhg lover

120 / 80 ملی میٹر مرکری یا اس سے کم بلڈ پریشر کو نارمل مانا جاتا ہے۔

بلڈ پریشر اپریٹس کی اقسام (Types of Blood Pressure Apparatus)

بلڈ پریشر ایک طبی آلے کی مدد سے لیا جاتا ہے۔ جسے سفیگمو مینومیٹر کہتے ہیں۔ بلڈ پریشر اپریٹس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔
مرکری سفیگمو مینومیٹر' امنرائیڈ گیج اور ڈیجیٹل (الیکٹرانک) آلہ بلڈ پریشر چیک کرنے کیلئے سب سے زیادہ قابل اعتماد آلہ مرکری سفیگمو مینومیٹر ہے۔

بلڈ پریشر لینا سیکھنا (Learn to take Blook Pressure)

پہلا مرحلہ

اپنے دوست کو آرام دہ حالت میں بٹھائیں۔ اس کی آستینیں چڑھالیں یا قمیض اُتار لیں کیونکہ آستینیں کف میں ہوا بھرے ہوئے اور بلڈ پریشر کی آواز سننے میں خلل پیدا کر سکتی ہیں۔

دوسرا مرحلہ

سفیگمو مینومیٹر کے کف کو بالائی بازو (ڈولے) پر لگائیں' یہ بریکیل شریان پر لگایا جاتا ہے' جو کہ کہنی کے مقام پر واقع ہوتی ہے۔ کف لگانے کے بعد بازو کو دل کے لیول پر رکھیں اپنا بازو اس کے بازو کے نیچے رکھ کر سہارا دیں اور اُسے کہیں کہ وہ پُرسکون رہے۔

تیسرا مرحلہ

بریکیل شریان محسوس کر کے سٹیتھو سکوپ کا چسٹ پیس اس جگہ پر رکھیں اور سٹیتھو سکوپ کے ایئر پیس کو اپنے کانوں میں لگائیں۔ اب بریکیل شریان کی آواز سنیں۔

Scanned by CamScanner



ANEROID HAND HELD
SPHYGMOMANOMETER



DIGITAL WRIST TYPE
SPHYGMOMANOMETER



MERCURIAL
SPHYGMOMANOMETER

Scanned by CamScanner

چھوتھا مرحلہ

کف کے والو کو بند کر دیں اور بلب (پمپ) لگاتار دباتے جائیں۔ حتیٰ کہ پارہ 180mmhg تک پہنچ جائے۔ اس سے بازو کی بڑی شریانوں میں خون رُک جاتا ہے۔ (یہی وجہ ہے کہ بے آرامی محسوس ہوتی ہے)۔

پانچواں مرحلہ

ایئر والو کو آہستہ سے کھولیں اور کف سے 5mmHg فی سیکنڈ کے حساب سے ہوا کو نکالتے جائیں اور اس دوران شریان سے آواز سنتے رہیں۔ جب آپ پہلی آواز سنیں تو یہ سسٹالک بلڈ پریشر کو ظاہر کرتی ہے' بازو کی شریان میں خون دوبارہ چلنے سے یہ آواز سنائی دیتی ہے۔

چھٹا مرحلہ

کف میں سے ہوا نکالنا جاری رکھیں۔ حتیٰ کہ آواز سنائی دینا بند ہو جائے۔ یہ ڈایاسٹالک بلڈ پریشر کو ظاہر کرتی ہے۔ اب آپ والو کو مکمل طور پر کھول سکتے ہیں۔ تاکہ کف سے ہوا مکمل طور پر نکل جائے۔ اگر آپ صحیح نہ سن سکیں ہوں' اور بلڈ پریشر دوبارہ لینا ہو تو ایک منٹ کا وقفہ ضرور کر لیں۔

سانس کی رفتار (Respiratory Rate)

ایک منٹ میں سانس کی تعداد کو ریسپائریٹری رفتار کہتے ہیں۔ سانس کی رفتار ورزش' درد' بخار' پُر جوش کیفیت اور بعض بیماریوں میں بڑھ جاتی ہے۔ جبکہ یہ نیند اور آرام کی حالت میں کم ہو جاتی ہے۔



Scanned by CamScanner

ریسپائریٹری رفتار لینا سیکھنا

(Learn to take Respiratory Rate)

پہلا مرحلہ

مریض کے پیٹ یا چھاتی کا بغور مشاہدہ کریں کہ یہ کب اوپر اور نیچے ہوتے ہیں۔ چھاتی یا پیٹ کا ایک بار اوپر یا نیچے ہونا ایک سانس کے برابر ہوتا ہے۔

دوسرا مرحلہ

چھاتی یا پیٹ کے اوپر ہونے کو 30 سیکنڈ تک گنیں اور اسے دوگنا کرلیں، یا پھر پورے ایک منٹ کیلئے سانس کی رفتار کو گنیں۔ اس سے ریسپائریٹری رفتار معلوم ہو جاتی ہے۔

تیسرا مرحلہ

سانس کی یکسانیت پر غور کریں۔ کیا یہ باقاعدہ یا بے قاعدہ ہے؟

چوتھا مرحلہ

غور کریں کہ مریض کو سانس لینے کیلئے کتنا زور لگانا پڑتا ہے کیا یہ مشکل سے آتی ہے یا آسانی سے؟

پانچواں مرحلہ

غور کریں کہ سانس گہری (آہستہ) ہے یا کم گہری (تیز) ہے۔

چھٹا مرحلہ

سانس کی غیر معمولی بُو کو محسوس کریں اور مشاہدہ کریں یہ بُو فروٹ جیسی یا پاخانہ کی بُو جیسی تو نہیں ہے۔

ساتواں مرحلہ

سانس کی رفتار کے مشاہدات کو درج ذیل طریقے سے ریکارڈ کریں۔

رفتار، یکسانیت، ایفرٹ، گہرائی، شور اور بُو۔

مثال کے طور پر سانس کی رفتار تیس ہے۔

جو بے قاعدہ ہے، زور لگانا پڑتا ہے۔

تیز ہے شور والی ہے اور کوئی بُو نہیں ہے۔

Scanned by CamScanner

عمر کے مختلف گروپس میں سانس کی نارمل رفتار

Table 1: Normal Respiratory Rates in Different age groups

عمر	سانس کی نارمل رفتار (سانس فی منٹ)
نوزائیدہ	200-260
0-5 مہینے	90-190
6-12 مہینے	80-140
1-3 سال	80-130
3-5 سال	80-120
6-10 سال	70-110
11-14 سال	60-105
14 + سال	60-100

نوٹ: سخت ورزش کے دوران بالغوں میں سانس کی رفتار کی 35-45 فی منٹ بھی ہوسکتی ہے جبکہ کھلاڑیوں میں سانس کی رفتار 60-70 فی منٹ ہوسکتی ہے۔

سرگرمی

طالب علموں سے کہیں کہ وہ جوڑے بنالیں اور پانچ منٹ کیلئے دوڑ لگائیں۔ جیسے ہی وہ دوڑ کے بعد واپس آئیں تو انہیں اپنے ساتھی کی سانس کی رفتار کا بغور جائزہ لینا چاہئے۔ اُن سے پوچھیں کہ رفتار میں پہلے کی نسبت کوئی تبدیلی ہوئی ہے۔ اگر جواب ہاں میں ہو تو پوچھیں کیا تبدیلی ہوئی ہے؟

جریانِ خون (Bleeding)

سرکولیٹری سسٹم سے خون کے اخراج کو جریان خون (ہیمرج) کہتے ہیں۔ جریانِ خون درج ذیل طرح ہوسکتا ہے۔

- اندرونی طور پر: اس میں خون کی نالیوں سے خون نکل کر جسم کے اندر ہی جمع ہو جاتا ہے۔
- بیرونی طور پر: اس میں خون جسم کے قدرتی راستے جیسے ویجائنا، منہ، ریکٹم کے ذریعے نکلتا ہے یا
- جلد میں خرابی کے ذریعے بیرونی طور پر خارج ہوتا ہے۔ ہیمرج کی

Scanned by CamScanner

کلاس I ہیمرج

انسانی جسم کے خون کے حجم کے 15 فیصد تک ضائع ہو جانے کو کلاس I ہیمرج کہتے ہیں۔ اس جریانِ خون میں عام طور پر وائٹل سائن (دل کی رفتار، سانس کی رفتار، بلڈ پریشر اور جسمانی درجہ حرارت) میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی ہے اور خون کے والیم کی کمی کو پورا بھی نہیں کرنا پڑتا ہے۔

کلاس II ہیمرج

انسانی جسم کی خون کے حجم کے 30 - 15 فیصد تک ضائع ہو جانے کو کلاس II ہیمرج کہتے ہیں۔ اس جریانِ خون میں دل کی دھڑکن زیادہ ہو جاتی ہے، اور سسٹالک اور ڈیا سسٹالک پریشروں کے درمیان وقفہ کم ہو جاتا ہے۔ پیری فرل خون کی نالیاں (جلد، سکیلیٹل عضلات) سکڑ جاتی ہیں، اور اس طرح جسم خون کی کمی کو بحال کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس لیے جلد پھیکی اور زرد محسوس ہوتی ہے، اور ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔ مریض کا رویہ بھی مختلف ہو جاتا ہے۔ خون کے والیم کی کمی کو پورا کرنے کے لیے سیلائن سلوشن یا رنگر لیکٹیٹ لگانے کی ضرورت پڑتی ہے۔ البتہ بلڈ ٹرانسفیوژن کی ضرورت عام طور پر نہیں پڑتی ہے۔

کلاس III ہیمرج

انسانی جسم کے خون کے حجم کے 40 - 30 فیصد تک ضائع ہو جانے کو کلاس III ہیمرج کہتے ہیں۔ اس جریانِ خون سے مریض کا بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے۔ دل کی دھڑکن زیادہ ہو جاتی ہے اور ذہنی حالت بگڑ جاتی ہے۔ خون کی والیم کی کمی کو پورا کرنے کے لیے سیلائن سلوشن رنگر لیکٹیٹ سلوشن اور بلڈ ٹرانسفیوژن بذریعہ ورید لگانا ضروری ہوتا ہے۔

کلاس IV ہیمرج

انسانی جسم کے خون کے حجم کے 40 سے زیادہ ضائع ہو جانے کو کلاس IV ہیمرج کہتے ہیں۔ اس ہیمرج میں جسم کی بحالی کی قوت آخری حد تک پہنچ جاتی ہے، اور مریض کو موت سے بچانے کے لیے بحالی کی سرتوڑ کوشش کرنی پڑتی ہے۔



Scanned by CamScanner

جریان خون کی علامات

(Symptoms)

[illegible]

- [illegible]
- [illegible]
- [illegible]
- [illegible]
- [illegible]
- [illegible]
- [illegible]
- [illegible]
- [illegible]
- [illegible]
- [illegible]

[illegible]

- [illegible]
- [illegible]

[illegible]

- [illegible]
- [illegible]
- [illegible]

[illegible] جریان خون روکنے کا طریقہ

(Procedure to Stop External Bleeding from a Wound)

[illegible]

Scanned by CamScanner

FIRST AID TRAINING



INITIAL MANAGEMENT OF VARIOUS TYPES OF BLEEDING

-1 مریض کو تسلی دیں اور اُس کی حوصلہ افزائی کریں۔ کیونکہ خون کو دیکھنے سے مریض خوف زدہ ہوسکتا ہے۔

-2 ابتدائی طبی امداد دینے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھوں کو مزید دھوئیں تا کہ انفیکشن سے بچایا جا سکے۔
جریانِ خون والے مریض کا علاج کرتے وقت پلاسٹک کے دستانے ہر فرسٹ ایڈ کٹ میں ہونے چاہیں۔ متاثرہ خون کے جلد پر لگنے سے وائرل ہیپاٹائٹس منتقل ہوسکتا ہے اور اسی طرح متاثرہ خون سے معمولی سے زخم کے ذریعے ایڈز بھی منتقل ہوسکتی ہے۔

-3 اگر زخم گہرا نہ ہو تو اسے نیم گرم پانی اور صابن سے خوب دھوئیں اور اچھی طرح خشک کر لیں۔

-4 مریض کو لٹا دیں، ایسا کرنے سے دماغ کو خون کی سپلائی بڑھ جاتی ہے اور مریض کو غشی کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔ اگر ممکن ہو تو جریان خون والی جگہ کو اُونچا کر دیں۔

-5 زخم کو میل گندگی اور ناکارہ ٹشو سے صاف کر دیں۔ اگر چاقو یا چھری جیسی کوئی چیز جسم میں پیوست ہو جائے۔ تو اسے ہرگز نہ ہٹائیں۔ ایسا کرنے سے مریض کو زیادہ نقصان ہوسکتا ہے اور جریان خون بھی زیادہ ہوسکتا ہے۔ ممکن ہے وہ چیز کسی شریان یا آرگن میں پیوست ہو۔ اس لیے اُس چیز کے اردگرد پٹیاں اور پیڈ رکھ کر اُس پر ٹیپ لگا دیں۔

Scanned by CamScanner

6- جراثیم سے پاک پٹی یا صاف کپڑے سے بیرونی زخم پر براہِ راست دباؤ ڈالیں اور اگر کچھ بھی دستیاب نہ ہو تو اپنے ہاتھ ہی سے دباؤ ڈالیں۔ بیرونی جریانِ خون کے لیے براہِ راست پریشر بہترین ثابت ہوتا ہے۔ سوائے آنکھ کے زخم کے۔

7- جریانِ خون رُکنے تک پریشر کو برقرار رکھیں۔ جب جریانِ خون رُک جائے تو ٹیپ کے ساتھ زخم پر پٹی کر دیں۔ پٹی پر کولڈ پیک بھی لگانا چاہئے۔

8- اگر جریان خون جاری رہے اور زخم والی پٹی میں سے رسنے لگے تو پٹی کو نہ اتاریں بلکہ اُس پٹی کے اوپر ایک اور پٹی لگا دیں۔ البتہ ڈاکٹری مشورہ ضرور کر لیں۔

9- اگر جریانِ خون شدید ہو تو میڈیکل امداد حاصل کریں اور شاک کو روکنے کے لیے اقدامات کریں۔ جسم کے زخمی حصے کو حرکت نہ دیں۔ مریض کو لٹا دیں۔ مریض کے پاؤں کو تقریباً 12 اِنچ اُونچا کریں اور اُس کے جسم پر کمبل ڈال دیں۔ البتہ سر گردن' کمر یا ٹانگ پر چوٹ لگی ہو یا ایسی پوزیشن سے مریض بے آرام ہوتا ہو تو' تو پھر مریض کو اس پوزیشن میں نہ رکھیں۔ جتنی جلدی ممکن ہو میڈیکل مدد حاصل کریں۔

جریان خون کے مریض کا علاج کرتے ہوئے درج ذیل چیزیں مت کریں:

(Do Not do the following while managing bleeding)

o جریان خون کو روکنے کیلئے ٹورنی کیٹ نہ لگائیں سوائے آخری حربے کے طور پر' کیونکہ ایسا کرنے سے بجائے فائدہ ہونے کے نقصان زیادہ ہو سکتا ہے۔ جب زندگی کو خطرہ لاحق ہو تو صرف اُس وقت ٹورنی کیٹ استعمال کرنا چاہئے۔ ٹورنی کیٹ اس صورت میں لگایا جائے جب جریانِ خون شدید ہو اور مسلسل دباؤ سے بھی کنٹرول نہ ہو رہا ہو۔

ٹورنی کیٹ جریانِ خون اور دل کے درمیانی جگہ پر لگایا جاتا ہے۔ ٹورنی کیٹ کو زخم کے اس حصے پر کسا جائے جہاں زخم پر براہِ راست دباؤ ڈالنے سے جریان خون کو کنٹرول کیا جا سکے۔ ٹورنی کیٹ بنانے کیلئے دو سے چار انچ چوڑی پٹیاں استعمال کریں اور بازو کے اردگرد کئی مرتبہ لپیٹیں۔ نصف یا چوتھائی گرہ لگائیں۔ سروں کو اتنا کھلا چھوڑ دیں کہ وہ دوسری گرہ لگانے کیلئے کافی ہوں۔

ایک چھڑی یا سلاخ دونوں گرہوں کے درمیان رکھی جائے۔ چھڑی کو گھمائیں یہاں تک کہ پٹی اتنی کس جائے جو جریانِ خون کو روک سکے اور اسے اس جگہ پر نکا دیں۔ ہر دس سے پندرہ منٹ بعد ٹورنی کیٹ کا جائزہ لیں۔ اگر جریانِ خون قابلِ کنٹرول ہو جائے تو (براہِ راست دباؤ ڈالنے سے) ٹورنی کیٹ کو کھول دیں۔

o زخم میں پیوست شدہ کسی چیز کو مت نکالیں اور نہ ہی زخم کو کریدیں۔ یہ جریان خون کے زیادہ ہونے اور نقصان کا باعث بنتا ہے۔ کسی بڑے زخم کو مت صاف کریں اس سے شدید جریان خون ہو سکتا ہے۔

o اگر پٹی خون سے بھیگ گئی ہو تو اسے مت اتاریں بلکہ ایک نئی پہلی پٹی کے اوپر لگائی جائے۔

o اگر جریان خون رک رہا ہو تو بار بار زخم کا معائنہ نہ کریں زخم کو جتنا کم چھیڑا جائے گا آپ جریانِ خون کو کنٹرول کرنے میں اُتنے ہی زیادہ کامیاب ہوں گے۔

Scanned by CamScanner

First Aid

Managing Bleeds









Scanned by CamScanner

جریانِ خون کو روکنے کیلئے یاد رکھنے والے اہم نکات

(Important Points to Remember While Managing Bleeding)

براہِ راست بیرونی دباؤ' جریانِ خون کو روک دیتا ہے اور یہ بہت ہی اہم ابتدائی طبی امداد ہے۔ خون کے ضائع ہونے سے نیلگوں نشان ہوسکتے ہیں' جو کہ کسی چوٹ پر گرنے کے باعث عموماً ہوتے ہیں۔ یہ جلد پر سیاہی مائل دھبے ہوتے ہیں۔

سوجن کو کم کرنے کیلئے ٹھنڈے پانی کی پٹی متاثرہ حصے پر جتنی جلدی ہو سکے لگائیں۔ تولیے میں برف کے ٹکڑے لپیٹیں' اور اس تولیے کو زخم والی جگہ پر رکھیں۔ جلد پر برف براہِ راست نہ لگائیں۔

شدید زخموں سے ہمیشہ شدید جریانِ خون نہیں ہوتا اور بعض نسبتاً معمولی زخموں مثلاً سر کے زخموں سے شدید جریانِ خون ہوسکتا ہے۔ وہ لوگ جو خون کو رقیق کرنے والی ادویات لیتے ہوں یا جو جریانِ خون کی بیماری میں مبتلا ہوں۔ مثلاً ہیموفیلیا تو ان میں شدید اور تیز جریانِ خون ہوسکتا ہے' کیونکہ ان کا خون مناسب طریقے سے منجمد نہیں ہوسکتا ایسے لوگوں میں اگر جریانِ خون ہو تو انہیں فوری طبی علاج اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

اگرچہ گھونپے ہوئے زخموں سے عموماً بہت زیادہ جریانِ خون نہیں ہوتا لیکن ان میں انفیکشن کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ ٹیٹنس اور دوسرے انفیکشن سے بچاؤ کیلئے طبی امداد حاصل کریں۔

شدید اندرونی جریانِ خون کے امکان سے پیٹ کے زخم خطرناک ثابت ہوسکتے ہیں۔ اندرونی جریانِ خون عام طور پر مریض کی حالت سے عیاں نہیں ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے شاک ہوسکتا ہے۔ اس لیے پیٹ میں گھونپے ہوئے زخم کیلئے طبی امداد فوری طور پر حاصل کریں اگر کوئی عضو یا زخم میں سے باہر نکل آئے تو اسے واپس پیٹ میں گھسانے کی کوشش نہ کریں۔ سوائے اس کے کہ یہ عضو آسانی سے اندر جا سکتا ہو۔ تر پٹی کے ساتھ زخم کو ڈھانپ دیں اور جریانِ خون کو روکنے کیلئے بہت زیادہ دباؤ نہ ڈالیں۔

اگر اندرونی جریانِ خون کا امکان ہو تو ڈاکٹری مدد حاصل کریں۔ یہ زخم بڑی تیزی سے مہلک ثابت ہوسکتا ہے۔ اس لیے فوری طور پر میڈیکل کے علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ علاج ادویات' بذریعہ ورید مائعات' اینڈوسکوپ کا استعمال اور آپریشن پر مشتمل ہوسکتا ہے۔



Scanned by CamScanner

کارڈیو پلمونری بحالی (عمل تنفس اور دل کی دھڑکن کی بحالی) (Cordiopulmonary Resuscitiation-CPR)

CPR زندگی بچانے والا طریقہ کار ہے، جو کہ بہت ہی ایمرجنسیوں میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ بشول ہارٹ اٹیک یا ڈوبنے کی صورت میں جب مریض کا عمل تنفس اور دل کی دھڑکن رُک جاتی ہے۔

جب دل کی دھڑکن رُک جاتی ہے تو چند ہی منٹوں میں آکسیجن کی کمی کی وجہ سے دماغ کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے اور 8-10 منٹوں میں موت واقع ہو جاتی ہے۔ یہ وقت بہت نازک ہوتا ہے۔ جب آپ ایک بیہوش مریض کی مدد کر رہے ہوتے ہیں جو کہ سانس نہیں لے رہا ہوتا ہے۔ CPR منہ سے منہ کے ذریعے مصنوعی تنفس اور چھاتی کے دباؤ کے اشتراک پر مشتمل ہوتا ہے، جس کی وجہ سے دماغ اور دوسرے وائیٹل اعضاء کو آکسیجیٹڈ خون فراہم ہوتا رہتا ہے۔ تاوقتیکہ مناسب طبی علاج سے دل کی نارمل دھڑکن بحال ہو جائے۔



STEP FOR DOING CPR

Scanned by CamScanner

CPR شروع کرنے سے پہلے (Before you begin CPR)

CPR شروع کرنے سے پہلے صورتحال کا جائزہ لیں۔

- کیا مریض ہوش میں ہے یا بے ہوش ہے؟
- اگر مریض بیہوش دکھائی دیتا ہے تو اسے تھپکی دیں یا اس کے کندھے کو ہلائیں باآواز بلند پوچھیں "کیا تم ٹھیک ہو"
- اگر مریض ردعمل ظاہر نہ کرے تو فوری ڈاکٹر سے رابطہ قائم کریں اور CPR شروع کردیں۔

ABC کو یاد رکھیں (Remember the ABC)

ABC ائیروے، بریتھنگ اور سرکولیشن پر غور کریں اور درج ذیل دیئے گئے اقدامات ذہن میں لائیں۔

پہلا مرحلہ: ائیروے: ائیروے کو کلیئر کریں (Step 1 Airway: Clear the Airway)

1- مریض کو ہموار سطح پر کمر کے بل لٹا دیں۔

2- مریض کی گردن اور کندھوں کے قریب گھٹنوں کے بل بیٹھ جائیں۔

3- مریض کے سر کو نیچے جھکاتے ہوئے اور تھوڑی کو آگے کی طرف کرتے ہوئے مریض کے ائیروے کو کشادہ کریں۔ اپنی ہتھیلی کو مریض کی پیشانی پر رکھیں اور آرام سے سر کو پیچھے کی طرف جھکائیں اور پھر دوسرے ہاتھ کی مدد سے ٹھوڑی کو آگے کی طرف کریں تاکہ ائیروے کشادہ ہو جائے۔

4- نارمل بریتھنگ کا مشاہدہ پانچ سے 10 سیکنڈوں میں کریں۔ سینے کی حرکت کو دیکھیں سانس کی آواز کو سنیں اور مریض کی سانس کو اپنے گال یا کان کے ذریعے محسوس کریں۔ ہانپنے کو نارمل بریتھنگ تصور نہیں کیا جاتا ہے۔ اگر مریض نارمل طریقے سے سانس نہ لے رہا ہو تو منہ سے منہ کے ذریعے مصنوعی تنفس شروع کردیں۔ اگر آپ کو اندازہ ہو کہ مریض ہارٹ اٹیک کی وجہ سے بے ہوش ہے تو دوسرا مرحلہ (بریتھنگ چھوڑ دیں) اور براہِ راست تیسرا مرحلہ (چھاتی دبانے والا) شروع کردیں۔

دوسرا مرحلہ: بریتھنگ: مریض کو سانس دینا (Step 2 Breathing: Breathe for the Person)

منہ سے منہ کے ذریعے یا اگر منہ شدید زخمی ہو یا منہ نہ کھل سکتا ہو تو منہ سے ناک کے ذریعے بھی مصنوعی تنفس دیا جا سکتا ہے۔

1- ائیروے کو کھلا کریں (سر کو پیچھے ہٹاتے ہوئے اور ٹھوڑی کو آگے کرتے ہوئے) منہ سے منہ کے ذریعے مصنوعی سانس دینے کیلئے مریض کے ناک کو دبالیں اور اپنے منہ کو مریض کے منہ سے لگالیں۔

2- دو سانس دینے کیلئے تیار ہو جائیں پہلا سانس ایک سیکنڈ کیلئے دیں اور دیکھیں کہ مریض کا سینہ اوپر ہوتا ہے اگر یہ اوپر کو اٹھتا ہے تو پھر اسے دوسرا سانس دیں۔ اگر سینہ اوپر کو نہیں اٹھتا ہے تو دوبارہ سر کو پیچھے کی طرف جھکائیں اور ٹھوڑی کو آگے کی طرف کریں اور پھر اسے دوسرا سانس دیں۔

3- تیسرا مرحلہ شروع کریں۔ سینے کو دبائیں تاکہ مریض کی سرکولیشن بحال ہو سکے۔

Scanned by CamScanner

تیسرا مرحلہ : سرکولیشن: سینے کے دباؤ کے ذریعے خون کی سرکولیشن بحال کرنا :

(Step 3: Circulation: Restore Blood Circulation with Chest Compressions)

1- اپنی ہتھیلی کو مریض کے نپل کے درمیان مریض کے سینے پر رکھ دیں' اپنے دوسرے ہاتھ کو پہلے ہاتھ کے اوپر رکھ دیں۔ اپنی کہنیوں کو سیدھا رکھیں اور اپنے کندھوں کو اپنے ہاتھوں کی براہِ راست سیدھ میں رکھیں۔

2- اپنے بالائی جسمانی وزن (نہ کہ بازو کے وزن) کی مدد سے سینے کو 5cm نیچے سیدھا دبائیں۔ چھاتی کو زور سے اور تیزی سے دبائیں ایک سیکنڈ میں سینے کو دو بار یا ایک منٹ میں تقریباً 120 مرتبہ دبائیں۔

CPR for Children Over 8 Years and Adults



1. Look, listen, and feel for breathing and pulse. If breathing or pulse is absent, open the airway.

2. Tilt the head back, close the nose, and give 2 full breaths. Check the pulse. If there is no pulse, or breathing, start CPR.

3. Start chest compressions:
If one person is performing CPR, do 15 chest compressions, then two full breaths. Repeat.
If two people are performing CPR, one person does 5 chest compressions, then the other gives one full breath, Repeat.

Scanned by CamScanner

-3 30 مرتبہ دبانے کے بعد (15 سیکنڈوں کے بعد) سر کو پیچھے کی طرف جھکائیں اور ٹھوڑی کو آگے کی طرف کریں تاکہ ائیروے کھلا ہو جائے دو سانس دینے کی تیار کرلیں۔ مریض کے ناک کو دبالیں اور ایک سیکنڈ کیلئے منہ کے ذریعے سانس دیں۔ اگر سینہ اوپر اٹھتا ہے تو دوسرا سانس دیں۔ اگر سینہ اوپر نہیں اٹھتا ہے تو دوبارہ سر کو پیچھے جھکائیں اور ٹھوڑی کو آگے کی طرف کریں اور دوسرا سانس دیں اسے ایک (چکر) سائیکل کہتے ہیں اگر کوئی اور معاون موجود ہو تو اسے کہیں کہ وہ دو سانس دے جبکہ آپ سینے کو 30 بار دبا چکے ہوں۔

-4 CPR جاری رکھیں حتیٰ کہ سینے کی حرکت کی علامت ظاہر ہو جائیں یا ڈاکٹر مریض کو سنبھال لے۔

بچوں کی ایمرجنسی کے علاج کا واضح تصور

(Concepts of Management of Pediatric Emergenices)

صحت کے پیشہ ور لوگوں کیلئے بیمار بچے منفرد چیلنج کی حیثیت رکھتے ہیں۔ نوزائیدہ اور بیمار بچوں کی تشخیص اور علاج بھی منفرد ہوتا ہے' کیونکہ بالغوں کی نسبت بچوں کی حس بالکل ہی منفرد ہوتی ہے۔ اس بات کا انحصار بچوں کی عمر پر ہوتا ہے کہ وہ اپنی تکالیف کو بتانے کے قابل ہیں یا نہیں ہیں یا وہ بے ہوشی کی حالت میں بھی ہو سکتے ہیں۔ اس لیے ان مسائل پر قابو پالینے کیلئے صبر اور سمجھ کا کلیدی کردار ہوتا ہے۔

مسائل پر قابو پانے کے لیے صبر اور سمجھ کا کلیدی کردار ہوتا ہے۔

بچوں کی ایمرجنسی کے علاج کا بنیادی طریقہ ABC (ائیروے' بریتھنگ اور سرکولیشن) والا ہی ہے۔ تاہم بالغوں کی نسبت نوزائیدہ اور بچوں کی جسمانی بناوٹ اور اناٹومی مختلف ہوتی ہے۔ اس لیے بچوں کی ایمرجنسی کے علاج کیلئے خصوصی ٹریننگ اور خصوصی آلات کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر آپ بچوں کی ایمرجنسی کو دیکھیں تو فوری طور پر ڈاکٹر سے رابطہ کریں یا بچے کو ہسپتال ریفر کردیں۔

بچے کیلئے CPR کرنا (To perform CPR on a Child)

8 - 1 سال کی عمر کے بچوں کیلئے CPR کرنے کا طریقہ بالکل وہی ہے جو کہ بالغوں کیلئے ہے' البتہ درج ذیل فرق ہو سکتے ہیں۔

- سینے کو دبانے کیلئے صرف ایک ہاتھ استعمال کریں۔
- سانس آہستہ سے دیں۔ چھاتی (سینے) کے دبانے اور سانس کی رفتار وہی رکھیں جو بالغوں کیلئے ہے یعنی سینے کو 30 مرتبہ دبانے کے بعد دو سانس دیں۔ یہ ایک (چکر) سائیکل کہتے ہیں

Scanned by CamScanner

CPR for Infants 1 and Under



1. Look, listen, and feel for breathing and pulse. If breathing or pulse is absent, open the airway.

2. Tilt the baby's head back, and give one puff of breath through the mouth and nose. Check the pulse and breathing. If there is no pulse or breathing, start CPR.



3. Start chest compressions. Use 2 fingers over the breastbone. Give 5 chest Compressions then one puff of breath. Repeat.

Scanned by CamScanner

بے بی کیلئے CPR کرنا
(To Perform CPR on a baby)

CPR شروع کرنے سے پہلے صورتحال کا جائزہ لیں۔ بے بی کو تھپکی دیں اور ردعمل دیکھیں جیسا کہ حرکت کرنا۔ لیکن بچے کو مت ہلائیں اگر کوئی ردِعمل ظاہر نہ ہو تو درج ذیل ABC پروسیجر (طریقہ کار) شروع کریں۔

پہلا مرحلہ: ائیروے: ائیروے کو کلیئر کریں (Step 1: Airway: Clear the Airway)

1- بے بی کو ہموار سطح جیسا کہ میز پر کمر کے بل لٹا دیں۔ فرش یا زمین پر بھی لٹایا جا سکتا ہے۔
2- ایک ہاتھ کی مدد سے سر کو پیچھے جھکائیں اور تھوڑی کو اوپر کریں اور دوسرے ہاتھ کی مدد سے پیشانی کو دبائیں۔
3- 10 سیکنڈ سے کم وقت میں اپنے کان کو بے بی کے منہ کے ساتھ لگائیں اور بریتھنگ چیک کریں۔ سینے کی حرکت کو دیکھیں۔
سانس کی آوازیں سنیں۔ گال اور کان کے ذریعے سانس محسوس کریں اگر نوزائیدہ سانس نہ لے رہا ہو تو منہ سے منہ کے ذریعے سانس دینا فوری شروع کریں۔

دوسرا مرحلہ: بریتھنگ: نوزائیدہ کو سانس دینا (Step 2 : Breathing : Breathe for the Infant)

1- اپنے منہ کو بچے کے منہ اور ناک پر رکھ لیں۔
2- دو سانس دینے کی تیاری کر لیں۔ صرف اپنے گالوں کے اندر والی ہوا سے بے بی کے منہ میں ایک سانس آہستہ سے ایک سیکنڈ کیلئے دیں۔ (اپنے پھیپھڑوں سے گہری سانس کے بجائے) اور دیکھیں کہ آیا سینہ اوپر کو اٹھتا ہے اگر سینہ اوپر کو اٹھتا ہے تو پھر دوسرا سانس دیں۔ لیکن اگر سینہ اوپر کو نہیں اٹھتا ہے تو دوبارہ سر کو پیچھے کی طرف جھکائیں اور تھوڑی کو آگے کی طرف کریں اور پھر دوسرا سانس دیں۔
3- اب بھی سینہ اوپر نہ ہو تو منہ کا معائنہ کریں کہ جلد کے اندر کوئی چیز یا مواد تو نہیں ہے۔ اگر ہو تو اپنی انگلی کی مدد سے اس چیز یا مواد کو باہر نکال دیں۔
4- خون کی سرکولیشن کو بحال کرنے کیلئے سینے کو دبانا شروع کریں۔

تیسرا مرحلہ: سرکولیشن: سینے کے دبانے سے خون کی سرکولیشن کو بحال کرنا
(Step 3: Circulation: Restore Blood Circulation with Chest Compression)

1- بے بی کے دونوں نپلوں کے درمیان ایک افقی لائن کا تصور کریں اور سینے کے درمیان میں اس لائن کے ذرا سا نیچے ہاتھ کی دو انگلیاں رکھیں۔
2- سینے کے تہائی یا چوتھائی گہرائی کے برابر سینے کو نرمی سے دبائیں۔
3- تیزی سے سینے کو دباتے جائیں اور با آواز بلند گنتی کرتے جائیں۔ آپ کو 100 تا 120 مرتبہ فی منٹ کی رفتار سے دبانا چاہئے۔
4- سینے کو ہر 30 مرتبہ دبانے کے بعد 2 مرتبہ سانس دیتے جائیں۔
CPR جاری رکھیں تاوقتیکہ زندگی کے آثار ظاہر ہوں یا ڈاکٹر مریض کو سنبھال لے۔

Scanned by CamScanner

سپائنل چوٹیں
(Spinal Injuries)

تشخیص

- مریض گردن یا کمر میں درد کی شکایت کرے گا۔
- سپائن کے خم میں بل نظر آ سکتا ہے۔
- حِس ختم ہو سکتی ہے یا حِس ابنارمل ہو سکتی ہے۔
- سانس میں مشکل پیش آ سکتی ہے۔
- سپائن پر دکھن محسوس ہوگی
- بازوؤں میں کمزوری ہو سکتی ہے یا حرکت نہ ہوتی ہے۔
- پیشاب اور پاخانہ غیر ارادی طور پر نکل سکتا ہے۔

Effects of Spinal Injury



Level of Injury	Effect*
C1 to C5	Paralysis of muscles used for breathing and of all arm and leg muscles; usually fatal.
C5 to C6	Legs paralyzed; slight ability to flex arms
C6 to C7	Paralysis of legs and part of wrists and hands; shoulder movement and elbow bending relatively preserved
C8 to T1	Legs and trunk paralyzed; eyelids droop; loss of sweating on the forehead (Horner's syndrome); arms relatively normal; hands paralyzed
T2 to T4	Legs and trunk paralyzed; loss of feeling below the nipples
T5 to T8	Legs and lower trunk paralyzed; loss of feeling below the rib cage
T9 to T11	Legs paralyzed; loss of feeling below the umbilicus
T12 to L1	Paralysis and loss of feeling below the groin
L2 to L5	Different patterns of leg weakness and numbness
S1 to S2	Different patterns of leg weakness and numbness
S3 to S5	Loss of bladder and bowel control, numbness in the perineum

*Loss of bladder and bowel control can occur with severe injury anywhere along the spinal column

Scanned by CamScanner

احتیاطیں (Precautions)

اگر سپائنل چوٹ کا شک ہو تو مریض کو حرکت نہ دیں۔ خصوصی تربیت یافتہ سے اِس کا علاج کروائیں۔ غیر تربیت یافتہ افراد کے غیر محتاط علاج کے باعث مریض مستقل معذوری کا شکار ہو سکتے ہیں۔



BASIC MANAGEMENT OF SPINAL INJURY

Scanned by CamScanner

احتیاطیں (Precautions)

اگر سپائنل چوٹ کا شک ہو تو مریض کو حرکت نہ دیں۔ خصوصی تربیت یافتہ سے اس کا علاج کروائیں۔ غیر تربیت یافتہ افراد کے غیر محتاط علاج کے باعث مریض مستقل معذوری کا شکار ہو سکتے ہیں۔









Scanned by CamScanner

زہرخوانی (پوائزننگ)

(Poisoning)

زہریں ایسے مادے ہوتے ہیں جو جسم کے خلیات کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ زہریں بذریعہ منہ بذریعہ سانس یا بذریعہ ٹیکہ جسم میں داخل ہو سکتے ہیں یا پھر جلد اور آنکھوں کے ذریعے بھی جذب ہو سکتے ہیں۔ زہریں مختلف قسم کے ہو سکتے ہیں، جن میں ادویات، گھروں میں استعمال ہونے والی اشیاء جیسے بلیچ صنعتی کیمیکل، بعض پودے اور جڑی بوٹیاں شامل ہیں۔ ایسی چیزیں جن کو عام حالات میں زہر تصور نہ کیا جاتا ہو جیسے شراب اور تمباکو لیکن یہ بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔



Scanned by CamScanner

پوائزننگ کے طریقے / زہر اثر کرنے کے طریقے

(Methods of Poisoning)

زہریں بہت سے مختلف طریقوں سے اثر کر سکتی ہیں۔ بہت زیادہ اور عام طریقہ بذریعہ نگلنا ہے۔ کچھ زہریں بذریعہ سانس بھی اثر کرتی ہیں، کچھ جلد اور آنکھوں پر اثر انداز ہوتی ہیں اور کچھ کیڑے یا ڈنگ (جیسے سانپ کا ڈنگ) کے ذریعے بھی جسم میں داخل ہوتی ہیں)۔

اتفاقی زہر (Accidental Poisoning)

زہر کے اکثر مریض اتفاقیہ ہوتے ہیں اور ایسے واقعات عام طور پر گھروں میں ہوتے ہیں اور اُن زہروں سے بچوں کو خطرہ زیادہ لاحق ہوتا ہے۔ البتہ یہ زہر عام طور پر بچوں کے زیادہ مہلک ثابت نہیں ہوتی ہیں۔ بوڑھے لوگوں کو بھی اتفا



COMMON SYMPTOMS OF LEAD POISONING

پوائزننگ کے طریقے از ہر اثر کرنے کے طریقے

(Methods of Poisoning)

زہریں بہت سے مختلف طریقوں سے اثر کرسکتی ہیں۔ بہت زیادہ اور عام طریقہ بذریعہ نگلنا ہے کچھ زہریں بذریعہ سانس بھی اثر کرتی ہیں، کچھ جلد اور آنکھوں پر اثر انداز ہوتی ہیں، اور کئی ٹیکے یا ڈنگ (جیسے سانپ کا ڈنگ) کے ذریعے بھی جسم میں داخل ہوتی ہیں)۔

اتفاقی زہر (Accidental Poisoning)

زہر کے اکثر مریض اتفاقیہ ہوتے ہیں اور ایسے واقعات عام طور پر گھروں میں ہوتے ہیں اور اُن زہروں سے بچوں کو خطرہ زیادہ لاحق ہوتا ہے۔ البتہ یہ زہر عام طور پر بچوں کیلئے زیادہ مہلک ثابت نہیں ہوتی ہیں۔ بوڑھے لوگوں کو بھی اتفاقیہ زہریلے اثرات ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔

دانستہ زہر (Intentional Poisoning)

بعض اوقات زہر دانستہ بھی استعمال کی جاسکتی ہیں۔ مثال کے طور پر کوئی مریض تجویز کردہ نسخہ کردہ نسخہ کی ادویات جیسے اینٹی ڈپریشن ادویات، یا پیراسٹیامول تجویز کردہ مقدارِ خوراک سے زیادہ لینے سے اپنے آپ کو زہر دینے کی کوشش کرسکتا ہے۔ کوئی شخص زہریلی دوائی جان بوجھ کر کسی کو نقصان پہنچانے کیلئے دانستہ طور پر استعمال کرسکتا ہے۔

زہر کی وجوہات (Causes of Poisoning)

اگر گھریلو اشیاء کو مناسب طریقے سے سٹور نہ کیا جائے تو ان میں سے بہت سی اشیاء نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہیں۔ 5 سال سے کم عمر بچوں کو اتفاقیہ زہروں سے سب سے زیادہ خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ کیونکہ ایسے بچے اتفاقیہ طور پر گھر میں پڑی ہوئی ادویات استعمال کرسکتے ہیں، جو کہ زہریلے اثرات کا سبب بن سکتی ہیں۔ بہت سی اشیاء دکھانے سے، سونگھنے سے یا جلد اور آنکھوں پر لگنے سے زہریلی اثرات پیدا کرسکتی ہیں۔

تجویز کردہ نسخہ کی ادویات (Prescription Drugs and Medicines)

کیلامین لوشن، پیٹرولیم جیلی، پرائم روز آئل، فولک ایسڈ اور مانع حمل ادویات، سٹیرائیڈ کریم، زنک آکسائیڈ کریم اور لوشن اور متبادل ہارمون ادویات۔

گھریلو اشیاء (Household Products)

Scanned by CamScanner

کاسمیٹکس (Cosmetics)

بے بی آئل، شیمپو، بالوں کا کنڈیشنر، بالوں کا کلر، نمی پیدا کرنے والی کریم یا لوشن، لپ سٹک، آئی شیڈ۔

زرعی کیڑے مار ادویات اور کیمیکلز (Agriculture insecticides and Chemicals)

جڑی بوٹیاں کش ادویات، چیونٹی کش ادویات، چوہے مارنے والی ادویات، پینٹ کو رقیق کرنے والے کیمیکل، نیلا تھوتھا، آرگینو فاسفورس کمپاؤنڈ اور تیزاب جیسے گندھک کا تیزاب۔

حشرات الارض اور سانپ (Insects and Snakes)

جب شہد کی مکھی، بھڑ اور سرخ بھڑ ڈنگ مارتے ہیں تو زہر جسم کے اندر داخل ہو جاتا ہے، جس کی وجہ سے متاثرہ جگہ پر درد ہوتا ہے، سوجن ہو جاتی ہے اور خارش ہوتی ہے۔ سانپ کے ڈسنے سے زہر جسم میں داخل ہو جاتا ہے۔ اس زہر سے مریض بیزاری محسوس کرتا ہے۔ دست شروع ہو جاتے ہیں، جریان خون ہوتا ہے، غنودگی طاری ہوتی ہے اور مریض بے ہوش ہو جاتا ہے۔ ان علامات کا انحصار ڈسنے والے سانپ کی قسم پر ہوتا ہے۔

خوراک (Food)

اگر خوراک میں نقصان دہ بیکٹیریا شامل ہو جائیں تو بعض اوقات یہ خوراک بھی زہریلے اثرات پیدا کرتی ہے۔ یہ اس وقت ہوتا ہے، جب خوراک باسی ہو یا اس کو پھپھوندی لگ جائے یا پھر کچے اور پکے گوشت کو آپس میں ملایا جائے یا گوشت کو صحیح طریقے سے صاف نہ کیا جائے یا پھر اسے مناسب طریقے سے بنایا نہ جائے۔

کاربن مونو آکسائیڈ (Carbon Monoxide)

یہ ایک زہریلی گیس ہے، جس کی کوئی بو نہیں ہوتی ہے اور یہ گیس لکڑی، پٹرول جیسے ایندھن کے نامکمل جلنے کے باعث بنتی ہے۔ اس قسم کے ایندھن گھریلو استعمال کے ہیٹر، ککر اور آگ جلانے کیلئے عام استعمال ہوتے ہیں۔ استعمال کی ان چیزوں کو مناسب دیکھ بھال نہ کی جائے تو کاربن مونو آکسائیڈ گیس لیک ہوتی رہتی ہے۔ جس کا احساس بھی نہیں ہوتا لیکن یہ خطرناک نتائج کا باعث بن سکتی ہے، اور بعض اوقات موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔

زہر کی علامات (Symptoms of Poisoning)

مختلف زہریں جسم پر مختلف طریقوں سے اثر انداز ہوتی ہیں۔ ان کے اثرات جلدی ظاہر ہو سکتے ہیں، یا پھر کچھ دیر بعد ظاہر ہوتے ہیں۔ کاربن مونو آکسائیڈ جیسی زہر جسم کی آکسیجن لے جانے کی صلاحیت پر اثر انداز ہوتی ہے، جبکہ بلیچ جیسے زہر نظامِ انہضام کو جھلسا دیتے ہیں، اور خراش پیدا کرتے ہیں۔ زہر کی نوعیت کی بنیاد پر علامات مختلف ہو سکتی ہیں۔ تاہم اگر ایک شخص اچانک بیمار ہو جائے اور اس کے پاس زہریلا مواد پڑا ہو تو زہر کی تشخیص کرنی چاہئے۔ زہریلی علامات درج ذیل ہو سکتی ہیں۔

- پیٹ میں درد، متلی، الٹی، دست
- چکر آنا، کمزور محسوس کرنا، غنودگی طاری ہونا
- بخار ہونا
- سردی لگنا یا کپکپی محسوس ہونا

Scanned by CamScanner

- سر درد یا چڑ چڑا پن
- جلد پر دانے نکل آنا
- نظر دھندلا جانا یا ایک چیز کی دو نظر آنا
- دورے پڑنا
- نگلنے میں دشواری محسوس کرنا یا لعاب دہن معمول سے زیادہ بننا
- منہ یا ناک کے اردگرد برن ہو جانا
- پٹھوں کا کھچاؤ
- حواس باختہ ہونا یا بے ہوش ہو جانا



COMMON SYMPTOMS OF FOOD POISONING

گھر میں زہریلے اثرات سے بچاؤ (Preventing Poisoning at Home)

درج ذیل اقدامات سے اتفاقیہ زہر کے امکانات کو کم کیا جا سکتا ہے۔ ڈسپنسر کو چاہئے کہ وہ لوگوں کو یہ ہدایات سمجھائے۔

- تمام ادویات، وٹامنز اور زہریلی اشیا کو بند بکس میں رکھیں ان کو تالا لگائیں اور بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔ گھر میں موجود نہ صرف ادویات کا خاص خیال رکھیں بلک بلیچ، پالش، پینٹ کو رقیق کرنے والے مادے، سپرٹ اور کلینز جیسی چیزوں کا بھی خاص خیال رکھیں۔
- خطرناک (زہریلی) اشیاء کو روزمرہ استعمال کے برتنوں جیسے دودھ کی بوتل یا مشروبات والے گلاسوں میں نہ رکھیں۔ بچہ غلطی سے کھانے یا

Scanned by CamScanner

پینے کی چیز سمجھ کر استعمال کر سکتا ہے۔ باغیچہ کو زہریلی جڑی بوٹیوں سے صاف کر دیں۔

- کاربن مونو آکسائیڈ کے زہریلے خطرات کو کم کرنے کیلئے بوائلر اور گیس والی اشیاء کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ سونے والے کمروں میں ہوا کی آمدورفت کا معقول بندوبست ہو۔
- سونے سے پہلے گیس یا کوئلے کے ہیٹر بند کر دیں۔
- ہوا کی آمدورفت کو مت روکیں۔ چمنیاں کھلی رکھیں اور ہوا کے مناسب آمدورفت کے بغیر کمرے کے اندر انگیٹھیاں نہ جلائیں۔

ڈسپنسر کو ایسے مریض کیلئے کیا کرنا چاہئے جو زہریلے اثرات سے ہسپتال لایا گیا ہو؟

What Should a dispenser do in case a patient with suspected poisoning is brought at the health facility?

صحیح فرسٹ ایڈ کی فراہمی سے مریض کی مکمل صحت یابی کے امکانات بہت بہتر ہو جاتے ہیں۔ ABC کو یاد رکھیں۔ (ائیر وے، بریتھنگ اور سرکولیشن اور CPR (کارڈیو پلمونری بحالی) یہ اقدامات فوری طور پر کرنے چاہیں)۔ اور پھر مریض کو ڈاکٹر کے پاس ریفر کر دینا چاہئے یا ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہئے۔

نیلا تھوتھا کے اثرات (Copper Sulphate Poisoning)

نیلا تھوتھا پھپھوندی اور جڑی بوٹیوں کو ہلاک کرتا ہے اور یہ ایک کمرشل کیمیکل بھی ہے۔ ان ہائیڈرس (بے آب) حالت میں یہ سفید ہوتا ہے۔ جبکہ پینٹا ہائیڈریٹ کی شکل میں یہ نیلا ہوتا ہے۔

زہریلے اثرات (Toxicity)

نیلا تھوتھا ایک طاقتور تکسیدی عامل ہے اور میوکس ممبرین میں خراش کا باعث بنتا ہے۔ مقدارِ خوراک کا تعین کرنا مشکل ہوتا ہے۔ بالغ کیلئے مہلک مقدارِ خوراک تقریباً 10 گرام ہو سکتی ہے۔ نیلا تھوتھا کی کرانک انہلیشن سے پھیپھڑے اور جگر متاثر ہوتے ہیں۔ کرانک انہلیشن کے امکانات ان کیڑے مار ادویات سپرے کرنے والوں میں زیادہ ہوتے ہیں، جن میں نیلا تھوتھا شامل ہوتا ہے۔ نیلا تھوتھا جلد سے بھی جذب ہو کر زہریلے اثرات مرتب کر سکتا ہے۔

نمایاں خصوصیات (Features)

جلد پر اثرات (Dermal)

جلد پر خراش پیدا کرتا ہے، زخمی جلد پر بار بار لگانے سے نیلا تھوتھا سے سسٹیمک اثرات ظاہر ہو سکتے ہیں۔ متاثرہ جلد کی سوزش بھی ہو سکتی ہے۔

آنکھوں پر اثرات (Ocular)

آنکھوں میں خراش پیدا کرتا ہے۔ کارنیا خستہ حال ہو سکتا ہے، اگر نیلا تھوتھا کی فلمیں آنکھ میں رہ جائیں تو کارنیا غیر شفاف بھی ہو سکتا ہے۔

نگلنے سے پیدا ہونے والے اثرات (Ingestion)

بہت تھوڑی مقدار (ملی گرام) متلی اور اُلٹی کا باعث بن سکتی ہے۔ درمیانی مقدار میں نگلنے سے متلی ہوتی ہے۔ اُلٹیاں آتی ہیں، پیٹ میں درد

Scanned by CamScanner

شروع ہوجاتا ہے اور اسہال شروع ہوجاتے ہیں۔ دھات جیسا ذائقہ محسوس ہوتا ہے۔ یہ علامات کچھ ہی منٹوں میں شروع ہوجاتی ہیں۔ اُلٹی اور پاخانہ کا رنگ نیلا یا سبز ہوتا ہے۔ نظام انہضام کی شدید خراش سے خون کی اُلٹیاں بھی آسکتی ہیں' پاخانہ میں خون بھی آسکتا ہے اور مریض کو ہائپوولیمک شاک (Hypovolemic Shock) ہوجاتا ہے۔

شدید زہریلے اثرات سے گردے فیل ہوجاتے ہیں۔ خون کی نالیوں میں خون کی توڑ پھوڑ شروع ہوجاتی ہے۔ (عام طور پر زہر نگلنے کے 24-48 گھنٹے بعد) اور جگر کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔ پٹھے کمزور ہوجاتے ہیں۔ دل کی دھڑکن بے قاعدہ ہوجاتی ہے دورے پڑتے ہیں اور مریض پر قوما طاری ہوجاتا ہے۔ ایسے بیہوش مریضوں میں معدہ کے مواد کا پھیپھڑوں میں جانے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔

بذریعہ سانس پیدا ہونے والے اثرات/انہیلیشن (Inhalation)

یہ صرف ان پیشہ ور لوگوں میں ہوتے ہیں' جو ایسی ادویات کا سپرے کرتے ہیں جس میں نیلا تھوتھا ہوتا ہے۔ یہ سپرے عام طور پر پھپھوندی کو مارنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ سے ایک خاص بیماری ہوتی ہے۔ جسے وائن یارڈ سپیئرز لنگ (Vineyard Sprayer's Lung) کہتے ہیں۔ اس بیماری میں سانس کی تنگی محسوس ہوتی ہے۔ کھانسی آتی ہے' پٹھوں میں درد ہوتا ہے۔ سستی محسوس ہوتی ہے' پھیپھڑوں کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے اور جگر بھی خراب ہوجاتا ہے۔

علاج (Treatment)

جلد کا علاج (Dermal)

- جلد کو نیم گرم پانی سے دھوئیں۔
- زخم والی جگہ پر اگر نیلا تھوتھا بار بار لگایا گیا ہو تو نیلے تھوتھے کے جسم سے اخراج کے بارے میں غور کریں۔
- اگر نیلے تھوتھے کی وجہ سے جلد سوج گئی ہو نیلے تھوتھے کا استعمال ترک کردیں' نیلے تھوتھا کے دوسرے زہریلے اثرات کی صورت میں ڈاکٹر سے رابطہ کریں یا مریض کو ہسپتال ریفر کردیں جہاں ڈاکٹر اس کا مناسب علاج کرسکے۔

گندھک کے تیزاب کے اثرات (Sulphuric acid poisoning)

گندھک کا تیزاب ایک تیز کیمیکل ہے جو جسم کو جھلسا دیتا ہے اور اس سے شدید برن ہوجاتا ہے اور ٹشوز کو نقصان پہنچتا ہے۔

کہاں پایا جاتا ہے (Where Found)

یہ کار کی بیٹریوں میں بیٹری کے تیزاب کے طور پر' بعض ڈیٹرجنٹس' بعض کھادوں اور بیت الخلاء کی صفائی کے لیے استعمال ہونے والے کلینز میں پایا جاتا ہے۔

علامات (Symptoms)

یہ تیزاب جہاں لگتا ہے وہاں شدید درد ہوتا ہے۔ نگلنے سے درج ذیل علامات ظاہر ہوسکتی ہیں۔

- گلے کی سوزش کی وجہ سے سانس میں تنگی
- منہ اور گلے کا جل جانا
- رال ٹپکنا
- بخار ہوجانا

- ❑ تھوڑی ہی دیر میں بلڈ پریشر کم ہو جانا
- ❑ جھلنے کی وجہ سے منہ اور گلے میں شدید درد
- ❑ بولنے میں دشواری
- ❑ خون کی اُلٹی
- ❑ بینائی ضائع ہونا

بذریعہ سانس زہر کی درج ذیل علامات ہو سکتی ہیں۔

- ❑ سانس کی تنگی
- ❑ سانس لینے میں دشواری
- ❑ جسمانی کمزوری
- ❑ چھاتی میں درد (گھٹن)
- ❑ گلے میں گھٹن
- ❑ کھانسی آنا
- ❑ کھانسی کے ساتھ خون آنا
- ❑ چکر آنا
- ❑ بلڈ پریشر کم ہونا
- ❑ نبض کی رفتار کم ہو جانا
- ❑ جلد ہونٹ اور ہاتھوں کے ناخن نیلے ہو جاتے ہیں۔

علاج (Treatment)

مریض کو اُلٹی نہ کروائیں۔ نیز وکسٹیرک ٹیوب ہرگز نہ ڈالیں' ابتدائی دیکھ بھال کریں اور مریض کو ڈاکٹر کے پاس ریفر کر دیں یا ڈاکٹر سے رابطہ قائم کریں۔ اگر گندھک کا تیزاب جلد یا آنکھوں میں لگا ہو تو کم از کم پندرہ منٹ کیلئے پانی کی وافر مقدار سے دھوئیں۔ اگر گندھک کا تیزاب پی لیا ہو تو مریض کو فوری طور پر پانی یا دودھ پلائیں۔ اگر مریض اُلٹی کر رہا ہو یا غنودگی طاری ہو رہی ہو تو ایسی حالت میں مریض کو پانی یا دودھ نہ پلائیں۔

اگر زہر کا اثر بذریعہ سانس ہو تو مریض کو فوراً اُس جگہ سے ہٹائیں اور اسے تازہ ہوا میں لے جائیں۔

حشرات الارض کا ڈنگ مارنا (Insect Stings)

حشرات الارض اپنے ڈنگ کے ذریعے زہر جسم میں داخل کرتے ہیں' جس کی وجہ سے متاثرہ جگہ سرخ ہو جاتی ہے' اور درد ہوتا ہے' ایکوٹ الرجی اور حساسیت زیادہ ہونے سے شدید ردعمل اور بے ہوشی بھی ہو سکتی ہے۔ ایسی حالتوں میں فوری طور پر طبی امداد حاصل کرنی چاہئے۔

جلد پر ڈنگ مارنے کا علاج (Treatment for stings in the skin)

بعض اوقات حشرات الارض ڈنگ کے ساتھ زہریلی تھیلی بھی جلد ہی میں چھوڑ جاتے ہیں۔ اس کیلئے فورسپس (چمٹی) کی مدد سے ڈنگ اور زہریلی تھیلی کو فوری طور پر نکال دینا چاہئے۔ ڈنگ اور زہریلی تھیلی کو نکالنے کیلئے فورسپس کو جلد کے بالکل قریب لگانا چاہئے تاکہ جلد میں زہر مزید داخل نہ ہو سکے زخم پر جراثیم سے پاک پٹی کر دیں۔

منہ میں ڈنگ کا علاج (Treatment of stings in the mouth)

منہ میں ڈنگ کی وجہ سے سوزش ہو جاتی ہے' جس سے نگلنے میں دشواری ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں مریض کو برف کے ٹکڑے چوسنے کو دیں اور مریض کو ڈاکٹر کے پاس ریفر کر دیں۔ اگر مریض بیہوش ہو جائے تو مریض کے ائروے اور بریتھنگ کو یقینی بنائیں اور اگر جریان خون ہو تو اس کی

Scanned by CamScanner

THE PHARMACY ACT

X1 OF 1967

اردو ترجمہ فارمیسی ایکٹ 1967ء

(ترمیم شدہ 1973ء)

یہ قانون ملک میں فارمیسی کے تمام عمل کو قانون کی حدود میں لانے اور فارمیسی کونسلز کی تشکیل کیلئے بنا۔

PREAMBLE

(دیباچہ)

جبکہ یہ مناسب ہے کہ فارمیسی کونسلز کی تشکیل کی جائے تا کہ فارمیسی کی پریکٹس۔اس سے منسلک معاملات اور اتفاقیMatters کو قانون کے دائرے میں لایا جائے۔

جبکہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 131 کلاز (2) قومی مفاد کی غرض سے قومی سطح پر یکسانیت حاصل کرنے کی غرض سے قانون سازی کی جائے۔

چنانچہ مندرجہ ذیل قانون بنایا گیا۔

سیکشن (1)

(1) SHORT TITLE, EXTENT AND COMMENCEMENT

مختصر عنوان - دائرہ اور آغاز:

1- اس قانون کو فارمیسی ایکٹ 1967ء کہا جائے گا۔

2- اکا دائرہ کار پورے پاکستان پر محیط ہے۔

3- یہ فوری طور پر نافذ العمل ہے۔

Scanned by CamScanner

خالی جگہ پر کریں:

☆- صحت سے متعلق وہ علم جس کا تعلق دوائی کی تیاری اور تقسیم سے ہے، علم الادویہ کہلاتا ہے۔

☆- علم دواسازی کو چار بڑے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

☆- ملک بھر میں تقریباً ایک ہزار دواساز ادارے کام کر رہے ہیں۔

☆- پنجاب فارمیسی کونسل کے تحت رجسٹرڈ درجہ اول افراد کی تعداد 5000 ہے۔

☆- دواسازی کیلئے باقاعدہ ڈرگ ایکٹ موجود ہے جو ڈرگ ایکٹ 1976ء کہلاتا ہے۔

☆- ہسپتال میں ہر پچاس بستروں پر ایک فارماسسٹ کا ہونا ضروری ہے۔

☆- عوامی سطح پر علم ادویات کی آگاہی کی خدمت سرانجام دینا کمیونٹی فارمیسی کہلاتا ہے۔

☆- موجودہ ڈرگ سیل رول 2007ء ہے۔

☆- موجودہ ڈرگ سیل رول کے تحت لائسنس دو طرح کے ہوتے ہیں۔

☆- میڈیکل سٹور پر نیلا بورڈ لگا ہوتا ہے۔

☆- میڈیکل سٹور پر Schedule G کی ادویات فروخت نہیں کی جاسکتیں۔

☆- رٹیل فارمیسی پر کام کرنے والے کو رٹیل فارماسسٹ کہتے ہیں۔

☆- OTC ادویات سے مراد "Over the Counter" ہے۔

☆- ادویات کی تیاری سے لے کر مریض کو فراہمی تک ادویات کے متعلق علم کو فورنزک فارمیسی کہتے ہیں۔

☆- وہ ادارہ جس میں دواساز اپنی پیشہ ورانہ خدمات انجام دیتا ہے کیمسٹ کی دکان کہلاتی ہے۔

☆- اصولی طور پر دواسازی کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

☆- عام کمرے کا درجہ حرارت 25 °C ڈگری سینٹی گریڈ ہوتا ہے۔

☆- ادویات کو محفوظ رکھنے والے فریج کا درجہ حرارت صفر سینٹی گریڈ سے کم ہونا چاہئے۔

☆- نسخہ جات کو محفوظ کرنے کے چار طریقے ہوتے ہیں۔

☆- زہریلی ادویات کے ڈبوں پر جلی حروف میں سرخ رنگ سے زہر لکھا ہوتا ہے۔

☆- وہ ادویات جو پہلے ایکسپائر ہو رہی ہوں، انہیں شیلف پر آگے رکھا جاتا ہے۔

☆- ایکسپائر ادویات کی واپسی کیلئے تین سے چھ ماہ پہلے کمپنی کو آگاہ کرنا ہوتا ہے۔

☆- وارنٹی اس چیز کی ضمانت ہوتی ہے کہ دوائی قانون اور معیار کے عین مطابق ہے۔

☆- درجہ حرارت کی پیمائش کیلئے عام طور پر تین طرح کے پیمانے استعمال ہوتے ہیں۔

☆- فارن ہائیٹ سکیل میں برف والا درجہ حرارت 32 درجے فارن ہائیٹ ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

☆- سینٹی گریڈ پیمانے پر نقطہ پگھلاؤ اور نقطہ کھلاؤ کے درمیانی فاصلہ کو 100 برابر حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

☆- فارن ہائٹ سکیل پر نقطہ پگھلاؤ اور نقطہ کھلاؤ کے درمیانی فاصلہ کو 180 برابر حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

☆- آلہ تقطیر تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

☆- عمل تقطیر کے مزید پانچ مختلف طریقے ہیں۔

☆- ریفریجریٹر کے تین حصے ہوتے ہیں۔

☆- ریفریجریٹر کا وہ حصہ جس میں کمپریسر سے آنے والی گرم ہوا ٹھنڈی ہوتی ہے' کنڈنسر کہلاتا ہے۔

☆- کاربن ڈائی آکسائیڈ کا اہم ٹمپریچر 31 ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔

☆- صفر ڈگری فارن ہائٹ پر امونیا کی حرارت مخفیہ 539 برطانوی تھرمل یونٹ ہے۔

☆- کاربن ڈائی آکسائیڈ کی حرارت مخفیہ 118 برطانوی تھرمل یونٹ ہے۔

☆- نمک دار پانی کا محلول برائن کہلاتا ہے۔

☆- وہ مائع جو قلمیں حاصل کرنے کے بعد بچ جاتا ہے Mother Liquor کہلاتا ہے۔

☆- الکوحل انزائم کے اثر کو روکتا ہے۔

☆- وہ اشیاء جو پانی میں حل نہیں ہوتیں گلیسرین ان کیلئے بہترین محلل ہے۔

☆- پانی کسی اور مائع کے مقابلے میں وسیع تر حل پذیری کا حامل ہے۔

☆- الکلی نما تیل اور چکنائی کو حل کرنے کیلئے ایتھر ایک بہترین محلل ہے۔

☆- وہ قوت جو منحل کو نفوذ پر مجبور کرتی ہے۔ نفوذی دباؤ کہلاتی ہے۔

☆- ایک مولر محلول کا نفوذی دباؤ صفر درجہ پر نظریاتی اعتبار سے فضائی دباؤ 22.4 ہوتا ہے۔

☆- وہ اجزاء یا ذرات جو آبی محلول میں بجلی کو گزار دیں برق پاشے کہلاتے ہیں۔

☆- مثبت چارج والا منفی برق پارہ Cation کہلاتا ہے۔

☆- منفی چارج والا منفی برق پارہ Anion کہلاتا ہے۔

☆- مصفا پانی کی PH عام طور پر 4.5 سے 6 تک کہلاتی ہے۔

☆- بسمتھ سوڈیم نائٹریٹ کے انجکشن کی 2.5PH سے 3 تک رکھی جاتی ہے۔

☆- انسولین اپنی قوت کو برقرار رکھتی ہے اگر محلول کی 3PH سے 4 کے درمیان ہو۔

☆- انسانی خون کا PH غیر معمولی طور پر مستقل 7.35 سے 7.5 پر برقرار رہتا ہے۔

☆- ماں کے دودھ کا PH 7 سے 8.5 تک ہوتا ہے۔

☆- وہ نظام جو منتشر سطح اور منتشر واسطہ پر مبنی ہو انتشار کہلاتا ہے۔

☆- کولائیڈل محلول کے لئے عام طور پر ایک اصطلاح سول استعمال ہوتی ہے۔

Scanned by CamScanner

☆- LYOPHILIC اشیاء کے کولائیڈل محلول زیادہ گاڑھے ہوتے ہیں۔

☆- کولائیڈل ذرات برقی چارج کے حامل ہوتے ہیں۔

☆- دواسازوں کیلئے سب سے مفید فلٹر کاغذ کے فلٹر ہوتے ہیں۔

☆- جب شدید عامل کیمیائی محلول مثلاً قوی تیزاب یا السی نتھارنے ہوں تو استعمال ہونے والے فلٹر شیشے کے فلٹر کہلاتے ہیں۔

☆- وہ سفوف جس کے سارے ذرات چھلنی نمبر 10 سے گزر جائیں اور چھلنی نمبر 44 سے 40 فیصد سے زیادہ نہ گزریں، موٹا سفوف کہلاتا ہے۔

☆- شیرہ کی عام طور پر دو اقسام ہوتی ہیں۔

☆- شیرہ کی قسم کا تعین چار مختلف طریقوں سے کیا جاتا ہے۔

☆- اکیشا کے بنے ہوئے شیرے 2 سے PH11 تک مستحکم رہتے ہیں۔

☆- ٹریگا کینتھ کے بنے ہوئے شیرے PH1.9 پر مستحکم رہتے ہیں۔

☆- ایسے جاندار جو صرف خوردبین کی مدد سے دیکھے جاسکتے ہیں، انہیں مائیکروآرگنائزم کہتے ہیں۔

☆- سائنس کی وہ شاخ جس میں خوردبینی حیات کا مطالعہ کیا جاتا ہے، مائیکروبیالوجی کہلاتی ہے۔

☆- مائیکروبیالوجی کو مزید تقریباً 10 شاخوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

☆- سائنسی طریقہ کار میں جانداروں کو نام دینے کا عمل نومن کلچر کہلاتا ہے۔

☆- سائنسی طریقہ کار کے مطابق چیزوں کو نام دینے میں پہلا لفظ Genus کو ظاہر کرتا ہے

☆- سائنسی طریقہ کار کے مطابق چیزوں کو نام دینے میں دوسرا لفظ Species کو ظاہر کرتا ہے۔

☆- انسان کا سائنسی نام Homo Sapines ہے۔

☆- مینڈک کا سائنسی نام Rana-Tigrena ہے۔

☆- سرسوں کے پودے کا سائنسی نام Bracica Compestris ہے۔

☆- دو اور دو سے زیادہ Species کے گروپ کو Genus کہتے ہیں۔

☆- مائیکروآرگنزم کو صرف Electron Microscope کی مدد سے دیکھا جاسکتا ہے۔

☆- گرام پوزیٹو بیکٹیریا کرسٹل وائلٹ آیوڈین کو جذب کر لیتے ہیں۔

☆- گرام نیگیٹو بیکٹیریا کرسٹل وائلٹ آیوڈین کو جذب نہیں کر سکتے۔

☆- گرام پازیٹو بیکٹیریا یا مائیکروسکوپ کے نیچے دیکھنے پر نیلے رنگ میں نظر آتے ہیں۔

☆- گرام نیگیٹو بیکٹیریا یا مائیکروسکوپ کے نیچے دیکھنے پر سرخ رنگ میں نظر آتے ہیں۔

☆- بیکٹیریا سے آلودہ مادے کی باریک تہہ جسے گلاس سلائیڈ پر بنایا گیا ہو Smear کہلاتی ہے۔

☆- بیکٹیریا سے آلودہ مادے کی باریک تہہ جسے گلاس سلائیڈ پر بنایا گیا ہو Smear کہلاتی ہے۔

Scanned by CamScanner

☆- وائرس کو جاندار اور بے جان کے بارڈر پر رکھا جاتا ہے۔
☆- بہت سی ادویات مثلاً سیفلوسپورین اور پنسلین فنجائی کی مدد سے بنائی جاتی ہیں۔
☆- ویکسین نیم مردہ اور کمزور جراثیم سے تیار کی ہوتی ہے۔
☆- ویکسین جسم میں قوت مدافعت پیدا کرتی ہے۔
☆- زندہ اشیاء میں پائے جانے والے مرکبات دو طرح کے ہوتے ہیں۔
☆- ایسے مرکبات جن میں کاربن عنصر لازمی طور پر موجود ہوتا ہے' نامیاتی مرکبات کہلاتے ہیں۔
☆- ایسے مرکبات جن میں کاربن عنصر لازمی طور پر موجود نہیں ہوتا غیر نامیاتی مرکبات کہلاتے ہیں۔
☆- جاندار اشیاء میں ہونے والی کیمیائی تبدیلیوں اور توڑ پھوڑ والے عوامل کو مجموعی طور پر میٹابولزم کہتے ہیں۔
☆- کاربوہائیڈریٹس قدرتی طور پر پائے جانے والے نامیات مرکبات کا سب سے بڑا گروپ ہے۔
☆- کاربوہائیڈریٹس کاربن' آکسیجن اور ہائیڈروجن سے مل کر بنتے ہیں۔
☆- کاربوہائیڈریٹس کو تین گروپس میں تقسیم کیا جاتا ہے۔
☆- کاربوہائیڈریٹس کو Saccharides بھی کہتے ہیں۔
☆- Mono-Saccharides کہلاتے ہیں۔
☆- ایسے کاربوہائیڈریٹس جو دو یا دو سے زیادہ مونوسیکرائیڈ میں تقسیم ہو جاتے ہیں' Dligo Saccharides کہلاتے ہیں۔
☆- وہ کاربوہائیڈریٹس جو دس یا دس سے زیادہ مونوسیکرائیڈ سے مل کر بنتے ہیں Poly Saccharides کہلاتے ہیں۔
☆- Lipids کاغذ اور جلد پر Oily نشان چھوڑ دیتے ہیں۔
☆- جانداروں میں پائے جانے والی پروٹین 20 مختلف قسم کے امینو ایسڈ سے مل کر بنتے ہیں۔
☆- تمام انزائم پروٹین سے مل کر بنتے ہیں۔
☆- انزائم مختلف ادویات کو جسم سے باہر نکالنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔
☆- ایسے امائنو ایسڈ جو جسم میں نہیں بنتے' مگر ہماری غذا میں لازمی ہونے چاہئیں Essential امائنو ایسڈ کہلاتے ہیں۔
☆- نیوکلیک ایسڈ کی دو اقسام ہوتی ہیں۔
☆- ایسے عناصر جو بہت کم مقدار میں بھی کیمیکل ریکشن کو بڑھا دیتے ہیں کیٹالسٹ کہلاتے ہیں۔
☆- ایسے مرکبات جن پر کیٹالسٹ کام کرتے ہیں Substrate کہلاتے ہیں۔
☆- Substrate کی مقدار بڑھانے سے ریکشن ریٹ بڑھ جاتا ہے۔
☆- درجہ حرارت بڑھانے سے ریکشن بڑھ جاتا ہے۔
☆- بہت سارے انزائم کو اپنی Activity برقرار رکھنے کیلئے Metal Lon کی ضرورت ہوتی ہے۔
☆- ہر انزائم کو دو نام دیئے جاتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

☆- ہارمونز اور گلینڈز کے سائنسی مطالعے کو اینڈوکرائنالوجی کہتے ہیں۔
☆- ایک خاص قسم کا خلیہ جو ہارمون پیدا کرتا ہے گلینڈ کہلاتا ہے۔
☆- ٹیسٹوسٹیرون کو اینڈروجن بھی کہتے ہیں۔
☆- انسولین فیٹی ایسڈ کی پیداوار کو بڑھاتی ہے۔
☆- خلیے کا 50 فیصد وزن کاربوہائیڈریٹس کی وجہ سے ہوتا ہے۔
☆- مونوسیکرائیڈ، اولیگوسیکرائیڈ سے میٹھے ہوتے ہیں۔
☆- Saturated Fatty Acids ٹھوس حالت میں پائے جاتے ہیں۔
☆- Un-Saturated Fatty Acids عام طور پر مائع حالت میں پائے جاتے ہیں۔
☆- Neutral محلول کا Ph 7 ہوتا ہے۔
☆- Ph سکیل پر 0-14 تک نشان ہوتا ہے۔
☆- Ph سکیل پر سات سے کم کے محلول ایسڈک محلول کہلاتے ہیں۔
☆- Ph سکیل پر سات سے زیادہ کے محلول Basic محلول کہلاتے ہیں۔
☆- 37 ڈگری سینٹی گریڈ 98.6 کے برابر ہوتا ہے۔
☆- انسولین منہ کے ذریعے نہیں دی جاسکتی۔

تعریفات

1- علم الادویہ:

''وہ علم جس کے ذریعے قدرتی اور مصنوعی طریقے سے ایسی دوائیاں تیار کی جائیں، جو امراض کی روک تھام، علاج اور تشخیص میں استعمال ہوں، علم الادویہ کہلاتا ہے''۔

2- ہسپتال فارمیسی:

